المسائل المهمة فيما ابتلت به العامة

اہم مسائل

جن میں ابتلائے عام ہے

جلد ہشتم

پسند فرمودہ:

حضرت مولانا غلام محمد صاحب وستانوی

رئیس: جامعہ اسلامیہ اشاعت العلوم اکل کوا نندر بار

تحریک وتحریض:

حضرت مولانا محمد حذیفہ صاحب وستانوی

ناظم تعلیمات ومعتمد جامعہ

تالیف:

مفتی محمد جعفر صاحب ملی رحمانی

صدر دار الافتاء جامعہ اکل کوا

تحقیق وتخریج:

معاون مفتیان کرام دار الافتاء

ناشر:

جامعہ اسلامیہ اشاعت العلوم

اکل کوا، نندربار، مہاراشٹر

تقسیم کار

نام کتاب : المسائل المہمۃ فیما ابتلت بہ العامۃ

مؤلف : حضرت مولانا مفتی محمد جعفر صاحب ملی رحمانی

تحقیق وتخریج : معاون مفتیان کرام دارالافتاء

کمپوزنگ و پروف ریڈنگ: عبدالمتین اشاعتی کانڑگاؤں

طبع اول : ۱۴۳۶ھ ۲۰۱۵ء

صفحات : ۳۸۳

تعداد مسائل : ۲۲۶

قیمت :

باہتمام : ابوحمزہ وستانوی

ناشر : جامعہ اسلامیہ اشاعت العلوم اکل کوا

ملنے کا پتہ

جامعہ اسلامیہ اشاعت العلوم اکل کوا ضلع نندربار مہاراشٹر

Phone & Fax: 02567,252556

E-mail jafarmilly@gmail.com

fatawaakkalkuwa@gmail.com

http://jamiyaakkalkuwa.com/fatawa/

قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی :

﴿فَسْـَٔلُوا أَهْلَ الذِّكْرِ إِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ﴾

(سورة الأنبياء :۷)

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :

’’مَنْ يُرِدِ اللّٰهُ بِهٖ خَيْراً يُفَقِّهْهُ فِيْ الدِّيْنِ‘‘

(صحيح البخاري)

فہرست عناوین

نمبر شمار	فہرست عناوین	صفحہ
۞	**ابتدائیہ**	۞
◉	**كتاب الإيمان والعقائد**	◉

ابتدائیہ

الحمد لله رب العالمين ، والصلوة والسلام على رسوله الكريم ، أما بعد !

فأعوذ بالله من الشيطن الرجيم — ﴿ان الدين عند اللّٰه الاسلام﴾ (آل عمران : ۱۹)

ترجمہ: ''بے شک (معتبر) دین تو اللہ کے نزدیک اسلام ہی ہے۔''

اسلام، پیغمبر اسلام، اور مسلمانوں کے خلاف چوطرفہ زہر افشانی، اسلامی تعلیمات میں شکوک وشبہات پیدا کرنا، مدارسِ اسلامیہ ومقتدیانِ اسلام پر غلط وبے بنیاد الزام تراشی، مسلمانوں کی شبیہ کو بگاڑ کر پیش کرنا، یہ سب اس منظّم ومنصوبہ بند سازش کا حصہ ہے، جس کے ذریعے دشمنانِ اسلام، اقوامِ عالم کو، دین اسلام سے دور رکھنا چاہتے ہیں، اور بزعمِ خود اس طرح وہ اسلام کو آئندہ چند برسوں میں دنیا کا سب سے بڑا مذہب بن کر ابھرنے سے روک پائیں گے۔ لیکن: ؎

ایں خیال است ومحال است وجنوں

کیوں کہ فرمانِ باری تعالیٰ ہے: **﴿يريدون أن يطفئوا نور الله بافواههم ويأبى الله إلا أن يتم نوره ولو كره الكٰفرون﴾** . (سورة التوبة : ۳۲)

ترجمہ: ''یہ لوگ چاہتے ہیں کہ اللہ کے نور کو اپنے منہ کی پھونکوں سے بجھا دیں، حالانکہ اللہ کو اپنے نور کی تکمیل کے سوا ہر بات نا منظور ہے، چاہے کافروں کو یہ بات کتنی بُری لگے۔'' ...... **﴿يريدون ليطفئوا نور الله بافواههم والله متمّ نوره ولو كره الكٰفرون﴾** . (سورة الصف : ۸)

ترجمہ: ''یہ لوگ چاہتے ہیں کہ اپنے منہ سے اللہ کے نور کو بجھا دیں، حالانکہ اللہ اپنے نور کی تکمیل کر کے رہے گا، چاہے کافروں کو یہ بات کتنی بُری لگے۔''

عالمِ اسلام کے مسلمان، بالخصوص ہندوستانی مسلمان جن حالات سے گزر رہے ہیں، ان سے نبرد آزما ہونے کے لیے ان نزدیک سب سے اہم ہتھیار اگر کوئی ہے، تو وہ ہے:

" إلى الإسلام من جديد "

یعنی اسلامی تعلیمات اور اس کے احکام پر از سر نو پوری طرح عمل کرنا شروع کر دیں، اپنے ایمان،

عبادات، معاملات ، معاشرت اور اخلاق کا جائزہ لیں، ان سے متعلق شرعی احکام سے واقف ہوجائیں، اوران کو عملی جامہ پہنائیں، مدارسِ اسلامیہ، خانقاہوں، دعوت وتبلیغ سے اپنے آپ کو مربوط ومنسلک کریں، اور دین وایمان کے اِن قلعوں کو مضبوط ومستحکم کریں، پھر دیکھیں خدائی وعدہ:﴿وانتم الاعلون ان کنتم مؤمنین﴾. [آل عمران :۱۳۹] (''اگر تم واقعی مومن رہو تو تم ہی سر بلند ہوگے۔'') کس طرح پورا ہوتا ہے، اور غم واندوہ ، مصائب ومشکلات، پریشانیوں وبے چینیوں، اختلاف وانتشار کے یہ گھنے بادل اور گھٹا ٹوپ اندھیرے کس طرح چھٹ جاتے ہیں، اور :﴿من عمل صالحا من ذکر أو انثی وھو مؤمن فلنحیینّہ حیوٰۃ طیبۃ﴾ . [النحل :۹۷] (''جس شخص نے بھی مؤمن ہونے کی حالت میں نیک عمل کیا ہوگا، چاہے وہ مرد ہو یا عورت، ہم اُسے پاکیزہ زندگی بسر کرائیں گے۔'') سے سرفراز ہوجاتے ہیں۔......ان ہی جذباتِ کے تحت کہ امت کو دینی مسائل معلوم ہوجائیں، اور وہ اس پر عمل پیرا ہوکر، نعمتِ حیاتِ طیبہ سے مُنَعَّم ہوجائے، جامعہ کے دارالافتاء نے''المسائل المہمۃ فیما ابتلت بہ العامۃ'' کا سلسلہ جاری کر رکھا ہے،اب تک اس کی سات جلدیں منظرِ عام پر آ چکیں، اور یہ آٹھویں جلد، جو دوسو چھبیس (۲۲۶) مسائل پر مشتمل ہے،اسی سلسلۃ الذہب کی ایک کڑی ہے، جو آج آپ کے ہاتھوں میں ہے۔والحمدللہ علی ذلک!

میں مشکور ہوں!......رئیس جامعہ حضرت مولانا غلام محمد صاحب وستانوی دامت برکاتہم کا: اُن کے اِس سلسلے کو بنظرِ استحسان دیکھنے پر،...... ناظم تعلیمات حضرت مولانا حذیفہ زید مجدہٗ کا: اُن کی تحریک وتحریض پر،......اپنے معاون حضرات مفتیانِ کرام (مفتی عبدالمتین، مفتی مجیب الرحمٰن، مفتی افضل زید مجدہم) کا: اُن کی تخریج وتحقیق پر،......اور دیگر مخلصین ومحبین کا: اُن کے بندے کے حق میں خدمت دین کے واسطے صحت وتندرستی کی دعاؤں پر۔......اللہ پاک ہر ایک کو ان کے شایانِ شان اجرِ عظیم وجزیل عطا فرمائے، اوراس حقیر سی خدمت دین کو اپنے ہاں شرفِ قبولیت سے نوازے!

آمین یارب العالمین!

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم......وتب علینا انک انت التواب الرحیم

محمد جعفر ملی رحمانی

۱۷/ رجب المرجب، ۱۴۳۶ھ، مطابق ۷/مئی، ۲۰۱۵ء- بروز جمعرات

کتاب الإیمان والعقائد

ایمان وعقائد سے متعلق مسائل

اُوپر والے کی عنایت ونوازش

مسئلہ(۱): بسا اوقات انسان اپنی گفتگو کے دوران اللہ ربّ العزت کے لیے ’’اُوپر والا‘‘ کے الفاظ استعمال کرتا ہے، مثلاً: کسی خوشی وشادمانی کے حصول پر وہ کہتا ہے: ’’یہ اُوپر والے کی عنایت ونوازش ہے‘‘-تو کبھی مصیبت وآفت کا شکار ہونے اور نعمت کے چھن جانے پر وہ کہتا ہے: ’’اُوپر والا جس حال میں رکھے میں اُس پر راضی ہوں‘‘-واضح ہو کہ ’’اُوپر والے‘‘ سے مراد عموماً مقام ومرتبہ کی بلندی اور قدرت والا ہوتا ہے، اور عرفِ عام میں یہ الفاظ اللہ تعالیٰ ہی کے لیے استعمال ہوتے ہیں، اس لیے محض ان کلمات کا استعمال موجبِ کفر نہیں ہے، بلکہ ان کا استعمال جائز ودرست ہے۔(۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في ’’ القرآن الكريم ‘‘ : ﴿الرّحمٰن على العرش استوٰى﴾ . (سورة طه :۵)

ما في ’’ التفسير المظهري ‘‘ : (ثم استوى على العرش) فقالوا : معنى استوى استولى على العرش الذي هو أعظم المخلوقات ومحدد الجهات ، وذا يستلزم استيلاء ه تعالى على جميع الخلائق . (۳۱۵/۴ ، سورة يونس :۳)

ما في ’’ الفتاوى التاتارخانية ‘‘ : إذا وصف الله بما لا يليق به ، أو سخر باسم من أسماء الله تعالى ، أو بأمر من أوامره أو أنكر وعده أو وعيده يكفر . (۲۳۴/۴ ، كتاب أحكام المرتدين، فصل فيما يقال في ذات الله سبحانه وتعالى وصفاته ، مجمع الأنهر : ۵۰۴/۲ ، كتاب =

اللہ تعالیٰ کا آسمانِ دنیا پر نزول فرمانے کا مطلب

مسئلہ (۲): احادیثِ شریفہ میں وارد ہے کہ آخرِ شب میں اللہ تعالیٰ آسمانِ دنیا پر نزول فرماتے ہیں، اس سے مراد حق تعالیٰ کی رحمت اور اِجابتِ دعا وغیرہ ہے، یہ نہیں کہ خود ذاتِ باری تعالیٰ اُتر آتے ہیں، کیوں کہ اہل سنت والجماعت کا اجماع ہے کہ حق تعالیٰ جہت، زمان ومکان اور جسم وعوارضِ جسم سے مُنَزَّہ وپاک ہے۔[1]

=السير والجهاد ، باب المرتد ، ثم إن ألفاظ الكفر أنواع) (فتاویٰ بنوریہ، رقم الفتویٰ:۱۶۲۶۴)
ما في " شرح عقود رسم المفتي " : والعرف في الشرع له اعتبار . لذا عليه الحكم قد يدار .
(ص/۱۷۵)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " سنن أبي داود " : عن أبي هريرة أن رسول الله ﷺ قال : " ينزل ربنا عز وجل كل ليلة إلى سماء الدنيا حين يبقى ثلث الليل الآخر ، فيقول : من يدعوني فاستجيب له ، من يسألني فأعطيه ، من يستغفرني فأغفر له " . (ص/۱۸۶ ، كتاب الصلاة ، باب أي الليل أفضل، الرقم :۱۳۱۵، قديمي ، مشكوة المصابيح :ص/۱۰۹، كتاب الصلاة ، باب التحريض على قيام الليل ، الرقم :۱۲۲۳ ، قديمي)
ما في " بذل المجهود " : قال القاري : قال ابن حجر : أي ينزل أمره ورحمته أو ملائكته ، وهذا تأويل الإمام مالک وغيره ، ويدل له الحديث الصحيح : " إن الله عزّ وجلّ يمهل حتى يمضي شطر الليل ، ثم يأمر مناديا ينادي فيقول : هل من داع فيستجاب له ؟ " الحديث . والتأويل الثاني : ونسب إلى مالک أيضًا : أنه على سبيل الاستعارة ، ومعناه الإقبال على الداعي بالإجابة واللطف والرحمة وقبول المعذرة كما هو عادة الكرماء لا سيما الملوک إذا نزلوا بقرب محتاجين ملهوفين مستضعفين . فذهب جمهور السلف وبعض المتكلمين الإيمان بحقيقتها على ما يليق به تعالى ، وأن ظاهرها المتعارف في حقنا غير مراد ، ولا نتكلم في تأويلها مع اعتقادنا تنزيه الله سبحانه عن سائر سمات الحدوث . (۵/۵۵۸، ۵۵۹،=

....

....

= كتاب الصلاة ، باب أي الليل أفضل ، تحت الرقم : ١٣١٥)
ما في " مرقاة المفاتيح " : وقال القاضي : المراد بنزوله دنو رحمته ومزيد لطفه على العباد وإجابة دعوتهم ، وقبول معذرتهم ، كما هو ديدن الملوك الكرماء والسادة الرحماء إذا نزلوا بقرب قوم ملهوفين محتاجين مستضعفين . وقد روى يهبط من السماء العليا إلى السماء الدنيا ، أي ينتقل من مقتضى صفات الجلال التي تقتضي الأنفة من الأرذل ، وعدم المبالاة وقهر العداة ، والانتقام من العصاة إلى مقتضى صفات الجمال المقتضية للرأفة والرحمة وقبول المعذور والتلطف بالمحتاج ، واستقراض الحوائج والمساهلة والتخفيف في الأوامر والنواهي والاغضاء عما يبدو من المعاصي ، ولهذا قيل : هذا تجل صوري لا نزول حقيقي فارتفع الاشكال . والله أعلم بالحال .
(٣/ ٢٧١ ، كتاب الصلاة ، باب التحريض على قيام الليل ، تحت الرقم : ١٢٢٣)
ما في " عون المعبود " : وقد اختلف العلماء في قوله " ينزل الله " : فسئل أبو حنيفة فقال : ينزل بلا كيف ، وقال بعضهم : ينزل نزولا يليق بالربوبية بلا كيف من غير أن يكون نزوله مثل نزول الخلق بالتجلي والتملي ، لأنه جل جلاله منزه عن أن تكون صفاته مثل صفات الخلق كما كان منزها عن أن تكون ذاته مثل ذات الغير فمجيئه وإتيانه ونزوله على حسب ما يليق بصفاته من غير تشبيه وكيفية . انتهى .
(ص/ ١٢١ ٦ ، كتاب التطوع ، باب أي الليل أفضل ، تحت الرقم : ١٣١٥)
ما في " شرح الطيبي " : قوله : " ينزل ربنا " قض : لما ثبت بالقواطع العقلية والنقلية أنه تبارك وتعالى منزه عن الجسمة والتحيز والحلول ، امتنع عليه النزول على معنى الانتقال من موضع أعلى إلى ما هو أخفض منه ، بل المعنى به على ذكره أهل الحق دنو رحمته ، ومزيد لطفه على العباد ، وإجابة دعوتهم وقبول معذرتهم . الخ . (٣/ ١٢٥ ، ١٢٦ ، كتاب الصلاة ، باب التحريض على قيام الليل ، الفصل الأول ، تحت الرقم : ١٢٢٣)
(فتاویٰ دار العلوم دیوبند: ۱۰۴/۱۸)

جمعہ کے دن جھاڑو دینا اور صفائی کرنا

مسئلہ (۳): بعض لوگ یہ خیال کرتے ہیں کہ جمعہ کے دن جھاڑو دینا، صفائی کرنا، کپڑے وغیرہ دھونا منع ہے، حالاں کہ جمعہ کے دن جھاڑو دینا، صفائی کرنا، کپڑے وغیرہ دھونا یہ سب اُمور شرعاً جائز اور درست ہیں، بلکہ احادیثِ شریفہ میں اس کی ترغیب آئی ہے، اور فقہاء کرام نے بھی جمعہ کے دن غسل کرنے، خوشبو لگانے، بالوں اور ناخنوں کے کاٹنے اور اچھے کپڑے پہننے کو مسنون قرار دیا ہے۔(۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " صحيح مسلم " : عن أبي هريرة عن النبي ﷺ قال : " حق الله على كل مسلم أن يغتسل في كل سبعة أيام يغسل رأسه وجسده " . (۱/۲۸۰)

وفيه أيضًا : عن عائشة أنها قالت : كان الناس ينتابون الجمعة من منازلهم ومن العوالي ، فيأتون في العباء ويصيبهم الغبار فتخرج منهم الريح فأتى رسول الله ﷺ انسان منهم وهو عندي فقال رسول الله ﷺ : " لو انكم تطهّرتهم ليومكم هذا " . (۱/۲۸۰، كتاب الجمعة ، فصل في استحباب الغسل والسواک وغسل الرأس ومسّ الطيب الخ)

ما في " صحيح البخاري " : عن عبد الله بن عمر أن رسول الله ﷺ قال : إذا جاء أحدكم الجمعة فليغتسل . (۱/۱۲۰ ، كتاب الجمعة ، باب فضل الغسل يوم الجمعة)

وفيه أيضًا : عن أبي سعيد قال : أشهد على رسول الله ﷺ قال : " الغسل واجب على كل محتلم وأن يستنّ وأن يمسّ طيبًا إن وجد " . (۱/۱۲۱، كتاب الجمعة ، باب الطيب للجمعة ، صحيح مسلم : ۱/۲۸۰، فضل في استحباب الغسل والسواک وغسل الرأس ومسّ الطيب الخ)

ما في " رد المحتار " : واستنان الغسل لها والتطيب ولبس الأحسن وتقليم الأظفار وحلق الشعر . (۳/۴۳، كتاب الصلاة ، باب الجمعة ، مطلب ما اختص به يوم الجمعة ، =

رمضان المبارک یا جمعہ کے دن کی موت

مسئلہ (۴): اگر کسی فاسق مسلمان کی موت رمضان المبارک یا جمعہ میں ہوجائے، تو اس کو ہلکا عذاب ہوگا، اس کے بعد قیامت تک عذاب اُٹھالیا جائے گا، اور وہ عذابِ قبر سے محفوظ رہے گا، اور اگر کسی کافر کی موت ان ایام میں ہوجائے، تو اس سے صرف رمضان المبارک اور جمعہ میں عذاب اٹھالیا جائے گا، رمضان وجمعہ گذرنے کے بعد پھر اس پر عذاب ہوگا، اور اگلا رمضان وجمعہ آنے پر پھر اس سے عذاب اٹھالیا جائے گا، اور یہی سلسلہ جاری رہے گا، یہی تمام اہلِ سنت والجماعت کا عقیدہ ہے۔(۱)

=الموسوعة الفقهية :۲۷/۲۱۰، صلاة ، صلاة الجمعة ، آداب صلاة الجمعة ويومها ، أولا ما يسن فعله)

ما في " البحر الرائق " : ويستحب لمن حضر الجمعة أن يدهن ويمس طيبا إن وجده ، ويلبس أحسن ثيابه ويغتسل . (۲/۲۷۴، كتاب الصلاة ، باب صلاة الجمعة)

ما في " الفقه الإسلامي وأدلته " : الاغتسال والتطيب ولبس أحسن الثياب لمن يأتي الجمعة .... ۳/ تنظيف الجسد وتحسين الهيئة قبل الصلاة ، بتقليم الأظفار وقص الشارب ونتف الإبط وحلق العانة ونحو ذلک كإزالة الرائحة الكريهة بالسواک للفم وغيره من مواطن الرائحة في الجسم . (۲/۱۳۲۲- ۱۳۲۴، صلاة الجمعة ، المطلب السابع ؛ سنن الجمعة ومكروهاتها) (فتاویٰ بنوریہ، رقم الفتویٰ: ۱۰۳۲۷)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " جامع الترمذي " : عن عبد الله بن عمرو رضي الله تعالى عنه قال : قال رسول الله ﷺ : " ما من مسلم يموت يوم الجمعة أو ليلة الجمعة إلا وقاه الله فتنة القبر " . قال أبو عيسى : هذا حديث غريب ، وليس إسناده بمتصل . (۱/۲۰۵، أبواب الجنائز ، باب ما =

عید الفطر یا عید الاضحیٰ کے دن زیارتِ قبور

مسئلہ (۵): عید الفطر اور عید الاضحیٰ کا دن مسرت اور خوشی کا دن ہوتا ہے (۱)، بسا اوقات مسرت میں لگ کر آخرت سے غفلت ہو جاتی ہے، اور زیارتِ قبور سے آخرت کی یاد آجاتی ہے، یا کسی کو اِس خوشی کے موقع پر اپنے مرحوم والدین کی یاد آجاتی ہے، اس لیے اگر کوئی شخص عید الفطر اور عید الاضحیٰ کے دن زیارتِ قبور کے لیے جائے، تو یہ جائز اور درست ہے (۲)، بشرطیکہ اِس عمل کو لازم یا مسنون نہ سمجھا جائے، اور نہ اِس کا ایسا التزام ہو، جس سے دوسروں کو شبہ ہو کہ یہ

= جاء في من يموت يوم الجمعة ، مشكوة المصابيح :ص/. ١٢١ ، كتاب الصلاة ، باب الجمعة ، الفصل الثالث ، الرقم :١٣٦٧ ، قديمي)

ما في " مرقاة المفاتيح " : وهذا يدل على أن شرف الزمان له تأثير عظيم كما أن فضل المكان له أثر جسيم ..... فإذا قبض الله عبدا من عبيده فوافق قبضه يوم الجمعة كان ذلك دليلا لسعادته وحسن مآبه ، وأنه لا يقبض في هذا اليوم إلا من كتب له السعادة عنده .

(٣/٤١٥ ، ٤١٦ ، باب الجمعة)

ما في " رد المحتار " : قال أهل السنة والجماعة : عذاب القبر حق ، وسؤال منكر ونكير ، وضغطة القبر حق ، لكن إن كان كافرا فعذابه يدوم إلى يوم القيامة ، ويرفع عنه يوم الجمعة وشهر رمضان ..... والمؤمن المطيع لا يعذب بل له ضغطة يجد هول ذلك وخوفه ، والعاصي يعذب ويضغط ، لكن ينقطع عنه العذاب يوم الجمعة وليلتها ثم لا يعود ، وإن مات يومها أو ليلتها يكون العذاب ساعة واحدة وضغطة القبر ثم يقطع ، كذا في المعتقدات للشيخ أبي المعين النسفي الحنفي من حاشية الحموي ملخصًا .

(٣/٤٤ ، كتاب الصلاة ، باب الجمعة ، مطلب ما اختص به يوم الجمعة)

(احسن الفتاویٰ: ۴/ ۲۰۷، ۲۰۸، فتاویٰ دار العلوم دیو بند، رقم الفتویٰ: ۵۴۴۳۸)=

چیز لازم اور ضروری ہے، نیز اگر کوئی شخص اس دن زیارتِ قبور کے لیے نہ جائے، تو اُس پر طعن یا اس کی ملامت بھی نہ کی جائے، ورنہ یہ عمل بدعت ہوگا۔ (۳)

الحجة على ما قلنا :

=(۱) ما في " صحيح البخاري " : عن عائشة رضي الله عنها قالت : دخل أبو بكر وعندي جاريتان من جواري الأنصار تغنيان ..... وذلک في يوم عيد فقال رسول الله ﷺ : " يا أبا بكر ! إن لكل قوم عيدًا ، وهذا عيدنا " . (۱/ ۱۳۰ ، كتاب العيدين ، باب سنة العيدين لأهل الإسلام ، صحيح مسلم : ۱/ ۲۹۱ ، كتاب العيدين)

ما في " عمدة القاري " : ان يوم العيد يوم انبساط وانشراح يغتفر فيه ما لا يغتفر في غيره .

(۳۸۷/۶ ، كتاب العيدين ، باب الحِراب والدَّرق يوم العيد)

(۲) ما في " مشكوة المصابيح " : عن ابن مسعود أن رسول الله ﷺ قال : " كنتُ نهيتُكم عن زيارة القبور ، فزوروها ، فإنها تُزهد في الدنيا وتذكر الآخرة " . رواه ابن ماجة .

(ص/ ۱۵۴ ، كتاب الجنائز ، باب زيارة القبور ، الفصل الثالث ، الرقم : ۱۷۶۹)

(۳) ما في " مجموعة رسائل اللكنوي " : فكم من مباح يصير بالالتزام من غير لزوم ، والتخصيص من غير مخصص مكروها .

(۴۹۰/۳ ، سباحة الفكر في الجهر بالذكر ، الباب الأول ، الثاني والأربعون)

ما في " مرقاة المفاتيح " : من أصر على أمر مندوب وجعله عزمًا ولم يعمل بالرخصة فقد أصاب منه الشيطان من الاضلال فكيف من أصر على بدعة أو منكر .

(۲۶/۳ ، باب الدعاء في التشهد ، الفصل الأول ، تحت الرقم : ۹۴۶)

(فتاویٰ محمودیہ: ۱۲/ ۵۵۶، میرٹھ، فتاویٰ بنوریہ، رقم الفتویٰ: ۱۶۲۵۶)

آپ ﷺ کے نام کے ساتھ محض ''صلعم'' لکھنا

مسئلہ (۶): آپ ﷺ کے نام مبارک کے ساتھ اُردو یا عربی میں محض ''صلعم'' یا انگریزی میں (.A.S) لکھنا، یا اسی طرح کا کوئی دوسرا مخفف کلمہ لکھنا جو دُرُود کی طرف اشارہ کرے، کنجوسی اور خلافِ ادب ہے، اور اس سے دُرُود شریف کا فائدہ بھی حاصل نہیں ہوتا، اس لیے آپ ﷺ کے نام کے ساتھ پورا دُرُود شریف لکھنے اور پڑھنے کا اہتمام ہونا چاہیے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في '' جامع الترمذي '' : عن علي بن أبي طالب قال : قال رسول الله ﷺ : '' البخيل الذي من ذكرتُ عنده فلم يصل عليّ '' . هذا حديث حسن غريب صحيح .

(۲/۱۹۴، أبواب الدعوات ، الرقم :۳۵۴۶ ، مشكوة المصابيح :ص/۸۷، كتاب الصلاة ، باب الصلاة على النبي ﷺ وفضلها ، الرقم :۹۳۳)

ما في '' كتاب علوم الحديث المعروف بمقدمة ابن الصلاح '' : التاسع ينبغي له أن يحافظ على كتبه الصلاة والتسليم على رسول الله تعالى صلى الله عليه وآله وسلم عند ذكره ولا يسأم من تكرير ذلک عند تكرره ، فإن ذلک من أكبر الفوائد التي يتعجلها طلبة الحديث وكتبته ومن أغفل ذلک حرم حظا عظيما ..... ثم ليجتنب في إثباتها نقيضين : أحدهما : أن يكتبها منقوصة صورة رامزا إليها بحرفين أو نحو ذلک ، والثاني : أن يكتبها منقوصة بأن لا يكتب (وسلم) .... سمعت حمزة الكتاني يقول : كنت أكتب الحديث وكنت أكتب عند ذكر النبي ﷺ ولا أكتب وسلم فرأيت النبي ﷺ في المنام ، فقال لي : ما لک لا تتم الصلاة عليّ ؟ قال : فما كتبت بعد ذلک ﷺ إلا كتبت وسلم ، قلت : ويكره أيضًا الاقتصار على '' قوله عليه السلام '' والله اعلم بالصواب . (ص/۷۶، ۷۷، النوع الخامس والعشرون معرفة كتابة الحديث وكيفية ضبط الكتاب وتقييده ، مطلب بيان أمور ومعارف مهمة رائقة)

(فتاویٰ بنوریہ، رقم الفتویٰ:۱۳۲۱۷)

ماہِ محرم الحرام میں سوگ و ماتم، مرثیہ خوانی وتعزیہ وغیرہ

مسئلہ (۷): ماہِ محرم الحرام میں سوگ و ماتم کرنا، مرثیہ خوانی کی مجلس کرنا اور اس میں شرکت کرنا، اور علم یعنی جھنڈا، وتعزیہ یعنی حضرت امام حسین اور اہلِ بیت رضی اللہ عنہم کی تُربتوں کی نقل- کاغذ اور بانس وغیرہ سے بطورِ یادگار بنانا، اُس پر بَدّھی یعنی ہار اور پھول چڑھانا، تعزیوں پر نذرونیاز دلوانا، تعزیہ کو حاجت رَوا، یعنی ذریعۂ حاجت رَوائی سمجھنا، بَیراگ یعنی فقیر بننا، پَیک یعنی قاصد وہَرکارہ بننا، نیز تعزیوں سے منتیں اور مُرادیں مانگنا وغیرہ، یہ سب خُرافات جو رَوافض کرتے ہیں، قطعاً بدعت، جہالت پر جہالت، حماقت اور ناجائز وحرام ہیں[1]، اور اِن سب بدعات وخرافات کے نہ کرنے کو باعثِ نقصان خیال کرنا زَنانہ وہم ہے، مسلمانوں کو ایسی غلط حرکات سے باز آنا چاہیے[2]، البتہ تمام شہدائے اسلام کے لیے انفرادی طور پر ایصالِ ثواب کرتے رہنا چاہیے۔[3]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " صحيح البخاري " : " من أحدث في أمرنا هذا ما ليس منه فهو رد " .

(ص/۳۷۱، الرقم : ۲۶۹۷ ، كتاب الصلح ، صحيح مسلم : ۲/۷۷ ، كتاب الأقضية ، سنن أبي داود :ص/۶۳۵ ، كتاب السنة ، باب في لزوم السنة ، الرقم :۴۶۰۶ ، مشكوة المصابيح :ص/۲۷ ، باب الاعتصام بالكتاب والسنة)

ما في " بذل المجهود " : سواء كان في العمل أو الاعتقاد فهو مردود .

(۳۳/۱۳ ، تحت الرقم : ۴۶۰۶)

ما في " شرح الطيبي " : قوله ﷺ : " كل بدعة ضلالة " . =

....

=(۱/۲۲۳ ، مشکوٰۃ المصابیح :ص/۳۰ ، باب الاعتصام بالکتاب والسنة ، الفصل الثاني)
ما في " مرقاة المفاتيح " : قال في الأزهار : " كل بدعة سيئة ضلالة " . (۱/۳۳۷)
ما في " مرعاة المفاتيح " : وقال النووي : " البدعة كل شيء عمل على غير سابق ؛ وفي الشرع : إحداث ما لم يكن في عهد رسول الله ﷺ " . والمراد بالبدعة : ما أحدث في الدين ما لا أصل له في الشريعة يدل عليه ، وأما ما كا ن له أصل من الشر ع يدل عليه فليس ببدعة شرعًا ، وإن كان بدعة لغة ، وأما ما وقع في كلام السلف من استحسان بعض البد ع فإنما ذلک في البدع اللغوية لا الشريعة ، فالبدعة الشرعية كلها مذمومة لأنها موجبة للضلال والغواية " . (۱/۲٦۴ ، بحوالہ فتاویٰ عثمانی:۱/۱۱۳)
ما في " كتاب التعريفات ": البدعة هي الأمر المحدث الذي لم يكن عليه الصحابة والتابعون ولم يكن مما اقتضاه الدليل الشرعي . (ص۴۷)
ما في " الدر المختار مع الشامية ": ما أحدث على خلاف الحق الملتقى عن رسول الله ﷺ في علم أو عمل أو حال بنوع شبهة واستحسان وجعل ديناً قويماً وصراطاً مستقيماً .
(۲/۲۵٦ ، مطلب البدعة على خمسة أقسام)
(۲) ما في " القرآن الكريم " : ﴿وما تشآء ون إلا أن يشاء اللّٰه ان اللّٰه كان عليما حكيما﴾ . (سورة الدهر : ۳۰) . ﴿وما تشآء ون إلا أن يشاء اللّٰه رب العٰلمين﴾ . (سورة التكوير : ۲۹)
ما في " الإبانة عن أصول الديانة " : فأخبرتعالى : إنا لا نشاء شيئا إلا قد شاء الله أن يشاء ه ..... أجمع عليه المسلمون من أن ما شاء الله كان ، وما لم يشأ لم يكن . (ص/۱۲)
ما في " مشكوة المصابيح " : عن أبى هريرة قال: قال رسول الله ﷺ : " لا عدوى ولا طيرة ولا هامة ولا صفر " . رواه البخاري . (ص/۳۹۱ ، باب الفال والطيرة)
ما في " مرقاة المفاتيح " : من اعتقد أن شيئاً سوى الله ينفع أو يضر بالاستقلال فقد أشرک أي شركاً جلياً . (۸/۳۹۸ ، تحت الرقم : ۴۵۸۷)
ما في " القول المفيد على كتاب التوحيد " : وأما النوع الثاني فالشرک في الربوبية ، فإن الرب سبحانه هو المالک المدبر المعطي المانع الضار النافع الخافض الرافع المعز المذل . فمن شهد أن المعطي أو المانع أو الضار أو النافع أو المعز أو المذل غيره فقد أشرک=

یومِ عاشورا میں مخصوص طرز پر چار رکعت نفل

مسئلہ (۸): طلبۂ جامعہ کی طرف سے چسپاں کیے گئے جداری پرچوں میں سے ایک پرچہ ''**البدر**'' میں فضیلتِ یومِ عاشورا کے متعلق یوں تحریر ہے: ''حضور پُرنور، محمد عربی ﷺ کا ارشادِ گرامی ہے کہ: ''جو شخص اس دن کا روزہ رکھے گا، اس کے'' اگلے-پچھلے'' سارے گناہ اللہ کے فضل وکرم سے معاف کردیئے جائیں گے۔'' ......حالاں کہ صحیح روایت یوں ہے: ''حضور پاک ﷺ نے فرمایا کہ ''یومِ عاشورا کے روزے کے ثواب کے بارے میں خدائے پاک سے امید رکھتا ہوں کہ اللہ اس کو گزشتہ سال کے گناہوں کا کفارہ بنادے۔''[1] (جداری پرچے میں لفظ'' اگلے'' زائد ہے، جو کاتب کی زیادتی ہے)=

= بربوبيته .... قوله ﷺ لإبن عباس رضي الله عنهما : " واعلم أن الأمة لو اجتمعوا على أن ينفعوك لم ينفعوك إلا بشيء قد كتبه الله لك " . فهذا يدل على أنه لا ينفع في الحقيقة إلا الله ولا يضر غيره . (۱/۱۲ ، تعريف التوحيد وأقسامه)

(۳) ما في " البحر الرائق " : الأصل فيه أن الإنسان له أن يجعل ثواب عمله لغيره صلاةً أو صومًا أو صدقة أو قراءة قرآن أو ذكرًا أو طوافًا أو حجًا أو عمرة أو غير ذلك عن أصحابنا بالكتاب والسنة . (۳/۱۰۵ ، كتاب الحج ، باب الحج عن الغير)

ما في " رد المحتار " : الأفضل لمن يتصدق نفلا أن ينوى لجميع المؤمنين والمؤمنات لأنها تصل إليهم ولا ينقص من أجره شيء .

(۳/۱۵۱ ، كتاب الصلاة ، باب صلاة الجنازة ، مطلب : في القراءة للميت وإهداء ثوابها له)

(فتاویٰ رحیمیہ: ۲/۷۰، ۷۱، فتاویٰ محمودیہ: ۳/۲۷۶، ۲۷۷، بہارِ شریعت: ۹/۲۱، عرفانِ شریعت: ۱/۷-۱۶، فتویٰ مولوی احمد رضا خان بریلوی، مؤلفہ مولوی امجد علی قادری رضوی، عرفانِ ہدایت: ص/۹، مولوی محمد عرفان رضوی بریلوی، رسالہ محرم وتعزیہ داری: حصہ دوم: ص/۵۹، ۶۰، مولوی محمد مصطفیٰ خان بریلوی)=

=اسی طرح اس پرچے میں مخصوص طرز پر چار رکعت نفل کا تذکرہ ہے کہ:
''جو شخص یومِ عاشورا کو چار رکعت نماز پڑھے، اور ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد گیارہ مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے، تو اللہ تعالیٰ اس کے پچاس برس کے گناہ معاف کردیتا ہے، اوراس کے لیے نور کا منبر بناتا ہے۔''(۲)-یہ بھی احادیثِ صحیحہ سے ثابت نہیں، بلکہ بدعت ہے، جسے ترک کرنا لازم ہے۔(۳)

طلبۂ کرام ! یہ بات ذہن نشیں کرلیں کہ عاشورہ، یعنی ۱۰رمحرم کے دن خصوصیت کے ساتھ کوئی خاص ذکر یا تسبیح یا طریقۂ عبادت، مثلاً: مخصوص طرز پر چار رکعت نفل وغیرہ، قطعاً درست نہیں، کیوں کہ آپ ﷺ اور صحابۂ کرام سے معتبر ومستند طریق پر منقول نہیں، لہٰذا کسی خاص طریقہ پر نفل نماز پڑھنا اور اسے باعثِ اجر وثواب سمجھنا بدعت ہے، اور آپ ﷺ کا ارشاد ہے کہ: ''جب کوئی قوم کسی بدعت کو رَواج دیتی ہے، تو اسی کے مثل سنت اٹھالی جاتی ہے، اس لیے کسی سنت پر عمل کرنا اِحداث فی الدین یعنی بدعت سے بہتر ہے۔''(۴)

تنبیہ: مذکورہ جداری پرچے میں مخصوص طرز پر چار رکعت نفل کا طریقہ، کتاب ''شامِ کربلا'' (مصنف: مولانا محمد شفیع اوکاڑوی قبلہ، ناشر مکتبہ جامِ نور دہلی، مطبع: زمزم آفسیٹ پریس دہلی) سے ماخوذ ہے، جس کے مضامین عقائد اہل سنت والجماعت سے متصادم ہیں، لہٰذا جداری پرچوں کے ایڈیٹر وذمہ دار اور مضمون نگار طلبہ کی یہ ذمہ داری ہے کہ وہ معتبر ومستند کتابوں سے ہی مضمون نگاری کریں، اور جو بھی مضمون لکھیں، محقق ومدلل اوراحادیثِ صحیحہ کی مُراجعت کے بعد ہی لکھیں!!

الحجة على ما قلنا :

=(۱) ما في " صحيح مسلم " : عن أبي قتادة مرفوعا : " صيام يوم عاشوراء احتسب على الله أن يكفّر السنة التي قبله " . (۱/۳٦۷ ، باب استحباب صيام ثلاثة أيام من كل شهر وصوم يوم عرفة وعاشوراء الخ ، رقم :۲۸۰۳ ، جامع الترمذي : ۱/۱۵۸ ، باب ما جاء في الحث على صوم يوم عاشوراء ، رقم : ۷۵۲ ، سنن ابن ماجه :ص/۱۲۴ ، أبواب ما جاء في الصيام ، باب صيام يوم عاشوراء ، رقم : ۱۷۳۸ ، سنن أبي داود :ص/۳۲۹ ، كتاب الصيام ، باب في صوم الدهر تطوعًا ، قديمي)

(۲) ما في " نزهة المجالس ومنتخب النفائس " : وعنه ﷺ : " من صلى يوم عاشوراء أربع ركعات يقرأ في كل ركعة فاتحة الكتاب وقل هو الله أحد إحدى عشرة مرة غفر الله له ذنوب خمسين عامًا وبنى له منبرًا من نور " . (۱/۱٦۵ ، باب فضل صيام يوم عاشوراء وصيام أيام البيض ، عبد الرحمن بن عبد السلام الصفوري/ الصفوي)

ما في " شام كربلا " : حضور ﷺ نے فرمایا: (جو عاشورے کے دن چار رکعتیں پڑھے ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد گیارہ مرتبہ "قل ہو اللہ احد" پڑھے، اللہ تعالیٰ اس کے پچاس برس کے گناہ معاف کردیتا ہے، اوراس کے لیے نور کا منبر بناتا ہے۔" (شامِ کربلا:ص/۲۸۸،فضیلتِ عاشوراء)

(۳) (فتاویٰ محمودیہ:۳/۲۵۵،۲۵٦،طبع کراچی،و۳/۲۷۳،۲۷۴)

(۴) ما في " مشكوة المصابيح " : عن غضيف بن الحارث الثمالي قال : قال رسول الله ﷺ : " ما أحدث قوم بدعةً إلا رُفع مثلُها من السنة ؛ فتمسُّكٌ بسنةٍ خيرٌ من إحداث بدعة " . رواه أحمد . (ص/۳۱ ، كتاب الإيمان ، باب الإعتصام بالكتاب والسنة ، الفصل الثالث ، قديمي)

ما في " مرقاة المفاتيح " : والأظهر أن مراده عليه الصلاة والسلام المبالغة في متابعته وأن سنته من حيث أنها سنة أفضل من بدعة ولو كانت مستحسنة مع قطع النظر عن كونها متعدية أو قاصرة أو دائمة أو منقطعة ، ألا ترى أن ترك سنة أي سنة تكاسلا يوجب اللوم والعتاب ، وتركها استخفافًا يثبت العصيان والعقاب ، وإنكارها يجعل صاحبه مبتدعًا بلا ارتياب . والبدعة ولوكانت مستحسنة لا يترتب على تركها شيء من ذلك ، وأما جعل خير بغير معنى التفضيل فبعيد بل تحصيل حاصل معلوم عند المخاطبين فلا يكون فيه فائدة تامة ولا مبالغة كاملة والله اعلم . (رواه أحمد) قال ميرك : بسند جيد . (۱/۳۹۳ ، رقم :۱۸۷، الفصل الثالث) (فتاویٰ بنوریہ،رقم الفتویٰ:۳٦۲۸۵)

۱۱؍ربیع الثانی کوغوث اعظم کے لیے ایصالِ ثواب

مسئلہ (۹): حضرت غوث الاعظم رحمۃ اللہ علیہ کے ایصالِ ثواب کے لیے ۱۱؍ربیع الثانی کو گیارہویں کی رسم منائی جاتی ہے، ان کے نام پر کھانا تیار کیا جاتا ہے، اوراس پر فاتحہ پڑھی جاتی ہے، اگراس قسم کا کھانا پکانے والا شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کو نفع ونقصان کا مالک نہیں سمجھتا، تواس کا کھانا حرام تو نہیں، مگر یہ فعل بدعت ہے، ایسا کھانا لینے سے حتی الامکان بچنے کی کوشش کی جائے، تاکہ بدعت کی اشاعت اورتائید کا گناہ نہ ہو، اوراگراس قسم کا کھانا پکانے والا شیخ رحمہ اللہ کو نفع ونقصان کا مالک سمجھتا ہے، تواس کا یہ فعل شرک ہے، اورشیخ رحمہ اللہ کے نام پر پکایا گیا کھانا، کھانا-اوراس کا قبول کرنا کسی صورت میں جائز نہیں۔ [۱]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " مشكوة المصابيح " : عن عائشة رضي الله عنها قالت : قال رسول الله ﷺ : "من أحدث في أمرنا هذا ما ليس منه فهو ردٌّ " . (ص/۲۷)

ما في " التعريفات الفقهية للبركتي " : البدعة : هي الأمر المحدث الذي لم يكن عليه الصحابة والتابعون ولم يكن مما اقتضاه الدليل الشرعي . (ص/۲۰۴)

ما في " الشامية " : وفي البزازية : ويكره اتخاذ الطعام في اليوم الأول والثالث وبعد الأسبوع ...... وهذه الأفعال كلها للسمعة والرياء فيحترز عنها لأنهم لا يريدون بها وجه الله تعالى .
(۱۳۹/۳ ، كتاب الصلاة)

(احسن الفتاویٰ:۱/۳۸۲،فتاویٰ رحیمیہ:۲/۷۶)

عرس منعقد کرنا اور اس میں شرکت کرنا

مسئلہ (۱۰): مروّجہ عُرس میں بہت سے مشرکانہ افعال، بدعات اور بُرے اُمور، مثلاً: طوافِ قبور، قوالی، طبلہ بجانا وغیرہ، کا ارتِکاب کیا جاتا ہے [۱]، اس لیے یہ عرس بہت سے گناہوں کا مجموعہ ہوگیا ہے، اس لیے اِن عرسوں کو منعقد کرنا اوران میں شرکت کرنا جائز نہیں، سخت گناہ ہے، اور وہاں جو دعوت اور کھانا پینا ہوتا ہے، وہ سب غیراللہ کے نام کی نذر ومنّت کا ہوتا ہے، اس لیے اُس کو تبرُّک سمجھ کر کھانا اور تقسیم کرنا، ناجائز وحرام ہے [۲]، اوران چیزوں سے بچنا واجب ہے۔

الحجة على ما قلنا :

(١) ما في " الدر المنتقى على هامش الملتقى مع مجمع الأنهر " : فما ظنك به عند الغناء الذي يسمون وجدا ومحبة فإنه مكروه ، لا أصل له في الدين ، زاد في الجواهر : وما يفعله متصوفة زماننا حرام لا يجوز القصد والجلوس إليه ومن قبلهم لم يفعله .

(۴/ ۲۲۰ ، كتاب الكراهية)

ما في " الفتاوى البزازية على هامش الهندية " : استماع صوت الملاهي كالضرب بالقضيب ونحوه حرام . (٦/ ٣٥٩)

(٢) ما في " الدر المختار مع الشامية " : واعلم أن النذر الذي يقع للأموات من أكثر العوام وما يؤخذ من الدراهم والشمع والزيت ونحوها إلى ضرائح الأولياء الكرام تقربا إليهم فهو بالإجماع باطل وحرام . [در مختار] وفي الشامية : قوله : (باطل وحرام) لوجوه : منها : انه نذر لمخلوق ، والنذر للمخلوق لا يجوز ؛ لأنه عبادة ، والعبادة لا تكون للمخلوق .... ومنها : انه إن ظن أن الميت يتصرف في الأمور دون الله تعالى واعتقاده ذلك كفر .

(۳/ ۳۷۹ ، كتاب الصوم)

ما في " البحر الرائق " : وأما النذر الذي ينذره أكثر العوام على ما هو مشاهد كأن يكون =

تبلیغی جماعت کے سو سال مکمل، اب نیا مجدد، نئی جماعت

مسئلہ (۱۱): بعض لوگ یہ کہتے ہیں کہ اللہ پاک ہر سو سال پر ایک مجدّد پیدا کرتا ہے، تبلیغی جماعت کو بھی سو سال پورے ہونے کو ہے، تو اللہ تعالیٰ کسی نئے مجدّد کو بھیج کر نیا کام دے گا، تو لوگ اس جماعت کو چھوڑ کر کسی اور جماعت میں چلے جائیں گے، اُن کی یہ بات اِس حد تک تو صحیح ہے کہ ''ہر سو سال پر اللہ پاک نئے مجدّد کو پیدا کرتا ہے''- جیسا کہ ابوداؤد شریف کی یہ حدیث: '' **إنّ اللّٰهَ يَبْعَثُ لِهٰذِه الأمّةِ عَلٰى كُلِّ مِائَةِ سَنَةٍ مَن يُّجدِّدُ لَها دِينَهَا** ''اس پر شاہد ہے۔ مگر اس کا یہ مطلب ہرگز نہیں کہ کسی کام پر سو سال گزر جائیں، تو یہ نیا مجدد امت کو کوئی نیا کام دے گا، اور امت اس کام کو کرے گی، بلکہ اس نئے مجدد کا کام حدیث پاک میں یہ بتلایا گیا کہ وہ دین میں پیدا ہونے والی خرابیوں کو زائل کرے گا، اور اسلام کے رُخِ زیبا پر جو بدنُما داغ آجاتے ہیں، وہ انہیں صاف کرے گا، جیسا کہ حدیث کے آخری جملے '' **مَنْ يُجَدِّدُ لَها دِينَهَا** '' سے ثابت ہوتا ہے [1]، لہٰذا اس طرح کی غلط باتیں کرنے اور انہیں عام کرنے سے بچنا چاہیے، کیوں کہ دینِ

=لإنسان غائب أو مريض أو له حاجة ضرورية فيأتي بعض الصلحاء فيجعل ستره على رأسه فيقول : يا سيدي ! إن رد غائبي أو عوفي مريضي .... فلک من الذهب كذا .... فهذا النذر باطل بالإجماع لوجوه : منها : انه نذر مخلوق ، والنذر للمخلوق لا يجوز ؛ لأنه عبادة .... ومنها : إن ظن أن الميت يتصرف في الأمور دون الله تعالى واعتقاد ذلک كفر .

(۲/ ۵۲۰ ، کتاب الصوم) (فتاویٰ محمودیہ: ۳/ ۲۲۷)=

اسلام آخری دین ہے (۲)، قیامت تک باقی رہے گا، اوراس کے عقائد، عبادات اوراحکام میں کسی قسم کی کوئی تبدیلی نہیں ہوگی، اوراس کے مطابق زندگی گزارنا ہی، دنیوی کامیابی اوراُخروی سعادت کا ضامن ہے۔ (۳)

الحجة على ما قلنا :

=(۱) ما في " سنن أبي داود " : عن أبي علقمة عن أبي هريرة فيما أعلم عن رسول الله ﷺ قال : " إن الله يبعث لهذه الأمة على رأس كل مائة سنة من يجدد لها دينها " . (ص/۵۸۹، كتاب الملاحم ، باب ما يذكر في قرن المائة ، الرقم : ۴۲۹۰ ، مشكوة المصابيح :ص/۳۶، كتاب العلم ، الفصل الثاني ، الرقم :۲۴۷، المستدرك على الصحيحين :۴/۵۲۲، كتاب الفتن والملاحم ، ذكر بعض المجددين في هذه الأمة ، دار الكتب العربي بيروت)

ما في " عون المعبود " : (من يجدد لها دينها) أي يبين السنة من البدعة ويكثر العلم وينصر أهله ويكسر أهل البدعة ويذلهم ، قالوا : ولا يكون إلا عالما بالعلوم الدينية الظاهرة والباطنية ، وقال العلقمي في شرحه : معنى التجديد احياء ما اندرس من العمل بالكتاب والسنة والأمر بمقتضاها .... قال في مجالس الأبرار : والمراد من تجديد الدين للأمة احياء ما اندرس من العمل بالكتاب والسنة والأمر بمقتضاها ، وقال فيه : ولا يعلم ذلك المجدد إلا بغلبة الظن ممن عاصره من العلماء بقرائن أحواله ولانتفاع بعلمه ، إذ المجدد للدين لا بد أن يكون عالما بالعلوم الدينية الظاهرة والباطنة ناصرا للسنة ، قامعا للبدعة ، وأن يعم علمه أهل زمانه ، وإنما كان بالتجديد على رأس كل مائة سنة لانخرام العلماء فيه غالبا ، واندراس السنن وظهور البدع ، فيحتاج حينئذ إلى تجديد الدين ، فيأتي الله تعالى من الخلق بعوض من السلف إما واحدا أو متعددا .... فظهر أن المجدد لا يكون إلا من كان عالما بالعلوم الدينية ، ومع ذلك من كان عزمه وهمته آناء الليل والنهار احياء السنن ونشرها ونصر صاحبها وإماتة البدع ومحدثات الأمور ومحوها وكسر أهلها باللسان أو تصنيف الكتب والتدريس أو غير ذلك ، ومن لا يكون كذلك لا يكون مجددا البتة وإن كان عالما بالعلوم مشهورا بين الناس مرجعا لهم . (ص/۱۸۴۱،۱۸۴۲، كتاب الملاحم ، تحت الرقم : ۴۲۹۰)=

…………………………………………

=ما في " مرقاة المفاتيح " : والأظهر عندي والله اعلم أن المراد بمن يجدد ليس شخصا واحدا بل المراد به جماعة يجدد كل أحد في فن أو فنون من العلوم الشرعية ما تيسر له من الأمور التقريرية أو التحريرية ، ويكون سببًا لبقائه وعدم اندراسه وانقضائه إلى أن يأتي أمر الله ، ولا شك أن هذا التجديد أمر إضافي ، لأن العلم كل سنة في التنزل كما أن الجهل كل عام في الترقي ... ويدل عليه ما في البخاري عن أنس مرفوعا " لا يأتي على أمتي زمان إلا الذي بعده شر منه . الخ " . (۱/۲۶۲ ، كتاب العلم ، تحت الرقم :۲۴۷، بذل المجهود :۱۲/۳۳۶ ، ۳۳۷ ، كتاب الملاحم ، تحت الرقم : ۴۲۹۱)

(۲) ما في " القرآن الكريم " : ﴿ان الدّين عند الله الاسلام﴾ . (آل عمران : ۱۹)

ما في " التفسير المظهري " : (ان الدين) المرضى (عند الله) هو (الاسلام) قرأ الكسائي بفتح أنّ على أنه بدل الكل أن فسر الإسلام بالإيمان .... وبدل اشتمال إن فسر الإسلام بالشريعة المحمدية فإنه الدين المرضى عند الله في هذا الزمان بعد نسخ الأديان المنزلة من الله تعالى سابقًا . (۲/۲۹، آل عمران)

(۳) ما في " القرآن الكريم " : ﴿اليوم اكملتُ لكم دينَكم واتممتُ عليكم نعمتي ورضيتُ لكم الاسلام دِينًا﴾ . (سورة المائدة :۳)

ما في " روح المعاني " : وعن ابن عباس والسدي أن المعنى اليوم أكملت لكم حدودي وفرائضي وحلالي وحرامي بتنزيل ما أنزلتُ وبيان ما بينتُ لكم فلا زيادة في ذلک ولا نقصان منه بالنسخ بعد هذا اليوم ، وكان يوم عرفة عام حجة الوداع .... (ورضيت لكم الاسلام دينا) أي اخترته لكم من بين الأديان وهو الدين عند الله تعالى لا غير ، وهو مقبول وعليه المدار . (۴/۹۰، ۹۱، الجزء الثاني ، سورة المائدة)

ما في " التفسير المظهري " : (اليوم اكملت لكم دينا) بالتنصيص على قواعد العقائد والتوقيف على أصول الشرائع من الفرائض والواجبات والسنن والآداب والحلال والحرام والمكروه وموجبات الفساد لماله وجود شرعي كالصلاة والصوم والبيع ونحوها وقوانين الاجتهاد فيما لا نص فيه . (۳/۵۳ ، سورة المائدة :۳)

(فتاویٰ دار العلوم دیوبند، رقم الفتویٰ: ۴۶۸۳۷)

جماعت میں نکلنا بدعت نہیں

مسئلہ (۱۲): تین دن، چالیس دن، یا سال کے لیے جماعت میں نکلنا بدعت نہیں ہے، کیوں کہ ان مخصوص مدتوں کے لیے جماعت میں نکلنے کا مقصودِ اصلی، دعوت وتبلیغ اور دین کا سیکھنا سکھانا ہے، اور یہ نظام بزرگوں کا بنایا ہوا ہے، جیسے مدرسوں میں داخلے، امتحان اور تعلیم کے لیے نظام بنائے گئے ہیں [۱]، اور ان کی افادیت سے کسی کو انکار نہیں ہے، جماعت کے اس نظام کے جواز کے لیے اتنی دلیل کافی ہے کہ وہ کتاب اللہ وسنتِ رسول اللہ ﷺ کے خلاف نہیں ہے، بلکہ کلمۂ طیبہ- لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ [۲]، نماز [۳]، علم [۴] وذکر [۵]، اکرامِ مسلم [۶]، تصحیح نیت [۷]، دعوت وتبلیغ [۸] اور ترکِ مالا یعنی، یعنی فضول باتوں اور کاموں کا ترک کرنا [۹]، یہ تمام باتیں ایسی ہیں جن کو سمجھنا، ان کی عملی مشق کرنا، اور دوسروں تک ان کو پہنچانا، اور اس کے لیے جہدِ مسلسل، محنت ومشقت کرنا قرآن وحدیث سے ثابت ہے، اور ان کی طرف لوگوں کو دعوت دینا آپ ﷺ، حضراتِ صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم، اور متبعِ سنت اکابر اولیاء سے قولاً وعملاً ثابت ہے، لہٰذا جماعت میں نکلنے کو بدعت کہنا جرأتِ بے جا اور جہالت ونادانی ہے، اس سے پرہیز کرنا ضروری ہے۔

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " المقاصد الشريعة " : ان الوسيلة أو الذريعة تكون محرمة إذا كان المقصد محرما وتكون واجبة إذا كان المقصد واجبا . (ص/۴۶)

(۲) ما في " القرآن الكريم " : ﴿فاعلم انه لا اله الا الله واستغفر لذنبک وللمؤمنين=

....

....

....

....

....

....

= والمؤمنٰت﴾ . [سورة محمد : ۱۹] . ﴿محمد رسول الله﴾ . (سورة الفتح : ۲۹)
ما في " صحيح مسلم " : عن عبد الله بن عمر قال : قال رسول الله ﷺ : " أمرت أن أقاتل الناس حتى يشهدوا أن لا أله إلا الله وأن محمدا رسول الله " . (۱/۳۷، کتاب الإيمان)
(۳) ما في " القرآن الكريم " : ﴿واقيموا الصلوة واٰتوا الزكوة﴾ . (سورة البقرة :۴۳)
(۴) ما في " سنن الكبرى للبيهقي " : قوله عليه السلام : " طلب العلم فريضة على كل مسلم" . (۲/۲۵۴ ، رقم الحديث :۳۶۶۳ ، و۲/۲۵۶ ، رقم الحديث : ۱۶۷۲ ، مشكوٰة المصابيح : ص/۳۴ ، كتاب العلم ، الفصل الثاني)
(۵) ما في " القرآن الكريم " : ﴿فاذكروني اذكركم واشكروا لي ولا تكفرون﴾ .
(سورة البقرة : ۱۵۲)
(۶) ما في " سنن أبي داود " : عن أبي الدرداء رضي الله عنه ، عن النبي ﷺ قال : " ما مِن شيء أثقل في الميزان من حُسن الخلق " . (ص/۶۶۱)
(۷) ما في " القرآن الكريم " : ﴿ومآ اُمروآ اِلا لِيعبُدوُا اللّٰه مُخلِصينَ له الدِّين﴾ .
(سورة البينة :۵)
(۸) ما في " صحيح مسلم " : عن أبي سعيد قال : سمعت رسول الله ﷺ يقول : " من رأى منكم منكرا فليغيّره بيده ، فإن لم يستطع فبلسانه ، فإن لم يستطع فبقلبه ، وذلک أضعف الإيمان " . (۱/۵۱) (فتاویٰ محمودیہ:۵/۶۶،میرٹھ،فتاویٰ دارالعلوم دیوبند،رقم الفتویٰ:۴۳۰۲۹)
(۹) ما في " جمع الجوامع " : قال النبي ﷺ : " من حسن إسلام المرء تركه ما لا يعنيه " .
(۶/۳۹۳)

نماز کے بعد جائے نماز (مصلّٰی) فولڈ کر دینا

مسئلہ (۱۳): بعض لوگ نماز سے فارغ ہونے کے بعد، جائے نماز (مصلّٰی) کا کونہ فولڈ کر دیتے ہیں، یعنی پلٹ دیتے ہیں، اُن کا یہ عمل، اُن کی عادت سے متعلق ہے، اس کے فولڈ کرنے میں شرعاً نہ ثواب ہے، اور نہ ترک کرنے میں کوئی گناہ ہے۔ (۱)

رات یا دن میں ناخن کاٹنا

مسئلہ (۱۴): ناخن کاٹنے کے لیے شریعتِ مطہرہ میں رات یا دن کی کوئی تعیین نہیں ہے، جس وقت چاہے ناخن کاٹ سکتے ہیں۔ (۲)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " معجم المصطلحات والألفاظ الفقهية " : وشرعاً : جاء في " ميزان الأصول " : المباح ؛ ما استوى فعله وتركه في الشريعة . (۳/۲۰۲، حرف الميم ، المباح ، كتاب التعريفات للجرجاني :ص/۱۹۲ ، باب الميم) (فتاویٰ بنوریہ، رقم الفتویٰ:۱۹۱۳۵)

الحجة على ما قلنا :

(۲) ما في " مرقاة المفاتيح " : ولم يثبت في قص الظفر يوم الخميس حديث بل كيفما احتاج إليه ، ولم يثبت في كيفيته ولا في تعيين يوم له شيء .

(۸/۲۷۲، كتاب اللباس ، باب الترجل ، الفصل الأول ، تحت الرقم : ۴۴۲۰)

ما في " الفتاوى الهندية " : حكي أن هارون الرشيد سأل أبا يوسف رحمه الله تعالى عن قصّ الأظافير في الليل فقال : ينبغي ، فقال : ما الدليل على ذلك ؟ فقال : قوله عليه الصلاة والسلام : " الخير لا يؤخر " . كذا في الغرائب . (۵/۳۵۸ ، كتاب الكراهية ، الباب التاسع عشر في الختان والخصاء وقلم الأظافير الخ) (فتاویٰ بنوریہ، رقم الفتویٰ:۲۱۸۵۳)

جمعرات کے دن مُولی خریدنا

مسئلہ (۱۵): بعض لوگ کہتے ہیں کہ جمعرات کے دن مُولی نہیں خریدنا چاہیے، کیوں کہ جمعرات کے دن روحوں کا نکلنا ہوتا ہے، اورمُولی سے بدبُو آتی ہے، جب کہ روحوں کو بدبُونہیں آنی چاہیے، اُن کی یہ بات بےاصل اور غلط ہے، کیوں کہ جمعرات کے دن مُولی خریدنے کی ممانعت، مولیٰ حقیقی کے کلام اور آپ ﷺ کے ارشادات سے ثابت نہیں ہے، اور نہ ہی یہ بات ثابت ہے کہ جمعرات کے دن روحیں نکلتی ہیں، کیوں کہ روحیں اگر مُنعَم علیہ (نعمتوں میں) ہیں، تو انہیں دنیا میں آکر لپٹتے پھرنے کی کیا ضرورت ہے، اور اگر مُعذَّب (عذاب میں گرفتار) ہیں، تو فرشتگانِ عذاب کیونکر چھوڑ سکتے ہیں، اس لیے اس طرح کے توہمات سے اپنے آپ کو بچانا چاہیے۔[۱]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " سنن النسائي " : عن كعب بن مالك كان يحدث عن رسول الله ﷺ قال : "إنما نسمة المؤمن طائر في شجر الجنة حتى يبعثه الله إلى جسده يوم القيامة " .

(۱/۲۵۵، كتاب الجنائز ، أرواح المؤمنين)

ما في " مجمع الزوائد " : عن أم هانئ أنها سألت رسول الله ﷺ : أنتزاور إذا متنا ويرى بعضنا بعضًا ؟ فقال رسول الله ﷺ : " تكونُ النَّسَمُ طيرا تعلق بالشجر حتى إذا كان يوم القيامة دخلت كل نفس في جسدها " . (۳/۵۴، كتاب الجنائز ، باب في الروح ، الرقم : ۳۹۳۴ ، مسند أحمد : ۱۸/۵۳۲، الرقم : ۲۷۲۶۰ ، من حديث أم هانئ بنت أبي طالب رضي الله عنها)

ما في " الروح لإبن القيم " : إن الأرواح قسمان : أرواح معذبة ، وأرواح منعمة ، فالمعذبة في شغل بما هي فيه من العذاب ، والأرواح المنعمة المرسلة غير المحبوسة تتلاقى =

کائنات کے ہر ذرہ پر ''وحدہٗ لاشریک لہٗ'' کی ملکیت

مسئلہ(۱۶): آج کل اخبار اور واٹس ایپ وغیرہ پر ایسی چیزوں کی تصویریں شائع اور شیئر کی جارہی ہیں، جن پر قدرتی طور پر لفظ ''اللہ'' یا ''محمد'' لکھا ہوا نظر آتا ہے، اگر یہ واقعۃً وحقیقۃً ہو، تو اس سے اہلِ ایمان کے ایمان میں تازگی وپختگی، اور آپ ﷺ کی اتباع وپیروی کے جذبات پیدا ہونے چاہیے، کیوں کہ ان کا ایمان ہے کہ کائنات کے ذرہ ذرہ پر ''وحدہٗ لاشریک لہٗ'' کی ملکیت ہے [1]، اور آپ ﷺ کی اتباع کے بغیر ایمان مکمل نہیں ہے [2]، اللہ تعالیٰ کائنات کی ہر چیز پر ہر طرح کا تصرف [3] اور اپنی قدرت کے عجائب ظاہر کرسکتا ہے [4]، اس لیے اس طرح کی چیزیں اس کی کھلی نشانیاں ہیں، مگر یہ بھی حقیقت ہے کہ بہت سی مرتبہ خیال جمانے سے ''اللہ'' یا ''محمد'' لکھا ہوا نظر آتا ہے، حقیقۃً لکھا ہوا نہیں ہوتا، نیز اسلام وکفر کا مدار ان چیزوں پر نہیں ہے [5]، اس لیے اس چکر میں پڑنے کی ضرورت نہیں، بلکہ اپنے ایمان کی حفاظت اور اعمالِ صالحہ کی فکر میں لگے رہنا چاہیے۔

=وتتزاور وتتذاكر ما كان منها في الدنيا وما يكون من أهل الدنيا . (ص/۲۰، المسألة الثانية وهي أن أرواح الموتى هل تتلاقى وتتزاور وتتذاكر أم لا؟) (اشرف الجواب:ص/۱۳۶، ۱۳۷، مردوں کی روح دنیا میں واپس نہیں آتی، دارالاشاعت کراچی، فتاویٰ دارالعلوم دیوبند، رقم الفتویٰ: ۵۷۱۳۸)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿ولله ما في السمٰوٰت وما في الارض﴾ . (آل عمران : ۱۰۹)

(۲) ما في " كنز العمال " : عن ابن عمرو عن النبي ﷺ قال : " لا يؤمن أحدكم حتى =

لمبی عمر کی نیک فال لینا

مسئلہ (۱۷): مجلس میں کسی غیر موجود شخص کا ذکر ہو رہا ہو، اور وہ اسی وقت مجلس میں آجائے، تو لوگوں میں یہ بات مشہور ہے کہ اس کی عمر لمبی ہوگی، شرعاً یہ نیک فال لینا ہے، جو ممنوع نہیں ہے[1]، مگر یہ اعتقاد کر لینا، اور وہ بھی جزماً و یقیناً کہ؛ اس کی عمر بڑھے گی ہی، یہ ایک طرح کی زیادتی اور مُفضِی الیٰ علیم الغیب ہے، جو جائز نہیں۔[2]

=يكون هواه متبعًا لما جئت به". (۱/۱۲۱، الرقم: ۱۰۸۰)

(۳) ما في "البيضاوي": والمالك هو المتصرف في الأعيان المملوكة كيف شاء. (ص/۷)

(۴) ما في " القرآن الكريم ": ﴿سنريهم اٰيٰتنا في الأفاق وفي انفسهم حتى يتبين لهم انه الحق﴾. (سورة حم السجدة: ۵۳)

ما في " روح المعاني ": وقال عطاء وابن زيد: ان معنى " سنريهم آياتنا في الأفاق " أي أقطار السماء والأرض من الشمس والقمر وسائر الكواكب والرياح والجبال الشامخة وغير ذلک، وفي انفسهم من لطيف الصنعة وبديع الحكمة وضعف ذلک الإمام بنحو ما سمعت آنفا، وأجيب بأن القوم وإن كانوا قد رأوا تلک الآيات إلا أن العجائب التي أودعها الله تعالى فيها مما لا نهاية لها فهو سبحانه يطلعهم عليها زمانا قريبا حالا فحالا، فإن كل أحد يشاهد بنية الإنسان إلا أن العجائب المودعة في تركيبها لا تحصى، وأكثر الناس غافلون عنها فمن حمل على التفكر فيها بالقوارع التنزيلية والتنبيهات الالٰهية كلما ازداد تفكرا ازداد وقوفا. (۱۴/۱۱، ۱۲، سورة حم السجدة)

(۵) ما في " مشكوة المصابيح ": وعن ابن عمر رضي الله عنهما قال: قال رسول الله ﷺ: "بني الإسلام على خمس؛ شهادة أن لا إله إلا الله، وأن محمدا عبده ورسوله وإقام الصلاة وإيتاء الزكاة والحج وصوم رمضان". متفق عليه. (ص/۱۲، كتاب الإيمان)

(فتاویٰ دار العلوم دیوبند، رقم الفتویٰ: ۵۶۴۱۸)=

…………………………………………………………………

الحجة على ما قلنا :

=(۱) ما في " سنن أبي داود " : عن أبي وهب الجثمي وكانت له صحبة قال : قال رسول الله ﷺ : " تسموا بأسماء الأنبياء وأحب الأسماء إلى الله تعالى عبد الله وعبد الرحمن ، وأصدقها حارث وهمام ، وأقبحها ومرة " .

(ص/٦٧٦، ٦٧٧، كتاب الأدب ، باب في تغيير الأسماء)

ما في " حاشية سنن أبي داود " : قال المحشي رحمه الله : قوله : " ومرة " لما فيها من المرارة والشناعة ، وكان ﷺ يحب الفال الحسن والإسم الحسن . كذا في مرقاة الصعود .

(ص/٦٧٧، رقم الحاشية : ١)

ما في " صحيح البخاري " : عن أنس بن مالک عن النبي ﷺ قال : " لا عدوى ولا طيرة ، ويعجبني الفأل ، قالوا : وما الفال ؟ قال : الكلمة الطيبة " .

(٢/٨٥٩، كتاب الطب ، باب لا عدوى ، قديمي ، صحيح مسلم : ٢/٢٣١، كتاب السلام ، باب الطيرة والفال وما يكون فيه الشوم)

ما في " صحيح مسلم " : عن أبي هريرة قال : قال رسول الله ﷺ : " لا عدوى ولا هامة ولا طيرة وأحب الفال الصالح " .

(٢/٢٣١، كتاب السلام ، باب الطيرة والفال وما يكون فيه الشوم)

ما في " صحيح البخاري " : عن أبي هريرة قال : قال النبي ﷺ : " لا طيرة وخيرها الفال ، قال : وما الفال يا رسول الله ؟ قال : الكلمة الصالحة يسمعها أحدكم " .

(٢/٨٥٦، كتاب الطب ، باب الفال)

ما في " الموسوعة الفقهية " : التفاؤل مباح بل حسن إذا كان متعينا للخير كأن يسمع المريض يا سالم ! فينشرح لذلک صدره ، ولا خلاف بين الفقهاء في جواز التفاؤل بالكلمة الحسنة من غير قصد ، كأن يسمع المريض يا سالم أو يسمع طالب الضالة يا واجد ، فتستريح نفسه لذلک . (١٣/٧٧، تفاؤل ، حكمه التكليفي ، رد المحتار : ٣/٤٤، ٤٥، كتاب الصلاة ، باب العيدين ، مطلب في الفأل والطيرة ، بيروت)

(٢) ما في " القرآن الكريم " : ﴿وعنده مفاتح الغيب لا يعلمهآ الا هو﴾ . (سورة=

جادو کی حقیقت اور اس کے برحق ہونے کا مطلب

مسئلہ (۱۸): بعض کمزور عقیدے کے جُہلاء یہ خیال کرتے ہیں کہ فلاں ساحر یا ڈائن، یعنی جادوگرنی نے ہمارے بچہ یا بیوی وغیرہ کو مار ڈالا، یا بیمار کردیا، نیز یہ بھی مشہور ہے کہ جادو برحق ہے، یعنی جادوگروں میں یہ طاقت ہے کہ وہ آدمی کو مار سکتے ہیں، یا بیمار کرسکتے ہیں، جب کہ اُن کا یہ عقیدہ سراسر غلط اور جہالت ہے، فاعلِ حقیقی اللہ کی ذات ہے، اس کے حکم کے بغیر کوئی کچھ نہیں کرسکتا، مخلوق میں سے جو کوئی، جو کچھ کرتا ہے، وہ اللہ تعالیٰ کے ارادے اور حکم سے ہوتا ہے، البتہ یہ چیزیں (جادو، وسحر) کبھی اسبابِ امراض وہلاکت ہوجاتی ہیں، نیز جادو کے برحق ہونے کا مطلب یہ ہے کہ- جادو کی تاثیر ہوتی ہے- خود آں حضرت ﷺ پر جادو کا اثر ہوا، مگر بہ حکمِ خداوندی سورۂ فلق اور سورۂ ناس کے ذریعے سے وہ زائل ہوگیا[۱]، اور یہ اثر جادو میں اللہ تعالیٰ ہی نے رکھا ہے، لہٰذا جادو کو مؤثرِ حقیقی نہیں کہا جاسکتا، یہ ایسا ہی ہے جیسا کہ شیطان کو اللہ تعالیٰ نے گمراہ کرنے کی قوت دی ہے، اور اس کو مہلت بھی دی ہے کہ وہ لوگوں کو اللہ تعالیٰ کے راستے سے گمراہ کرے، مگر

= الأنعام : ۵۹)

ما في " التفسير المظهري " : والمراد بالغيب ما لم يوجد بعد كأخبار المعاد ومن هذا القبيل أن المطر هل ينزل أو لا ومتى ينزل ومنه ما تكسب نفس غدا وأنه بأرض تموت أو وجد ولم يظهر الله تعالى على أحد ، ومنه ما في الأرحام ..... قلت : وليست خزائن الغيب منحصرة في الخمس المذكورة بل كل ما لم يوجد أو لم يظهر بعد . (۲۷۰/۳ ، سورة الأنعام)=

یہ قوت وطاقت اس کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے ملی ہے، لہٰذا مسلمانوں کو اس طرح کے باطل عقائد وگمراہ خیالات سے احتراز کرنا چاہیے، اور اللہ کی ذات پر مکمل اعتماد وبھروسہ اور یقین رکھنا چاہیے۔ (۲)

الحجة على ما قلنا :

=(۱) ما في " تفسير النسفي " : روي : أنه ﷺ سحر فمرض ، فجاء ه ملكان وهو نائم فقال أحدهما لصاحبه : ما باله ؟ فقال : طُبّ ، قال : ومن طبّه ؟ قال : لبيد بن أعصم اليهودي ، قال : وبم طبّه ؟ قال : بمشطٍ ومشاطةٍ في جُفّ طلعةٍ ، تحت راعوفة في بئر ذي أروان ، فانتبه ﷺ ، فبعث زبيرا وعليا وعمارا – رضي الله عنهم – فنزحوا ماء البئر وأخرجوا الجفّ فإذا فيه مشاطة رأسه ، وأسنان من مشطه ، وإذا فيه وتر معقّد فيه إحدى عشرة عقدة مغروزة بالإبر، فنزلت هاتان السورتان ، فكلما قرأ جبريل آية انحلّت عقدة ، حتى قام ﷺ عند انحلال العقدة الأخيرة ، كأنّما نشط من عقال ، وجعل جبريل يقول : باسم الله أرقيک ، والله يشفيک من كل داء يؤذيک ، ولهذا جوّزوا الاسترقاء بما كان من كتاب الله وكلام رسوله ﷺ ، لا بما كان بالسريانية والعبرانية والهندية ، فإنه لا يحل اعتقاده والاعتماد عليه. (۳/۷۰۰ ، ۷۰۱ ، سورة الناس)

ما في " مرقاة المفاتيح " : إن يهوديا سحر النبي ﷺ في إحدى عشرة عقدة في وتر دسه في بئر فمرض النبي ﷺ فنزلت المعوّذتان وأخبره جبرئيل عليه السلام بموضع السحر ، فأرسل عليا رضي الله عنه ، فجاء به فقرأهما عليه فكان كلما قرأ آية انحلت عقدة ووجد بعض الخفة .

(۱۱/۳۲ ، كتاب الفضائل والشمائل ، باب في المعجزات ، تحت الرقم :۵۸۹۳)

(۲) ما في " القرآن الكريم " : ﴿قل لن يصيبنا إلا ماكتب الله لنا هو مولٰينا وعلى الله فليتوكل المؤمنون﴾ . (سورة التوبة : ۵۱)

ما في " روح المعاني " : أي لن يصيبنا إلا ما خط الله لأجلنا في اللوح . فتدل الآية على أن الحوادث كلها بقضاء الله تعالى . (۶/۱۶۶)=

اَمراض کے متعدی ہونے کا مطلب

مسئلہ(۱۹): عام لوگوں کا یہ خیال ہے کہ بعض بیماریاں مثلاً: کھُجلی، چیچک، آشوبِ چشم (آنکھ دُکھنا)، اورآب وہوا کی تبدیلی سے جو بیماری لاحق ہوتی ہے، نیز ہیضہ (کالرا-Cholera)وغیرہ متعدی ہوتی ہیں، کسی ایک کو اگر ہوجائے، تو اس کی مُجالَست ومُخالَطت سے دوسرے کو بھی ہوجاتی ہے، اُن کا یہ خیال غلط اور بے بنیاد ہے، اللہ تعالیٰ کے حکم کے بغیر کوئی بیماری کسی کو نہیں لگ سکتی، اللہ کے رسول ﷺ نے ارشاد فرمایا:" **لا عَدْوٰی** "- چھوت، یعنی کسی بیماری کا ایک سے دوسرے کو لگنا کوئی حقیقت نہیں رکھتا[۱]، اس لیے مسلمان کا عقیدہ یہ ہونا چاہیے کہ اللہ تعالیٰ کے حکم کے بغیر کوئی بیماری لاحق نہیں ہوتی، **وما تشآء ون الا اَن یشآءَ اللّٰہُ رَبُّ العٰلَمِین**[۲]-تاہم انسان کمزور صفت وکمزور عقیدہ واقع ہوا ہے، اس لیے رسول اللہ ﷺ نے انسانی طبیعت اور اس کی فطرت کا خیال رکھتے ہوئے اسے حکم دیا ہے کہ-''مجذوم یعنی کوڑھ کے مریض سے اس طرح بھاگو جس

=ما في " القرآن الکریم " : ﴿وما تشاء ون الا ان یشاء اللہ﴾ . (سورۃ الدھر : ۳۰) . ﴿وما تشاء ون الا ان یشاء اللہ رب العٰلمین﴾ . (سورۃ التکویر: ۲۹)

ما في " الإبانة عن أصول الديانة " : أجمع عليه المسلمون من أن ما شاء الله كان ، وما لم يشأ لم يكن ، ورداً لقول الله عز وجل : ﴿وما تشاء ون إلا أن يشاء الله﴾ . (ص/۱۲)

ما في " مرقاة المفاتيح " : من اعتقد أن شيئاً سوى الله ينفع أو يضر بالاستقلال فقد أشرك أي شركاً جلياً . (۸/۳۹۸ ، تحت رقم :۴۵۸۷) (فتاویٰ دارالعلوم دیوبند:۶۱۲/۱۸، ایمان کا بیان)=

طرح تم شیر سے بھاگتے ہو۔"(۳)

اس حکم کی وجہ صرف اور صرف یہ ہے کہ انسان کا ایمان کمزور نہ ہو جائے، اور توحید کے سلسلے میں وہ شک میں مبتلا نہ ہو جائے، یعنی کمزور عقیدے والا، خارش زدہ، یا کوڑھ کے مریض کے ساتھ رہتے ہوئے اگر اس بیماری میں مبتلا ہو جائے گا، تو کہے گا کہ کھُجلی اور کوڑھ والے کی صحبت کی وجہ سے مجھے بھی بیماری لگ گئی، اسی طرح طاعون و پلیگ کی بیماری کے متعلق آپ ﷺ نے فرمایا کہ- "جس شہر میں طاعون پھوٹ پڑا ہو، وہاں مت جاؤ، اور اگر پہلے سے اس شہر میں ہوں، تو وہاں سے باہر نہ جاؤ"(۴)، کیوں کہ شہر میں جانے سے اگر وہ بیماری بہ تقدیرِ الٰہی لاحق ہوگئی، تو کمزور ایمان والا سمجھے گا کہ فُلاں شخص شہر میں آیا، تو اس کی وجہ سے بیماری لگ گئی، لہٰذا آپ ﷺ نے عقیدے کی خرابی سے بچانے کے لیے سدّ باب کے طور پر اُس شہر میں جانے سے ہی منع فرما دیا۔(۵)

الحجة على ما قلنا :

=(۱) ما في " صحيح البخاري " : عن أنس بن مالک عن النبي ﷺ قال : " لا عدوى ولا طيرة ، ويعجبني الفأل ، قالوا : وما الفال ؟ قال : الكلمة الطيبة " .

(۲/ ۸۵۹، کتاب الطب ، باب لا عدوى ، قديمي)

ما في " صحيح مسلم " : عن أبي هريرة قال : قال رسول الله ﷺ : " لا عدوى ولا هامة ولا طيرة وأحب الفال الصالح " .

(۲/ ۲۳۱، کتاب السلام ، باب الطيرة والفال وما يكون فيه الشوم)

ما في " مشكوة المصابيح " : عن أبی هريرة قال: قال رسول الله ﷺ : " لا عدوى=

....

= ولا طيرة ولا هامة ولا صفر ". رواه البخاري. (ص/ ۱۳۹۱، باب الفال والطيرة)
(۲) ما في " القرآن الكريم ": ﴿وما تشآءون إلا أن يشاء اللّٰه ان اللّٰه كان عليما حكيما﴾.
(سورة الدهر: ۳۰). ﴿وما تشآءون إلا أن يشاء اللّٰه رب العٰلمين﴾. (سورة التكوير: ۲۹).
﴿قل لا أملك لنفسي ضرا ولا نفعا الا ما شاء الله﴾. (سورة هود: ۴۸)
ما في " التفسير المظهري ": فإنه رب كل شيء وخالق كل شيء من الأعيان والأعراض وأفعال العباد وغير ذلك. اهـ. (۱۸۳/۱۰، سورة التكوير: ۲۹)
ما في " مرقاة المفاتيح ": من اعتقد أن شيئاً سوى الله ينفع أو يضر بالاستقلال فقد أشرك أي شركاً جلياً. (۳۹۸/۸، تحت الرقم: ۴۵۸۷)
ما في " الإبانة عن أصول الديانة ": فأخبرتعالى: إنا لا نشاء شيئا إلا قد شاء الله أن يشاء ه ..... أجمع عليه المسلمون من أن ما شاء الله كان، وما لم يشأ لم يكن. (ص/۱۲)
ما في " القول المفيد على كتاب التوحيد ": وأما النوع الثاني فالشرك في الربوبية، فإن الرب سبحانه هو المالك المدبر المعطي المانع النافع الضار الخافض الرافع المعز المذل. فمن شهد أن المعطي أو المانع أو الضار أو النافع أو المعز أو المذل غيره فقد أشرك بربوبيته .... قوله ﷺ لإبن عباس رضي الله عنهما: " واعلم أن الأمة لو اجتمعوا على أن ينفعوك لم ينفعوك إلا بشيء قد كتبه الله لك ". فهذا يدل على أنه لا ينفع في الحقيقة إلا الله ولا يضر غيره. (۱۲/۱، تعريف التوحيد وأقسامه)
(۳) ما في " صحيح البخاري ": حدثنا سعيد بن ميناءَ قال: سمعت أبا هريرة يقول: قال رسول الله ﷺ: " لا عدوى ولا طيرة ولا هامة ولا صفر، وفِرَّ من المجذوم كما تفرّ من الأسد ". (ص/۴۸۸، كتاب الطب، باب الجُذام، الرقم: ۵۷۰۷، دار السلام الرياض)
(۴) ما في " صحيح البخاري ": حدثنا حفص بن عمر: حدثنا شعبة قال: أخبرني حبيب بن أبي ثابت قال: سمعت إبراهيم بن سعد قال: سمعت أسامة بن زيد يحدث سعدا، عن النبي ﷺ قال: " إذا سمعتم بالطّاعون بأرض فلا تدخلوها، وإذا وقع بأرض وأنتم بها فلا تخرجوا منها ". (وفيه عن عبد الرحمن بن عوف): سمعت رسول الله ﷺ يقول: " إذا سمعتم به بأرض فلا تَقدَموا عليه، وإذا وقع بأرض وأنتم بها فلا تخرجوا فرارا منه " – الحديث. =

....

....

....

....

....

....

=(ص/ ۴۸۹، ۴۹۰ ، كتاب الطب ، باب ما يذكر في الطاعون ، الرقم :۵۷۲۸ ، ۵۷۲۹ ، ۵۷۳۰ ، دار السلام الرياض)

(۵) ما في " عمدة القاري " : قوله : " لا عدوى " – هي اسم من الإعداء كالرعوى والبقوى من الإرعاء والإبقاء ، يقال : أعداه الداء يعديه إعداء وهو أن يصيبه مثل ما بصاحب الداء ، وكانوا يظنون أن المرض بنفسه يعدي فأعلمهم النبي ﷺ أن الأمر ليس كذلك ، وإنما الله عز وجل هو الذي يمرض وينزل الداء ، ولهذا قال : فمن أعدى الأول ؟ أي : من أين صار فيه الجرب ؟ اهـ . (۲۱/ ۳۶۸ ، كتاب الطب ، باب الجذام ، تحت الرقم :۵۷۰۷)

ما في " الموسوعة الفقهية " : إن المراد بنفي العدوى أن شيئًا لا يُعدى بطبعه نفيا لما كانت الجاهلية تعتقده أن الأمراض تُعدي بطبعها من غير إضافة إلى الله تعالى فأبطل النبي ﷺ اعتقادهم ذلک ، وأكل مع المجذوم ليبيّن لهم أن الله هو الذي يُمرض ويشفي ، ونهاهم عن الدنو منه ليبيّن لهم أن هذا من الأسباب التي أجرى الله العادة بأنها تُفضي إلى مسبّباتها ، ففي نهيه إثبات الأسباب ، وفي فعله إشارة إلى أنها لاتستقلّ ، بل الله هو الذي إن شاء سلبها قواها فلا تؤثّر شيئًا وإن شاء أبقاها فأثّرت ، وعلى هذا جرى أكثر الشافعية . ويُحتمل أيضًا أن يكون أكله مع المجذوم أنه كان به أمر يسير لا يُعدي مثلُه في العادة ، إذ ليس الجَذمَى كلهم سواء ولا تحصل العدوى من جميعهم . ۵ – العمل بنفي العدوى أصلا ورأسا وحمل الأمر بالمجانبة على حَسم المادّة ، وسدّ الذريعة لئلا يحدُث للمخالط شيء من ذلک فيظنّ أنه بسبب المخالطة فيُثبت العدوى التي نفاها الشارع .

(۱۵/ ۱۳۲ ، جذام ، اختلاط المجذوم بالناس)

قرآنیات

قرآن کریم سے متعلق مسائل

قرآن پاک کو عربی زبان وعربی لہجے میں پڑھنا

مسئلہ (۲۰): قرآن پاک چوں کہ عربی زبان میں نازل ہوا ہے[۱]، اس لیے قرآن پاک کو عربی زبان میں، عربی لہجے میں پڑھنا ضروری ہے[۲]، عربی زبان کے علاوہ محض انگلش، ہندی، مراٹھی، گجراتی یا کسی اور زبان میں قرآن پاک پڑھنا جائز نہیں ہے[۳]، اسی طرح متنِ قرآن کے بغیر کسی بھی زبان میں تنہا ترجمۂ قرآن کی اشاعت ناجائز ہے، اس لیے اسے خریدنا، تقسیم کرنا، اور ہدیہ کرنا درست نہیں ہے[۴]، ہاں! اصل متنِ عربی کے ساتھ انگلش یا کسی اور زبان میں قرآن کریم کی مستند تفسیر وترجمہ کو شائع کرنا جائز ہے، اس لیے اس کا خریدنا، تقسیم کرنا اور ہدیہ کرنا بھی جائز ودرست ہے۔

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما في " بدائع الصنائع " : وأما بيان مقدار الماء الذي يغتسل به : فقد ذكر في ظاهر الرواية وقال : أدنى ما يكفي في الغسل من الماء صاع ، وفي الوضوء مد ، لما روي عن جابر رضي الله عنه : " أن النبي ﷺ كان يتوضأ بالمُدّ ويغتسل بالصّاع " فقيل له : إن لم يكفنا ؟ فغضب وقال : " لقد كفى من هو خير منكم وأكثر شعرًا " ...... ثم هذا التقدير الذي ذكره محمد من الصاع والمد في الغسل والوضوء ، ليس بتقدير لازم ، بحيث لا يجوز النقصان عنه أو الزيادة عليه ، بل هو بيان مقدار أدنى الكفاية عادة ، حتى أن من أسبغ الوضوء والغسل بدون ذلك أجزاه ، وإن لم يكفه زاد عليه ، لأن طباع الناس وأحوالهم تختلف ، والدليل عليه ما روي : " أن رسول الله ﷺ كان يتوضأ بثلثي مدّ " لكن ينبغي أن يزيد عليه بقدر =

گوشت کے ریشے دانتوں میں باقی رہ جائیں

مسئلہ (۴۹): بعض لوگوں کے دانتوں کے درمیان جگہ ہونے کی وجہ سے، بعض مرتبہ گوشت کے ریشے یا کھانے کے ٹکڑے اس میں جا کر پھنسے رہ جاتے ہیں، تو اگر یہ خلال وغیرہ کے ذریعے آسانی سے نکل سکیں، تو انہیں نکال دینا چاہیے، اور اگر بہت کوشش کے بعد بھی نہ نکلیں، تو اُن کے باقی رہتے ہوئے بھی وضو اور غسل ہو جائے گا، کیوں کہ یہ ریشے اور ٹکڑے اتنے سخت نہیں ہوتے جو پانی کے پہنچنے سے مانع ہوں، ہاں! اگر کسی وجہ سے پانی نہ پہنچنے کا یقین ہو جائے، تو پھر اُن کا نکالنا ضروری ہوگا۔[1]

=ما لا إسراف فيه . (۱/۲۷۰ ، ۲۷۱، ۲۷۲، کتاب الطهارة ، فصل في أحكام الغسل ، المبسوط للسرخسي : ۱/۱۴۹، ۱۵۰، کتاب الطهارة ، باب الوضوء والغسل ، الفتاوى الهندية : ۱/۱۶، کتاب الطهارة ، الباب الثاني في الغسل ، الفصل الثالث في المعاني الموجب للغسل ومما يتصل بذلک مسائل) (فتاویٰ دار العلوم دیوبند، رقم الفتویٰ:۵۴۶۲۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " التنوير مع الدر والرد " : ولا يمنع ما على ظفر صباغ ولا طعام بين أسنانه أو في سنّه المجوف . به يفتى . وقيل : إن صلبا منع ، وهو الأصح . تنوير مع الدر . وفي الشامية : قوله : (به يفتى) صرّح به في الخلاصة وقال : لأن الماء شيء لطيف يصل تحته غالبًا .... ومفاده عدم الجواز إذا علم أنه لم يصل الماء تحته .

(۱/۲۸۹، کتاب الطهارة ، مطلب أبحاث الغسل)

ما في " الفتاوى الهندية " : ولو كان سنّه مجوفا فبقي فيه أو بين أسنانه طعام أو درن رطب في أنفه ثم غسله على الأصح . كذا في الزاهدي .

(۱/۱۳، کتاب الطهارة ، الباب الثاني في الغسل ، الفصل الأول في فرائضه)=

اجرت دے کر وضو کرانا لازم

مسئلہ (۵۰): اگر کوئی شخص ایسا مریض ومعذور ہے کہ بلا اعانتِ غیر، وضو سے عاجز وقاصر ہے، اعانت کرنے والا بھی موجود ہے، لیکن اعانتِ وضو پر اجرت طلب کرتا ہے، اور یہ اجرت، اجرتِ مثل ہے، اور مریض اس کی ادائیگی پر قادر بھی ہے، تو اس کے لیے اجرت دے کر وضو کرانا لازم ہے، تیمّم کرنا جائز نہیں۔ (۱)

=ما في " الفتاوى التاتارخانية " : وإذا اغتسل من الجنابة وبقي بين أسنانه طعام فلم يصل الماء تحته جاز ، لأن ما بين الأسنان رطب فلا يمنع وصول الماء إلى ما تحته ، وفي المضمرات : وبه يفتى . (۱/۸۴، كتاب الطهارة ، الفصل الثالث في الغسل ، نوع آخر في بيان فرائضه وسننه ، حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح :ص/۱۰۲ ، كتاب الطهارة ، فصل لبيان فرائض الغسل) (فتاویٰ دار العلوم دیوبند، رقم الفتویٰ:۴۵۹۷۷)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الدر المختار مع الشامية " : أو لمرض .... أو لم يجد من يوضيه فإن وجد ولو بأجر مثل وله ذلک لا يتيمم في ظاهر المذهب كما في البحر .

(۱/۳۵۲ ، كتاب الطهارة ، باب التيمم)

ما في " البحر الرائق " : وإن وجد خادما كعبده وولده وأجيره لا يجزيه التيمم اتفاقا كما نقله في المحيط .... ما في التجنيس : وظاهره أنه لو لم يكن أجير لكن معه ما يستأجر به أجيرا لا يجزئه التيمم قل الأجر أو كثر فإنه قال : أو عنده من المال مقدار ما يستأجر به أجيرا .

(۱/۴۴۵، ۴۴۶، كتاب الطهارة ، باب التيمم)

ما في " الفتاوى الولوالجية " : المريض إذا أقعده المرض بحيث لا يستطيع الحركة إن كان له خادم أو عنده من المال مقدار ما يستأجر به أجيرا أو بحضرته من المسلمين ما لو يستعان به على الوضوء أعانه وهو بحال لو وضأه لا يدخله الضرر لا يجوز له التيمم لأنه قادر على التوضي . (۱/۶۲، كتاب الطهارة ، الفصل السابع في التيمم)=

واجب غسل میں تاخیر

مسئلہ (۵۱): غسل واجب ہونے کے بعد، غسل میں اتنی تاخیر کرنا کہ نماز قضا ہوجائے، جائز نہیں ہے، اور یہ حکم مرد وعورت دونوں کے لیے ہے، عورت کے لیے جنابت کی حالت میں بچے کو دودھ پلانا جائز ہے، البتہ بہتر یہ ہے کہ غسل سے فارغ ہوکر پاکی کی حالت میں پلائے، تاکہ بچے پر اچھے اثرات مرتب ہوں۔ (۱)

=ما في " الفتاوى الهندية " : فإن وجد خادما أو ما يستأجر به أجيرا أو عنده من لو استعان به أعانه فعلى ظاهر المذهب أنه لا يتيمم لأنه قادر . كذا في فتح القدير . (۲۸/۱، كتاب الطهارة ، الباب الرابع في التيمم ، الفصل الأول) (فتاویٰ حقانیہ:۵۵۲/۲)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿فخَلفَ من بعدهم خلفٌ اضاعوا الصلوة واتبعوا الشهوات فسوف يلقون غيّا﴾ . (سورة مريم : ۵۹) ﴿فويل للمصلّين الذين هم عن صلوتهم ساهون﴾ . (سورة الماعون : ۴، ۵)

ما في " التفسير المظهري " : (أضاعوا) أي تركوا (الصلوة) المفروضة ، وقال ابن مسعود وإبراهيم : أخروها عن وقتها ، وقال سعيد بن المسيب : هو أن لا يصلي الظهر حتى يأتي العصر ، ولا العصر حتى تغرب الشمس . (۲۹/۶، سورة مريم : ۵۹)

ما في " روح المعاني " : (أضاعوا الصلوة) وإضاعتها على ما روي عن ابن مسعود والنخعي والقاسم بن مخيمرة ومجاهد وإبراهيم وعمر بن عبد العزيز : تأخيرها عن وقتها . (۱۵۹/۹، الجزء السادس عشر)

ما في " التفسير المظهري " : روى البغوي بسنده عن مصعب بن سعد بن أبي وقاص عن أبيه قال : سئل رسول الله ﷺ هم عن صلوتهم ساهون ؟ قال : إضاعة الوقت ، وفي رواية ابن جرير وأبي يعلى قال : هم الذين يؤخرون الصلوة عن وقتها . (۳۳۳/۱۰ ، الماعون : ۵)

ما في " روح المعاني " : (فويل للمصلين الذين هم عن صلوتهم ساهون) أي غافلون=

کتاب الصلاۃ

نماز سے متعلق مسائل

فصل في الجماعة

عذر کی بنا پر گھر پر اہلیہ کے ساتھ نماز باجماعت

مسئلہ (۵۲): اگر کوئی شخص کسی عذر کی بنا پر مسجد میں نماز باجماعت کے لیے وقتِ مقررہ پر نہ پہنچ پائے، اور جماعت کی فضیلت حاصل کرنے کے لیے وہ گھر میں اپنی اہلیہ کے ساتھ جماعت کرے، تو ایسی صورت میں اہلیہ کو ایک صف پیچھے کھڑا کیا جائے، مرد کی طرف دائیں جانب نہ کھڑا کیا جائے[1]، نیز گھر میں اہلیہ کے ساتھ جماعت کی عادت نہ بنالیں، کہ یہ بڑی محرومی کی بات ہے۔[2]

= غير مبالين بها حتى تفوتهم بالكلية ، أو يخرج وقتها ..... وعن ابن عباس وجماعة تأخيرها عن وقتها ، وفيه حديث أخرجه غير واحد عن سعد بن أبي وقاص مرفوعا ، وقال الحاكم والبيهقي : وقفه أصح . (۱۶/۴۳۶ ، الجزء الثلاثون ، سورة الماعون :۵)

(آپ کے مسائل اوران کا حل:۳/۱۱۶،جدید)

ما في " مرقاة المفاتيح " : (عن عائشة رضي الله عنها قالت : كنت أرجل رأس رسول الله ﷺ) أي شعر رأسه (وأنا حائض) فيه جواز المخالطة مع الحائض .... وفي الحديث دلالة على طهارة بدن الحائض وعرقها . (۸/۲۷۰، ۲۷۱، اللباس ، باب الترجل ، الفصل الأول)

ما في " الفتاوى الهندية " : وإن أراد أن يأكل أو يشرب فينبغي أن يتمضمض ويغسل يده . كذا في السراج الوهاج . (۱/۱۶ ، كتاب الطهارة ، قبيل الباب الثالث في المياه) (آپ کے مسائل اوران کا حل:۳/۱۴۰،جدید، خیر الفتاویٰ:۲/۸۷،۸۸، فتاویٰ دار العلوم دیوبند، رقم الفتویٰ:۲۹۰۶۶)=

....

....

....

....

....

الحجة على ما قلنا :

=(۱) ما في " حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح " : قوله : (أو امرأة) حتى لو صلى في بيته بزوجته أو جاريته ، أو ولده فقد أتى بفضيلة الجماعة . كذا في الشرح .

(ص/۲۸۷ ، كتاب الصلاة ، باب الإمامة ، مكتبه شيخ الهند ديوبند)

ما في " رد المحتار " : قوله : (أما الواحدة فتتأخر) فلو كان معه رجل أيضًا يقيمه عن يمينه والمرأة خلفها . (۲/۳۰۷ ، باب الإمامة ، مطلب إذا صلى الشافعي قبل الحنفي الخ)

ما في " بدائع الصنائع " : وإذا كان مع الإمام امرأة أقامها خلفه لأن محاذاتها مفسدة .

(۱/۳۹۲ ، كتاب الصلاة ، فصل في بيان مقام الإمام والمأموم)

(۲) ما في " صحيح البخاري " : عن أبي هريرة رضي الله عنه يقول : قال رسول الله ﷺ : "صلاة الرجل في الجماعة تضعّف على صلاته في بيته وفي سوقه خمسا وعشرين ضعفا " . الحديث . (۱/۹۷ ، كتاب الأذان ، باب فضل صلاة الجماعة ، الرقم :٦٤٧)

ما في " سنن أبي داود " : عن أبي هريرة يقول : قال رسول الله ﷺ : " لقد هممت أن آمر فِتيتي فيجمعو حُزما من حطب ثم آتي قوما يصلون في بيوتهم ليست بهم علة فأحرّقها عليهم" . (ص/۸۱ ، كتاب الصلاة ، باب التشديد في ترك الجماعة ، الرقم : ۵۴۹)

وفيه أيضًا : عن عبد الله بن مسعود قال : " حافظوا على هؤلاء الصلوات الخمس حيث ينادى بهن فإنهن من سنن الهدى وإن الله عز وجل شرع لنبيه ﷺ سنن الهدى ولقد رأيتنا وما يتخلف عنها إلا منافق بيّن النفاق ، ولقد رأيتنا وإن الرجل ليهادي بين الرجلين حتى يقام في الصف وما منكم من أحد إلا وله مسجد في بيته ولوصليتم في بيوتكم وتركتم مساجدكم تركتم سنة نبيّكم ولو تركتم سنة نبيكم لكفرتم " . (ص/۸۱، الرقم : ۵۵۰)

(فتاویٰ بنوریہ، رقم الفتویٰ:۹۳۹۶)

خدمتِ خلق کے ساتھ فرائضِ خالق کی ادائیگی ضروری

مسئلہ (۵۳): بعض لوگ غریبوں، مسکینوں، محتاجوں، محلّہ اور گاؤں والوں کی انسانیت کی وجہ سے خدمت اور مدد کرتے ہیں، جو بڑی خوش نصیبی ہے، مگر وہ لوگ نماز، روزہ، زکوۃ اور حج وغیرہ فرائض میں سُستی اور کوتاہی کرتے ہیں، اور سمجھتے ہیں کہ انسانیت کی خدمت کی وجہ سے ہم آخرت میں بھی نجات پالیں گے، حالاں کہ انسانیت کی خدمت کی وجہ سے اللہ تعالیٰ اُن کی دنیوی ضروریات تو پوری فرمادے گا(۱)، لیکن یہ خدمت آخرت میں فرائض کا بدل نہیں ہوگی، کیوں کہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ: ''میں نے بندے پر جو کام فرض کیے ہیں، ان کے علاوہ اور کسی چیز سے وہ میرا قرب حاصل نہیں کرسکتا۔''(۲) ''اور میں نے بندے کے ذمے جو کام فرض کیے ہیں، اُن کے ادا کیے بغیر بندہ میرے عذاب سے چھٹکارا حاصل نہیں کرسکتا۔''(۳)، لہٰذا خدمتِ خَلق کے ساتھ ساتھ فرائضِ خالق کا ادا کرنا بھی ضروری ہے۔

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في '' صحيح البخاري '' : عن عبد الله بن عمر أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال : '' المسلم أخو المسلم لا يظلمه ولا يسلمه ، ومن كان في حاجة أخيه كان الله في حاجته ، ومن فرج عن مسلم كربة فرج الله عنه كربة من كربات يوم القيامة '' . الحديث .

(۱/ ۳۳۰ ، أبواب المظالم ، باب لا يظلم المسلم المسلم ولا يسلمه ، صحيح مسلم : ۲/ ۳۲۰ ، كتاب البر والصلة ، باب تحريم الظلم ، الرقم : ۲۵۸۰، مشكوة المصابيح : ص/ ۴۲۲، كتاب الآداب ، باب الشفقة والرحمة على الخلق ، الرقم : ۴۹۵۸)=

فصل في الإمامة

بیٹھ کر نماز پڑھنے یا اشارہ کرنے والے کی امامت

مسئلہ (۵۴): اگر کوئی شخص گھٹنوں اور کمر میں تکلیف ہونے کی وجہ سے قیام پر قدرت نہ رکھنے کی بنا پر، بیٹھ کر رکوع سجدے سے نماز پڑھتا ہے، تو ایسا شخص کھڑے ہوکر نماز پڑھنے والوں کی امامت کرسکتا ہے، اور جو رکوع سجدے کے بجائے، اشارے سے نماز پڑھتا ہے، وہ ان لوگوں کی امامت نہیں کرسکتا، جو حقیقت میں رکوع سجدے پر قادر ہوں۔(۱)

=(۲) ما في " مشكوة المصابيح " : عن أبي هريرة رضي الله عنه قال : قال رسول الله ﷺ : "إن الله تعالى قال : من عاد لي وليًّا فقد آذنته بالحرب ، وما تقرّب إليّ عبدي بشيء أحب إليّ مما افترضت عليه " . الحديث . (ص/۱۹۷ ، كتاب الدعوات ، باب ذكر الله عز وجل والتقرب إليه ، الفصل الأول ، صحيح البخاري ، كتاب الرقاق ، باب التواضع ، الرقم : ۶۵۰۲) (روضۃ الفتاویٰ:۳/۱۳۵)

(۳) ما في " التعليق الصبيح على مشكوة المصابيح " : قوله : (وما تقرب إلي عبدي بشيء أحب إلى مما افترضت عليه) دخل تحت هذا اللفظ جميع فرائض العين والكفاية والفرائض الظاهرة فعلا كالصلاة والزكاة وغيرها من العبادات .... وروي عن عيسى عليه الصلاة والسلام ، يقول الله تعالى : " بالفرائض نجا مني عبدي ، وبالنوافل تقرب إلي عبدي " . وفي أثر آخر قال الله تعالى : " لا ينجو مني عبدي إلا بأداء ما افترضته عليه " كذا في الإحياء .

(۳/۷۷، كتاب الدعوات ، باب ذكر الله عز وجل والتقرب إليه ، تحت الرقم : ۲۲۶۶)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " التنوير مع الدر والرد " : (وصح اقتداء متوضئ بمتيمم وغاسل بماسح وقائم بقاعد) يركع ويسجد ، لأنه ﷺ صلى آخر صلوته قاعدا وهم قيام وأبو بكر يبلغهم =

باب صفة الصلوة

مقتدی جتنی دیر چاہے دعا مانگے، امام کی متابعت ضروری نہیں

مسئلہ (۵۵): فرض نمازوں کے بعد امام ومقتدی یا منفرد کا دعا کرنا اور دعا میں ہاتھ اٹھانا، احادیثِ نبویہ اور روایاتِ فقہیہ سے ثابت ہے، مگر یہ صرف مستحب کے درجے میں ہے، پس امام اور مقتدی اس مستحب پر عمل کریں، تو ضمناً خود بخود اجتماعی دعا ہوجائے گی، اور یہ جائز ہے، لیکن آج کل فرض نمازوں کے بعد اجتماعی دعا کی جو صورت اختیار کی گئی ہے، کہ امام اور مقتدی سب مل کر دعا کی ابتدا اور انتہا

=تكبيره . تنوير مع الدر . وفي الشامية : وقيد القاعد بكونه يركع ويسجد ، لأنه لو كان موميا لم يجز اتفاقًا . (۳۳۶/۲ ، باب الإمامة ، قبيل مطلب في رفع المبلغ صوته زيادة الخ)

ما في " الاختيار لتعليل المختار " : ويجوز اقتداء المتوضئ بالمتيمم والغاسل بالماسح والقائم بالقاعد . (المختار) . وفي الاختيار : قال : (والقائم بالقاعد) خلافا لمحمد ، وهو القياس ، لأن القائم أقوى حالا ، ولنا : أنه ﷺ آخر صلاة صلاها قاعدا والناس خلفه قيام ، وبمثله يترك القياس . (۲۰۹/۱ ، فصل في صلاة الجماعة ، مجمع الأنهر : ۱۶۹/۱ ، فصل في صلاة الجماعة ، تبيين الحقائق : ۳۶۴/۱ ، باب الإمامة والحدث في الصلاة)

ما في " اللباب في شرح الكتاب " : (ويصلي القائم خلف القاعد) وقال محمد : لا يجوز وهو القياس ، لقوة حال القائم ، ونحن تركناه بالنص ، وهو ما روي أنه ﷺ " صلى آخر صلوته قاعدا والقوم خلفه قيام " هدايه . (ولا يصلي الذي يركع ويسجد خلف المومئ) لأن حال المقتدي أقوى . (ص/۹۲ ، ۹۳ ، باب صلاة الجماعة ، حلبي كبير : ص/۵۱۸ ، فصل الإمامة ، من لا يصح الاقتداء به) (فتاویٰ دار العلوم دیوبند، رقم الفتویٰ: ۳۸۹۵۸)

ایک ساتھ کرتے ہیں، جس کی بنا پر مقتدی امام کی دعا کا انتظار کرتے رہتے ہیں، اور امام سے پہلے اپنی دعا بھی ختم نہیں کرتے، کیوں کہ یہ عمل لوگوں میں معیوب سمجھا جاتا ہے، حتی کہ امام کی جہری دعا کے جواب میں بآوازِ بلند آمین، یا دیگر جوابی کلمات نہ بولنے والے کو حقارت کی نظر سے دیکھا جاتا ہے، اور بسا اوقات مقتدی کو اپنی نماز سے فراغت کے بعد، امام کی دعا کے انتظار میں بیٹھنا پڑتا ہے، یہ سب ایسی باتیں ہیں، جن کا کتاب وسنت اور قرونِ مشہود لہا بالخیر میں کہیں ثبوت نہیں ملتا، اس لیے یہ طریقہ درست نہیں، نیز امام اور مقتدی کا اجتماع ایک ضمنی چیز ہے، مقصود نہیں، لہٰذا اس کو اصل دعا سے مزید بڑھانے کی کوشش کرنا، اور ضروری سمجھنا غلط ہے، بلکہ امام کو بھی اختیار ہے کہ جتنی دیر چاہے دعا مانگے، اور مقتدی کو بھی اختیار ہے، اس دعا میں کوئی ایک دوسرے کا تابع نہیں، اگر مقتدی چاہے تو مختصر دعا مانگ کر چلا جائے، یا امام کے ساتھ دعا ختم کرے، یا امام کی دعا سے زیادہ دیر تک دعا مانگتا رہے، ہر طرح جائز ہے، اور فرائض کے بعد دعا کے استحباب پر عمل ہو جائے گا۔ (۱)

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما في ” کتاب عمل الیوم واللیلة “ : عن أم سلمة رضي الله عنها تقول : کان رسول الله ﷺ إذا صلی الصبح قال : ” اللهم إني أسئلک علمًا نافعاً وعملا مستَقبلا ورزقًا طیبًا “ .

(الرقم : ۱۱۰)

وفیه أیضًا : وعن زید بن أرقم رضي الله عنه قال : سمعت رسول الله ﷺ یدعو في دبر الصلاة یقول : ” اللهم ربنا وربّ کل شيء ، أنا أشهد أنک أنت الرب ، وحدک لا شریک لک . اللهم ربنا ورب کل شيء ، أنا أشهد أن محمدا عبدک ورسولک . اللهم ربنا ورب کل شيء أشهد أن العباد کلهم اخوة . اللهم ربنا ورب کل شيء اجعلني مخلصًا لک في =

....

=كل ساعة وأهلي في الدنيا والآخرة ، يا ذا الجلال والإكرام . اللهم اسمع واستجب ، الله اكبر الله اكبر نور السمٰوات والأرض ، الله اكبر الله اكبر ، حسبي الله ونعم الوكيل ، الله اكبر الله اكبر " . (الرقم :١١٤)

وعن أبي أمامة قال : ما دنوت من رسول الله صلى الله عليه وسلم في دبر صلاة مكتوبة ولا تطوع إلا سمعته يقول : " اللهم اغفرلي ذنوبي وخطاياي كلها . اللهم أنعشني واجبرني واهدني لصالح الأعمال والأخلاق ، إنه لا يهدي لصالحها ولا يصرف سيئها إلا أنت " . (الرقم :١١٦)

عن معاذ بن جبل رضي الله عنه قال : لقيت النبي صلى الله عليه وسلم فقال لي : يا معاذ ! إني أحبک فلا تدع أن تقول في دبر كل صلاة : " اللهم أعني على ذكرک وشكرک وحسن عبادتک " .

(الرقم :١١٨)

عن أنس رضي الله عنه قال : ما صلى بنا رسول الله صلى الله عليه وسلم صلاة مكتوبة إلا أقبل بوجهه علينا فقال : " اللهم إني أعوذبک من كل عمل يخزيني ، وأعوذبک من كل صاحب يرديني، وأعوذبک من كل أمل يلهيني ، وأعوذبک من كل فقر ينسيني ، وأعوذبک من كل غنى يطغيني " . (الرقم :١٢٠) (فتاویٰ بنوریہ، رقم الفتویٰ:٣٢٦٣٩، فتاویٰ محمودیہ:١٣/١٣٣-١١٦، میرٹھ)

عن أنس بن مالک رضي الله عنه ، عن النبي صلى الله عليه وسلم أنه قال : " ما من عبد بسط كفيه في دبر كل صلاة ، ثم يقول : " اللهم إلهي وإله ابراهيم واسحاق ويعقوب وإله جبرئيل وميكائيل واسرافيل عليهم السلام – اسألک أن تستجيب دعوتي فإني مضطر ، وتعصمني في ديني فإني مبتلي وتنالني برحمتک فإني مذنب وتنفي عن الفقر ، فإني متمسكن إلا كان حقا على الله عز وجل أن لا يرد يد يد خائبتين . (الرقم :١٣٨)

(ص/٤٤ ، ٤٥ ، ٤٦ ، ٤٧ ، ٥٣ ، باب ما يقول في دبر صلاة الصبح)

ما في " الدر المختار مع الشامية " : ويستحب أن يستغفر ثلاثا ويقرأ آية الكرسي والمعوذات ويسبح ويحمد ويكبر ثلاثا وثلاثين ، ويهلل تمام المائة ويدعو ويختم بسبحان ربک . (٢/٢٤٧ ، باب صفة الصلاة ، مطلب هل يفارقه المكان)

ما في " مراقي الفلاح مع حاشية الطحطاوي " : (و) يستحب (أن يستقبل بعده) أي بعد التطوع ، وعقب الفرض إن لم يكن بعده نافلة يستقبل (الناس) إن شاء إن لم يكن في مقابله=

سجدے میں دعا مانگنا

مسئلہ (۵۶): بعض لوگ نماز کے علاوہ صرف دعا کے لیے سجدہ کرکے دعا کرتے ہیں، جب کہ نبی کریم ﷺ سے جو سجدے میں دعا مانگنے کی روایات ملتی ہیں، اس سے مراد نفلوں میں دعائے ماثورہ کا مانگنا ہے، الگ سے سجدہ کرکے دعا مانگنا کسی حدیث سے ثابت نہیں (۱)، نیز لوگوں کے سامنے اور فرض نمازوں کے بعد سجدے میں جاکر دعا مانگنا منع ہے، البتہ تنہائی میں سجدے میں گر کر دعا کرنے میں مضائقہ نہیں۔ (۲)

=مصل ..... (ثم يدعون لأنفسهم وللمسلمين) بالأدعية المأثورة الجامعة لقول أبي أمامة قيل : يا رسول الله ! أي الدعاء أسمع ؟ قال : جوف الليل الآخر ودبر الصلوات المكتوبات (رافعي أيديهم) حذاء الصدر ، وبطونها مما يلي الوجه بخشوع وسكون . (ص/۳۱۴، ۳۱۶، ۳۱۷، كتاب الصلاة ، فصل في صفة الأذكار الواردة بعد صلاة الفرض)

ما في " الكوكب الدري على الترمذي " : لا بدّ من اتيان الدعاء مستقلا على حدة فيعزز تارك الدعوات بعد الصلوات ولا يعذر على تركها . (الكوكب) . قال المحشي رحمه الله : ويغتنم الدعاء بعد المكتوبة وقبل السنة على ما روي عن البقالي من أنه قال : الأفضل أن يشتغل بالدعاء ثم بالسنة . (۲/۲۹۱ ، أبواب الدعوات عن رسول الله ﷺ)

ما في " مجموعة رسائل اللكنوي " : فكم من مباح يصير بالالتزام من غير لزوم والتخصيص من مخصص مكروها . (۳/۴۹۰ ، رسالة سباحة الفكر في الجهر بالذكر، الباب الأول ، السعاية في كشف ما في شرح الوقاية : ۲/۲۶۵، باب صفة الصلاة ، قبيل فصل في القراءة)

ما في " شرح الطيبي " : ان من أصر على أمر مندوب وجعله عزما ولم يعمل بالرخصة فقد أصاب منه الشيطان من الإضلال . (۲/۴۴۶ ، كتاب الدعاء ، باب الدعاء في التشهد ، الفصل الأول ، تحت الرقم : ۹۴۶، مرقاة المفاتيح :۳/۲۶) =

بیٹھ کر نماز پڑھنے والے کے رکوع کی حد

مسئلہ (۵۷): بیٹھ کر نماز پڑھنے والے شخص کے لیے رکوع کے وقت بہتر یہ ہے کہ اتنا جھکے کہ پیشانی گھٹنوں کے مقابل ہوجاوے، لیکن اگر کمر اور سر کو تھوڑا سا جھکا دے، تو بھی اس کا رکوع ادا ہوجائے گا۔(۱)

الحجة على ما قلنا :

=(۱) ما في " مشكوة المصابيح " : عن أبي هريرة قال : كان النبي ﷺ يقول في سجوده : "اللهم اغفرلي ذنبي كله دِقَّه وجلَّه وأوله وآخره وعلانيّته وسرّه " . رواه مسلم . وعن عائشة رضي الله عنها قالت : فقدت رسول الله ﷺ ليلة من الفراش فالتمستُه فوقعتُ يدي على بطن قدميه وهو في المسجد وهما منصوبتان وهو يقول : " اللهم إني أعوذ برضاك من سخطك وبمعافاتك من عقوبتك وأعوذبك منك ، لا أحصي ثناء عليك أنت كما أثنيت على نفسك " رواه مسلم .(ص/۸۴ ، كتاب الصلاة ، باب السجود وفضله ، الفصل الأول ، صحيح مسلم : ۱/۱۹۱ ، ۱۹۲ ، كتاب الصلاة ، باب ما يقول في الركوع والسجود)

(۲) ما في " رد المحتار " : (لكنها تكره بعد الصلاة) الضمير للسجدة مطلقا ، قال في شرح المنية آخر الكتاب عن شرح القدوري للزاهدي : أما بغير سبب فليس بقربة ولا مكروه ، وما يفعل عقيب الصلاة فمكروه ، لأن الجهال يعتقدونها سنة أو واجبة ، وكل مباح يؤدي إليه فمكروه . انتهى . وحاصله أن ما ليس لها سبب لا تكره ما لم يؤد فعلها إلى اعتقاد الجهلة سنيتها كالتي يفعلها بعض الناس بعد الصلاة . (۵۹۸/۲ ، كتاب الصلاة ، قبيل باب صلاة المسافر ، الفتاوى الهندية : ۱۳۶/۱ ، كتاب الصلاة ، قبيل الباب الرابع عشر في صلاة المريض) (آپ کے مسائل اوران کا حل:۵۰۳/۳، جدید، فتاویٰ دارالعلوم دیوبند، رقم الفتویٰ:۳۸۴۶۸)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " رد المحتار " : وفي حاشية الفتال عن البرجندي : ولو كان يصلي قاعدا ينبغي أن يحاذي جبهته قدام ركبتيه ليحصل الركوع . اهـ . قلت : ولعله محمول على تمام الركوع ، وإلا قد علمت حصوله بأصل طأطأة : أي مع انحناء الظهر . =

ٹرین میں بیٹھ کر نماز

مسئلہ (۵۸): فرض نماز بغیر کسی شرعی مجبوری کے بیٹھ کر پڑھنا جائز نہیں ہے[۱]، اس لیے ٹرین سے سفر کرنے کی صورت میں اگر بھیڑ ہو، تو کوشش کرکے کسی طرح جگہ نکال کر کھڑے ہوکر ہی پڑھنا چاہیے، اور عام طور پر لوگ نماز کے لیے جگہ دینے میں دشواری محسوس نہیں کرتے، اور اگر بھیڑ اتنی ہو کہ کھڑے ہوکر پڑھنے کی گنجائش نہ ہو، تو فی الحال بیٹھ کر پڑھ لیں، تاکہ نماز قضا نہ ہو، پھر بعد میں کھڑے ہوکر نماز کا اِعادہ کرلیں۔[۲]

=(۱/۱۳۴، باب صفة الصلاة ، بحث الركوع والسجود)

ما في " منحة الخالق على البحر الرائق " : واختلفوا في حد الركوع ، ففي البدائع وأكثر الكتب : القدر المفروض من الركوع أصل الانحناء والميل ، وفي الحاوي : فرض الركوع انحناء الظهر ، وفي المنية المصلي : الركوع طأطأة الرأس . وقال الشيخ ابراهيم في شرحها : طأطاة الرأس أي خفضه مع انحناء الظهر لأنه هو المفهوم من وضع اللغة فيصدق عليه قوله تعالى : " اركعوا " وأما كماله فبانحناء الصلب حتى يستوي الرأس بالعجز محاذاة وهو حد الاعتدال فيه . اهـ . كذا في حواشي نوح آفندي . (۱/۵۱۱، كتاب الصلاة ، باب صفة الصلاة ، حلبي كبير :ص/۲۷۹، ۲۸۰، فرائض الصلاة ، الرابع الركوع ، بدائع الصنائع : ۱/۲۸۳، كتاب الصلاة ، فصل في أركان الصلاة ، ديوبند ، الفتاوى التاتارخانية : ۱/۳۱۴ ، كتاب الصلاة ، فصل في الركوع ، دار الايمان سهارنپور)

(آپ کے مسائل اوران کا حل:۳/۳۶۰،جدید، کتاب المسائل:۱/ ۲۸۸،فتاویٰ دارالعلوم دیوبند:۲/ ۱۹۸)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " التنوير مع الدر والرد " : من تعذر عليه القيام لمرض حقيقي قبلها أو فيها أو حكمي بأن خاف زيادته أو بطء برئه بقيامه أو دوران رأسه أو وجد لقيامه ألمًا شديدًا =

مقتدی قعدۂ اخیرہ میں التحیات پوری پڑھے

مسئلہ (۵۹): امام کے پیچھے نماز میں قعدۂ اخیرہ میں مقتدی کو بھی پوری التحیات پڑھنا ضروری ہے، اگر مقتدی کی التحیات پوری نہیں ہوئی، حتی کہ امام نے سلام پھیر دیا، تو مقتدی التحیات پوری کر کے سلام پھیرے، ہاں! اگر دُرُود شریف یا دعا کا کچھ حصہ رہ جائے، تو اسے چھوڑ دے، اور امام کی متابَعت میں سلام پھیر دے۔ (۱)

=صلى قاعدًا . (۲/۵٦٤ ، ۵٦۵، كتاب الصلاة ، باب صلاة المريض)

ما في " الفتاوى التاتارخانية " : ان المريض إذا قدر على الصلاة قائمًا بركوع وسجود فإنه يصلي المكتوبة قائما بركوع وسجود فلا يجزيه غير ذلك .

(۱/۵۸۰ ، كتاب الصلاة ، الفصل الحادي والثلاثون في صلاة المريض)

ما في " البحر الرائق " : القيام في الصلاة بإجماع المفسرين وهو فرض في الصلاة للقادر عليه في الفرض وما هو ملحق به واتفقوا على ركنيته . (۱/۵۰۹ ،الصلاة ، باب صفة الصلاة)

(۲) ما في " البحر الرائق " : الأسير في يد العدو إذا منعه الكافر عن الوضوء والصلاة يتيمم ويصلي بالإيماء ثم يعيد إذا خرج ..... رجل أراد أن يتوضأ فمنعه إنسان عن أن يتوضأ بوعيد، قيل : ينبغي أن يتيمم ويصلي ثم بعد الصلاة بعد ما زال عنه ، لأن هذا عذر جاء من قبل العباد فلا يسقط الفرض الوضوء عنه . اهـ . فعلم منه أن العذر إن كان من قبل الله تعالى لا تجب الإعادة ، وإن كان من قبل العبد وجبت الإعادة . (۱/۲۴۸، كتاب الطهارة ، باب التيمم)

(فتاویٰ محمودیہ:۹/ ۲۵۹، میرٹھ، و۵/ ۵۵۵، کراچی، فتاویٰ دارالعلوم دیوبند، رقم الفتویٰ:۲۳۸٦۸)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " التنوير مع الدر والرد " : (ولو رفع الإمام رأسه قبل أن يتم المأموم التسبيحات وجب متابعته بخلاف سلامه قبل تمام المؤتم التشهد) فإنه لا يتابعه بعل يتمه لوجوبه ، ولو لم يتم جاز ، ولو سلم والمؤتم في أدعية التشهد تابعه لأنها سنة والناس عنه غافلون . در مختار . وفي الشامية : قوله : (ولو لم يتم جاز) معناه : صح مع الكراهة التحريمية ويدل عليه=

نماز میں سلام پھیرنے کا مسنون طریقہ

مسئلہ (۶۰): نماز میں دونوں جانب سلام پھیرنے کا مسنون طریقہ یہ ہے کہ؛ سلام کا آغاز اُس وقت کیا جائے جب چہرہ قبلے کی طرف ہو، اور اختِتام، چہرہ دائیں یا بائیں پھیر کر کیا جائے، اور ظاہر ہے کہ جب پہلے سلام کا اختتام اُس وقت ہو، جب چہرہ دائیں جانب ہو، اور دوسرے سلام کا آغاز اِس حالت میں ہو جب چہرہ قبلے کی طرف ہو، تو لامحالہ دونوں سلاموں میں چند سیکنڈ کا وقفہ ہوگا، اور یہ دونوں سلاموں میں فصل کے لیے کافی ہے، لہٰذا دوسرے سلام کے لیے چہرہ دائیں جانب سے قبلے کی طرف لانے کے بعد، مزید توقف کی ضرورت نہیں۔ (۱)

=أيضًا تعليلهم بوجوب التشهد .

(۲/۱۹۹، ۲۰۰، باب صفة الصلاة ، مطلب في إطالة الركوع للجائي)

ما في " الفتاوى الهندية " : إن أدرک الإمام في التشهد وقام الإمام قبل أن يتم المقتدي أو سلم الإمام في آخر الصلاة قبل أن يتم المقتدي التشهد ، فالمختار أن يتم التشهد . كذا في الغياثية . ... ولو سلم الإمام قبل أن يفرغ المقتدي من الدعاء الذي يكون بعد التشهد أو قبل أن يصلي على النبي ﷺ فإنه يسلم مع الإمام . (۱/۹۰، كتاب الصلاة ، الفصل السادس فيما يتابع الإمام وفيما لا يتابعه) (فتاویٰ دار العلوم دیوبند، رقم الفتویٰ:۲۹۱۸۳)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الكوكب الدري " : كان يسلم تسليمة واحدة أي يأخذ فيها من تلقاء وجهه ويختمها إذا مال وجهه إلى اليمين ، وكذا الحكم في تسليم اليسار . (۱/۱۴۰، أبواب الصلاة ، قوله كان يسلم تسليمة واحدة) (فتاویٰ دار العلوم دیوبند، رقم الفتویٰ:۵۲۸۴۸)

ما في " مرقاة المفاتيح " : (عن عائشة قالت : كان رسول الله ﷺ يسلم في الصلاة تسليمة تلقاء وجهه) أي يبدأ بالتسليم محاذاة وجهه ، قال ابن حجر : أي يبتدئ بها وهو مستقبل=

السلام علیکم کی بجائے سلام علیکم کہہ کر سلام پھیرنا

مسئلہ (۶۱): بعض ائمۂ کرام نماز کے ختم پر دونوں جانب سلام پھیرتے وقت ''سلام علیکم ورحمۃ اللہ'' کہہ کر نماز ختم کرتے ہیں، اور بعض پہلا سلام تو ''السلام علیکم ورحمۃ اللہ'' کہہ کر پھیرتے ہیں، مگر دوسرا سلام ''سلام علیکم ورحمۃ اللہ'' کہہ کر پھیرتے ہیں، حالاں کہ دونوں سلاموں میں ''السلام علیکم ورحمۃ اللہ'' کہنا چاہیے، کیوں کہ یہی سنت طریقہ ہے، لہٰذا اس کا خیال رکھنا چاہیے، اور پورے ہوش کے ساتھ، صحیح تلفظ کرتے ہوئے نماز پڑھانا چاہیے۔[1]

= القبلة (ثم يميل إلى الشق الأيمن شيئًا) أي يسيرا حتى يرى بياض خده يعني ثم يميل إلى الشق الأيسر شيئًا يسيرا حتى يرى بياض خده كما يدل عليه سائر الأحاديث .

(۳/۳۲ ، كتاب الصلاة ، باب الدعاء في التشهد ، الفصل الثالث ، تحت الرقم :۹۵۷)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في '' سنن أبي داود '' : عن عبد الله أن النبي ﷺ كان يسلم عن يمينه وعن شماله حتى يرى بياض خدّه : '' السلام عليكم ورحمة الله . السلام عليكم ورحمة الله '' .

(ص/۱۴۳ ، كتاب الصلاة ، باب في السلام ، الرقم :۹۹۶، الكافي في الفقه الحنفي : ۲۵۰/۱، الفصل الثالث ، واجبات الصلاة)

ما في '' فتح القدير '' : ثم يسلم عن يمينه فيقول : السلام عليكم ورحمة الله ، وعن يساره مثل ذلك . (۳۲۷/۱ ، كتاب الصلاة ، باب صفة الصلاة)

ما في '' البحر الرائق '' : ثبت وجوبه بالسنة للمواظبة وهو على وجه الأكمل أن يقول : السلام عليكم ورحمة الله مرتين ..... فإن قال : السلام عليكم أو السلام أو سلام عليكم أو عليكم السلام أجزاه وكان تاركًا للسنة . (۵۸۰/۱، باب صفة الصلاة ، الاختيار لتعليل المختار : ۱۸۷/۱ ، باب الأفعال في الصلاة) =

رکوع اور سجدے کی تسبیح سنت ہے

مسئلہ (۶۲): راجح قول کے مطابق حنفیہ کے یہاں رکوع اور سجدے کی تسبیح سنت ہے، اور تین مرتبہ پڑھنا بھی سنت ہے، حنفیہ کا راجح قول یہی ہے۔ دوسرا قول حنفیہ کے یہاں ایک مرتبہ کہنے کے وجوب کا بھی ہے، کہ ایک مرتبہ کہنا واجب ہے۔ بعض حضراتِ ائمۂ مساجد اِس سلسلے میں اِفراط وتفریط کے شکار ہیں، بعض اتنی جلدی رکوع پورا کرتے ہیں کہ مقتدی تین تسبیحات بھی نہیں پڑھ پاتے، اور بعض اتنا لمبا رکوع کرتے ہیں کہ مقتدیوں کی تین تسبیحات ختم ہوجاتی ہیں، مگر امام صاحب کی تسبیحات ختم نہیں ہوتیں، بسا اوقات تو وہ مقتدی جن کی کمر میں تکلیف ہوتی ہے، اور زیادہ دیر تک رکوع کی حالت میں نہیں رہ سکتے، اپنے اِس امام کے لیے ہدایت کی دعا میں لگ جاتے ہیں، اور بعض اُس مسجد میں آنا چھوڑ دیتے ہیں، لہٰذا حضراتِ ائمۂ مساجد کو سنت طریقے پر نماز پڑھانا چاہیے، اور مقتدیوں کا پاس ولحاظ رکھنا چاہیے؛ کہ اُن میں مریض، ضعیف اور ضرورت مند لوگ بھی ہوتے ہیں، اس لیے بعض اہلِ علم نے لکھا ہے کہ امام کو پانچ دفعہ تسبیحات پڑھنی چاہیے، تاکہ تیز پڑھنے والوں کو زیادہ انتظار کرنا نہ پڑے، اور آہستہ پڑھنے والوں کی تین تسبیحات پوری ہوجائیں، ہاں! البتہ اپنی انفرادی نماز میں رکوع

=ما في " الفتاوى الهندية " : المختار أن يكون السلام بالألف واللام ، وكذلك في التشهد . كذا في الظهيرية . (۱/۷۶ ، كتاب الصلاة ، الفصل الثالث في سنن الصلاة وآدابها وكيفيتها) (فتاویٰ دارالعلوم دیوبند، رقم الفتویٰ: ۴۸۹۲۵)

وسجود میں زائد تسبیحات پڑھنے، اور رکوع وسجود کو لمبا کرنے میں کوئی مضائقہ نہیں، لیکن مشاہدہ یہ ہے کہ ائمہ حضرات ایسا نہیں کرتے، امید کہ وہ اِس جانب توجہ فرمائیں گے۔(۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " رد المحتار " : والحاصل أن في تثليث التسبيح في الركوع والسجود ثلاثة أقوال عندنا ، أرجحها من حيث الدليل الوجوب تخريجا على القواعد المذهبية ، فينبغي اعتماده كما اعتمد ابن الهمام ومن تبعه رواية وجوب القومة والجلسة والطمأنينة فيهما كما مرّ ، وأما من حيث الرواية فالأرجح السنية لأنها المصرح بها في مشاهير الكتب ، وصرحوا بأنه يكره أن ينقص عن الثلاث ، وأن الزيادة مستحبة بعد أن يختم على وتر خمس أو سبع ما لم يكن إمامًا فلا يطول ، وقدمنا في سنن الصلاة عن أصول أبي اليسر أن حكم السنة أن يندب إلى تحصيلها ويلام على تركها مع حصول اثم يسير ، وهذا يفيد أن كراهة تركها فوق التنزيه وتحت المكروه تحريمًا .... وفي المنية : ويكره للإمام أن يعجلهم عن إكمال السنة ، ونقل في الحلية عن عبد الله بن المبارك واسحاق وابراهيم والثوري أنه يستحب للإمام أن يسبح خمس تسبيحات ليدرك من خلفه الثلاث .

(۲/۱۹۷ ، ۱۹۸ ، ۱۹۹ ، باب صفة الصلاة ، قبيل مطلب في إطالة الركوع للجائي)

ما في " حلبي كبير " : ويقول في ركوعه سبحان ربي العظيم ثلاثا وذلك أدناه ، وإن زاد فهو أفضل وأنه يختم على وتر وإن اقتصر على مرة أو ترك بالكلية جازت صلاته ويكره . وروي عن أبي مطيع البلخي أن تسبيح الركوع والسجود ركن لو تركه لا تجوز صلاته ، ولا ينبغي للإمام أن يطيل التسبيح على وجه يمل به القوم لأنه سبب التنفير وأنه مكروه ، لأنه مؤد إلى حرمان المسلمين الثواب الموعود على الصلاة بالجماعة ، .... وفي رواية : إذا صلى أحدكم بالناس فليخفف ؛ فإن فيهم الضعيف والسقيم والكبير ، وإذا صلى لنفسه فليطول ما شاء .... واعلم أن التطويل المكروه وهو الزيادة على قدر أدنى السنة عند ملل القوم حتى ان رضوا بالزيادة لا يكره ، وكذا إذا ملوا من قدر أدنى السنة لا يكره ، ..... وليس المراد=

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

= بالتخفيف الإخلال بالواجب أو السنة لغير ضرورة كما يفعله الكثير من ائمة زماننا محتجين بلفظ هذا الحديث مع الغفلة عن معناه كما قررناه ، وعن قول أنس أخف ولا أتم حيث وصف صلاته عليه الصلاة والسلام بالاتمية مع التخفيف وهل توصف بالاتمية صلاة ترک فيها شيء من الواجبات أو السنن ومن لم يجعل الله له نورا فما له من نور .

(ص/۳۱٦، ۳۱۷، صفة الصلاة)

ما في " فتح القدير " : فإن الركوع والسجود يجوز بدون هذا الذكر إلا على قول أبي مطيع ، يعني تلميذ أبي حنيفة . (۱/۳۰۴ ، باب صفة الصلاة)

ما في " الموسوعة الفقهية " : ومذهب الحنفية أن التسبيح في الركوع سنة وأقله ثلاث ، فإن ترک التسبيح أو نقص عن الثلاث كره تنزيها ، والزيادة على الثلاث اللمفرد أفضل بعد أن يختم على وتر ولا يزيد على الإمام على وجه يمل به القوم . وقيل : إن تسبيحات الركوع والسجود واجبات . (۲۳/۱۳۲ ، ركوع ، التسبيح في الركوع)

ما في " مجمع الأنهر " : وقالوا : ينبغي للإمام أن يقول خمسا ليتمكن القوم من الثلاث .

(۱/۱۴۵ ، باب في صفة الصلاة ، فصل)

(کتاب الفتاویٰ:۲/۱۷۷، فتاویٰ دارالعلوم دیوبند، رقم الفتویٰ:۸۲٦۸)

مفسدات الصلوۃ ومکروهاتها

تنگ وچست پینٹ شرٹ پہن کر نماز

مسئلہ (۶۳): اتنی تنگ اور چُست پینٹ شرٹ کہ اُس کو پہننے کے بعد مخصوص اعضا کی بناوٹ اور حَجم (یعنی جَسامت) نمایا ہوتی ہو، پہننا شرعاً درست نہیں ہے، ہاں! اگر پینٹ شرٹ اتنی ڈھیلی ڈھالی ہو کہ اس کو پہننے کے بعد مخصوص اعضا کی بناوٹ اور حَجم (یعنی جَسامت) نمایا نہ ہوتی ہو، اور پینٹ ٹخنوں کے نیچے نہ ہو، تو اس کو پہننا جائز ہے، مگر پھر بھی ہمارے ملک میں شلوار، قمیص، کُرتہ، شیروانی اور پاجامہ کا استعمال؛ اسلامی اور مہذّب لباسوں میں شمار ہوتا ہے، اور عام طور پر علماء وصلحاء اور متقی وپرہیزگار لوگوں کا لباس یہی ہے، لہٰذا اِس لباس کا پہننا بہتر ومستحب ہے، مگر افسوس صد افسوس! کہ آج کل ہمارے نوجوان نہایت چُست وتنگ پینٹ شرٹ، یا ہاف آستین والا ٹی شرٹ پہن کر نماز پڑھتے ہیں، کہ جب رکوع یا سجدے میں جاتے ہیں، تو یا تو اُن کے ستر کا بعض حصہ کھل جاتا ہے، یا پوری طرح سے نمایاں ہو جاتا ہے، لہٰذا اس کی اصلاح انتہائی ضروری ہے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في '' القرآن الكريم '' : قوله تعالىٰ : ﴿ولا تركنوا إلى الذين ظلموا فتمسكم النار﴾ .

(سورة هود : ۱۱۳)

ما في '' البحر المحيط لأبي حيان الغرناطي '' : والنهي متناول لانحطاط في هواهم والانقطاع إليهم ومصاحبتهم ومجالستهم وزيارتهم ومداهنتهم والرضا بأعمالهم والتشبه بهم =

=والتزيي بزيهم ومد العين إلى زهرتهم وذكرهم بما فيه تعظيم لهم .
(۵/ ۳۵۰ ، روح المعاني للآلوسي : ۷/ ۲۳۱)
ما في " حاشية القونوي على تفسير البيضاوي " : قال ابن عباس : أي لا تميلوا ، والركون المحبة والميل بالقلب ، وقال أبو العالية : لا ترضوا بأعمالهم ، وقال عكرمة : لا تطيعوهم ؛ قال البيضاوي : لا تميلوا إليهم أدنى ميل ، فإن الركون هو الميل اليسير كالتزيى بزيهم وتعظيم ذكرهم . (۱۰ /۲۲۶ ، التفسير المظهري : ۴/ ۴۳۰)
ما في " معارف القرآن شفيعي " : حضرت قتادہ رحمہ اللہ نے فرمایا کہ "مراد ہے کہ ظالموں سے دوستی نہ کرو اوران کا کہا نہ مانو"، ابنِ جریج رحمہ اللہ نے فرمایا کہ "ظالموں کی طرف کسی طرح کا بھی میلان نہ رکھو"، ابوالعالیہ رحمہ اللہ نے فرمایا کہ "ان کے اعمال وافعال کو پسند نہ کرو" [قرطبی]، سدّی رحمہ اللہ نے فرمایا کہ "ظالموں سے مداہنت نہ کرو، یعنی ان کے برے اعمال پر سکوت یا رضا کا اظہار نہ کرو"، عکرمہ رحمہ اللہ نے فرمایا کہ "ظالموں کی صحبت میں نہ بیٹھو"، قاضی بیضاوی رحمہ اللہ نے فرمایا کہ "شکل وصورت اور فیشن اور رہن سہن کے طریقوں میں ان کا اتباع کرنا یہ سب اسی ممانعت میں داخل ہے"۔ (۴/۶۷۳)
ما في " سنن أبي داود " : " من تشبه بقوم فهو منهم " .
(ص/ ۵۵۹، كتاب اللباس ، باب لبس الشهرة)
ما في " مرقاة المفاتيح " :قوله ﷺ : (من تشبه بقوم فهو منهم) . أي من شبه نفسه بالكفار ، مثلا في اللباس وغيره أو بالفساق والفجار أو بأهل التصوف والصلحاء والأبرار .
(۸/ ۲۲۲ ، كتاب اللباس ، الفصل الثاني ، رقم الحديث : ۴۳۴۷)
ما في " موسوعة تكملة فتح الملهم " : إن اللباس الذي يتشبه به الإنسان بأقوام كفرة ، لا يجوز لبسه لمسلم إذا قصد به التشبه بهم " . (۱۰ / ۷۷ ، كتاب اللباس والزينة)
ما في " بذل المجهود " : قال القاري : من شبه نفسه بالكفار مثلاً في اللباس وغيره أو بالفساق أو الفجار أو بأهل التصوف والصلحاء والأبرار فهو منهم أي في الإثم أو الخير عند الله تعالى . (۱۲ / ۵۹، مرقاة المفاتيح :۸/ ۲۲۲، كتاب اللباس والزينة)
(شرح عقود رسم المفتی :ص/ ۱۷۵، فتاویٰ بنوریہ، رقم الفتویٰ:۹۷۵۵)

چہرے پر نقاب ڈال کر نماز

مسئلہ (۶۴): عورت کے لیے چہرے پر نقاب ڈال کر نماز پڑھنا مکروہ ہے[۱]، اس لیے عورت سفر میں اسٹیشن یا کسی عوامی مقام پر نماز پڑھنا چاہے، تو اگر ایسی تنہائی کی جگہ مل جاتی ہے جہاں وہ چہرہ کھول کر نماز ادا کر لے، اور کسی غیر محرم کی نظر بھی اس پر نہ پڑے، تو اسے چہرہ کھول کر نماز ادا کرنا چاہیے، اور اگر ایسی کوئی جگہ نہ مل سکے، تو اسے چاہیے کہ چہرہ پر حجاب کی حالت میں ہی نماز پڑھ لے، کیوں کہ شریعت میں پردہ کا معاملہ زیادہ سخت ہے[۲]، بہ نسبت اس کے کہ کسی مکروہ کا ارتکاب کیا جائے۔

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " كتاب الآثار لأبي يوسف " : عن أبي يوسف عن أبيه عن أبي حنيفة عن حماد عن ابراهيم أنه كان يكره أن يغطي الرجل فاه وهو في الصلاة ، ويكره أن تصلي المرأة وهي متنقّبة . (۱/۳۰ ، باب افتتاح الصلاة ، الرقم :۱۴۸ ، بيروت ، من موقع المكتبة الشاملة)

(۲) ما في " القرآن الكريم " : ﴿يآيها النبي قل لأزواجک وبنٰتک ونسآء المؤمنين يدنين عليهنّ من جلابيبهنّ﴾ . (سورة الأحزاب : ۵۹)

ما في " أحكام القرآن للجصاص " : قال أبو بكر : هذه الآية دلالة على أن المرأة الشابة مأمورة بستر وجهها عن الأجنبيين ، وإظهار الستر والعفاف عند الخروج ، لئلا يطمع أهل الريب فيهنّ . (۳/۴۸۶)

ما في " سنن أبي داود " : عن حمزة بن أبي أسيد الأنصاري رضي الله تعالى عنه ، عن أبيه أنه سمع رسول الله ﷺ يقول ، وهو خارج من المسجد ، فاختلط الرجال مع النساء في الطريق فقال رسول الله ﷺ للنساء : " استأخرن ، فإنه ليس لكنّ أن تحققن الطريق ، عليكنّ بحافات الطريق ، فكانت المرأة تلصق بالجدار ، حتى أن ثوبها ليتعلق بالجدار من لصوقها=

نماز میں مچھر مارنا، اور اس کا خون کپڑے یا جسم پر لگ جانا

مسئلہ (۶۵): بحالتِ نماز مچھر مارنا مکروہ ہے [۱]، اگر کسی نمازی نے مار دیا، اور مچھر کا خون جسم پر یا کپڑے پر پھیل گیا، تو اِس سے اُس کا وضو نہیں ٹوٹے گا، اور نہ نماز فاسد ہوگی، کیوں کہ مچھر کا خون دمِ سائل نہ ہونے کی وجہ سے ناپاک نہیں ہے۔ [۲]

=به" . (ص/۱۴/ ۷ ، ۵ ۱ ۷ ، کتاب الأدب ، باب في مشي النساء مع الرجال في الطريق ، قديمي) (فتاویٰ دار العلوم دیوبند، رقم الفتویٰ: ۵۵۶۹۵)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الفتاوى الهندية " : في الحجة : ويكره أن يذب بيده الذباب والبعوض إلا عند الحاجة بعمل قليل . كذا في التتارخانية . وكل عمل قليل بغير عذر فهو مكروه . كذا في البحر الرائق . (۱/ ۱۰۹ ، كتاب الصلاة ، الباب السابع ، الفصل الثاني فيما يكره في الصلاة وما لا يكره ، الفتاوى التاتارخانية : ۱/ ۳۵۴ ، كتاب الصلاة ، الفصل الرابع في بيان ما يكره للمصلي أن يفعل في صلوته وما لا يكره)

(۲) ما في " الفتاوى الهندية " : ودم البق والبراغيث والقمل والكتان طاهر وإن كثر . كذا في السراج الوهاج .

(۱/ ۴۶ ، كتاب الطهارة ، الباب السابع ، الفصل الثاني في الأعيان النجسة)

ما في " البحر الرائق " : فإن أخذ قملة في الصلاة كره له أن يقتلها لكن يدفنها تحت الحصى وهو قول أبي حنيفة ...... ولعل أبا حنيفة إنما اختار الدفن على القتل لما فيه من النزاهة عن إصابة دمهما ليد القاتل أو في ثوبه في هذه الحالة وإن كان ذلك معفوا عنه .

(۲/ ۵۴ ، كتاب الصلاة ، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها ، رد المحتار : ۲/ ۴۲۴ ، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها ، قبيل مطلب في بيان السنة والمستحب والمندوب الخ)

(فتاویٰ دار العلوم دیوبند، رقم الفتویٰ: ۳۸۹۲۵)

صرف بنیان وشلوار پہن کر نماز

مسئلہ (٦٦): صرف بنیان اور شلوار پہن کر ذکر اور دُرود شریف پڑھنا جائز ہے، البتہ نماز چوں کہ انتہائی عظیم الشان عبادت ہے، اس لیے اس کے شرائط وآداب کا خیال رکھنا بھی ضروری ہے، اور کھلی آستین والے کپڑے پہن کر نماز پڑھنے سے، نماز میں کراہت آتی ہے، اس لیے بنیان اور کھلی آستین والی ٹی شرٹ وغیرہ پہن کر نماز نہیں پڑھنی چاہیے۔(۱)

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما في " الفتاوی الهندية " : ولو صلی رافعا كميه إلى المرفقين كره . كذا في فتاوی قاضي خان . (۱/۱۰۶ ، كتاب الصلاة ، الباب السابع ، الفصل الثاني فيما يكره الصلاة وما لا يكره ، فتاوی قاضي خان : ۱/۶۲، كتاب الصلاة ، فصل فيما يفسد الصلاة ، رد المحتار :۲/۴۰۶ ، كتاب الصلاة ، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها ، حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح :ص/۳۴۹ ، كتاب الصلاة ، فصل في المكروهات)

ما في " فتح القدير " : ويتضمن كراهة كون المصلي مشمرا كميه .

(۱/۲۲۴ ، كتاب الصلاة ، فصل ويكره للمصلي الخ)

ما في " البحر الرائق " : ويدخل أيضًا في كف الثوب تشمير كميه كما في فتح القدير .

(۲/۴۲ ، كتاب الصلاة ، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها)

(فتاویٰ محمودیہ:۱۱/ ۸۶-۱۰۰، فتاویٰ دار العلوم دیو بند، رقم الفتویٰ:۵۴۲۸۳)

قعدۂ اخیرہ میں تشہد کے بعد وضوٹوٹ گیا

مسئلہ (۶۷): اگرکسی مصلّی کا قعدۂ اخیرہ میں تشہد کے بعد، دُرُود شریف یا دعائے ماثورہ پڑھنے کے دوران، یا ایک طرف سلام پھیرنے کے بعد دوسری طرف سلام پھیرنے سے پہلے، یا پہلے سلام ہی میں، وضوٹوٹ گیا، تو نماز ہوگئی، البتہ چوں کہ نماز کے اخیر میں دونوں طرف سلام پھیرنا واجب ہے، اس لیے شرائطِ بِنا کی رعایت کے ساتھ وضوکر کے، دونوں طرف یا صرف دوسری طرف سلام پھیرنا واجب ہوگا، ورنہ نماز واجب الاعادہ ہوگی۔اور اگر دوسری طرف سلام پھیرنے کے دوران، لفظ ''السلام'' کے بعد وضوٹوٹا، تو چوں کہ صرف لفظ ''السلام'' واجب ہے، ''علیکم ورحمۃ اللہ'' واجب نہیں، اس لیے اِس صورت میں کچھ کرنے کی ضرورت نہیں، نماز مکمل طور پر ادا ہوگئی، کیوں کہ یہاں وضو، نماز کے مکمل ہونے کے بعد ٹوٹا ہے۔[۱]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في '' التنوير مع الدر والرد '' : (ولفظ السلام) مرتين ، فالثاني واجب على الأصح . برهان . دون عليكم . تنوير مع الدر . وفي الشامية : قوله : (دون عليكم) فليس بواجب عندنا . (۱۶۲/۲ ، باب صفة الصلاة ، مطلب لا ينبغي أن يعدل عن الدراية إذا وافقتها رواية)

ما في '' الموسوعة الفقهية '' : وقال الحنفية : الخروج من الصلاة بلفظ السلام ليس فرضا بل هو واجب ، لأن النبي صلى الله عليه وسلم لما علم ابن مسعود رضي الله عنه التشهد قال له : '' إذا قلت هذا فقد قضيت صلاتک '' إن شئت أن تقوم فقم وإن شئت أن تقعد فاقعد ، فلم يأمره بالخروج من الصلاة بالسلام ...... والواجب عندهم تسليمتان : الأولى عن يمينه ، فيقول : السلام عليكم ورحمة الله ، وليسلم عن يساره كذلک ..... وأقل ما يجزئ في لفظ السلام =

موبائل فون میں فوٹو کھلا ہوا ہوتو نماز مکروہ ہوگی

مسئلہ (٦٨): بعض لوگ یہ پوچھتے ہیں کہ ہمارے جیب میں موبائل فون ہوتا ہے، جس میں بسا اوقات اجنبیہ عورت کی تصویر اور گانے وغیرہ ہوتے ہیں، تو اس سے نماز پر کوئی اثر پڑے گا یا نہیں؟ جواباً عرض ہے کہ-: موبائل بند ہونے کی صورت میں فوٹو اور گانے سب ڈھکے چھپے رہتے ہیں، ایسی حالت میں جیب میں موبائل فون رہنے سے، نماز میں کوئی فرق نہیں آتا[1]، ہاں! جب موبائل فون کھلا ہوا ہو، اور اس کا فوٹو سامنے ظاہر میں دکھائی دے رہا ہو، تو ایسی حالت میں نماز مکروہ ہوگی[2]، البتہ اپنے موبائل فون میں اجنبیہ عورتوں کی تصویریں اور گانے رکھنا مستقل گناہ ہے[3]، لہٰذا اِس سے توبہ واجتناب ضروری ہے۔[4]

=مرتين عند الحنفية " السلام " دون قوله " عليكم " .

(١/ ٣١٦، تسليم ، التسليم للخروج من الصلاة)

ما في " البحر الرائق " : (ولفظ السلام) للمواظبة عليه ...... والخروج من الصلاة يحصل عندنا بمجرد لفظ السلام ولا يتوقف على قوله " عليكم " .

(١/ ٥٢٥ ، باب صفة الصلاة ، تبيين الحقائق : ١/ ٣٢٢ ، ٣٢٣ ، باب صفة الصلاة)

ما في " التنوير مع الدر والرد " : (لها واجبات) لا تفسد بتركها وتعاد وجوبا في العمد والسهو إن لم يسجد له . (٢/ ١٤٦ ، ١٤٧ ، باب صفة الصلاة ، مطلب واجبات الصلاة)

(فتاویٰ دار العلوم دیو بند، رقم الفتویٰ: ٥٠٧٣٧)

الحجة على ما قلنا :

(١) ما في " الدر المختار مع الشامية " : قال في البحر : ومفاده كراهة المستبين لا المستتر بكيس أو صرّة أو ثوب آخر . (٢/ ٤١٨ ، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها ، مطلب=

....

= إذا تردّد الحكم بين سنة وبدعة كان ترك السنة أولى)
(۲) ما في " الفتاوى الهندية " : ويكره أن يصلي وبين يديه أو فوق رأسه أو على يمينه أو على يساره أو في ثوبه تصاوير .
(۱/۱۰۷ ، الباب السابع فيما يفسد الصلاة وما يكره فيها ، الفصل الثاني فيما يكره في الصلاة وما لا يكره ، فتاوى قاضي خان : ۱/۵۸، باب الحدث في الصلاة وما يكره فيها وما لا يكره)
ما في " رد المحتار " : وفي البحر قالوا : وأشدّها كراهة ما يكون على القبلة أمام المصلي ، ثم يكون فوق رأسه ، ثم ما يكون عن يمينه ويساره على الحائط ، ثم ما يكون خلفه على الحائط أو الستر . (۲/۴۱۷ ، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها ، مطلب إذا تردد الحكم بين سنة وبدعة الخ) (فتاویٰ دار العلوم دیوبند، رقم الفتویٰ:۵۱۵۸۴)
ما في " البحر الرائق " : وهو يفيد أن المستبين في الخاتم تكره الصلاة معه ، ويفيد أنه لا يكره أن يصلي ومعه صرة أو كيس فيه دنانير أو دراهم فيها صور صغار لاستتارها .
(۲/۴۸ ، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها)
(۳) ما في " صحيح البخاري " : عن أبي طلحة رضي الله عنهم قال : قال النبي ﷺ : " لا تدخل الملائكة بيتًا فيه كلبٌ ولا تصاويرُ " .
(۲/۸۸۰ ، كتاب اللباس ، باب التصاوير ، رقم الحديث : ۵۹۴۹)
ما في " فتح الباري " : تصوير صورة الحيوان حرام شديد التحريم وهو من الكبائر لأنه متوعد عليه بهذا الوعيد الشديد ، وسواء صنعه لما يمتهن أم لغيره فصنعته حرام بكل حال .
(۱۰/۴۷۱ ، كتاب اللباس ، باب عذاب المصورين يوم القيامة ، تحت الرقم : ۵۹۵۰)
ما في " الدر المختار مع الشامية " : قلت : وفي البزازية : استماع صوت الملاهي كضرب قصب ونحوه حرام لقوله عليه السلام : استماع الملاهي معصية ، والجلوس عليها فسق ، والتلذذ بها كفر ، ..... فالواجب كل الواجب أن يجتنب كي لا يسمع ، لما روي أنه عليه الصلاة والسلام " أدخل أصبعه في أذنه عند سماعه " . (۹/۵۰۴ ، كتاب الحظر والإباحة ، قبيل فصل في اللبس)
(۴) ما في " المنهاج شرح صحيح مسلم بن الحجاج " : واتفقوا على أن التوبة من جميع المعاصي واجبة ، وأنها واجبة على الفور لا يجوز تأخيرها ، سواء كانت المعصية صغيرة أو كبيرة . (۲/۹ ، كتاب التوبة ، باب في الحض على التوبة والفرح بها)

ماں یا باپ کے بلانے پر نماز توڑ دینا

مسئلہ (۶۹): اگر آدمی فرض نماز میں ہے، اور ماں باپ میں سے کوئی، کسی خاص ضرورت ومدد کے لیے اُسے آواز دے، تو اُسے چاہیے کہ نماز توڑ کر اُن کے پاس جائے، اور اگر کسی سخت ضرورت ومدد کے لیے نہ پکار رہے ہوں، تو فرض نماز توڑنا جائز نہیں، اور اگر آدمی نفل نماز میں ہے اور انہیں معلوم نہیں کہ بیٹا نماز میں ہے، تو اُن کے پکارنے اور آواز دینے پر نفل نماز توڑ کر اُن کے پاس جائے، اور اگر انہیں معلوم ہے کہ بیٹا نماز میں ہے، تو اُن کے پکارنے اور آواز دینے پر، نماز نہ توڑ کر اُن کے پاس نہ جانے میں کوئی مضائقہ نہیں، لیکن اِس صورت میں بھی اَولیٰ یہ ہے کہ نماز توڑ کر اُن کے پاس جائے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الدر المختار مع الشامية " : ويجب لإغاثة ملهوف وغريق وحريق ، لا لنداء أحد أبويه بلا استغاثة إلا في النفل ، فإن علم أنه يصلي لا بأس أن لا يجيبه ، وإن لم يعلم أجابه . در مختار . وفي الشامية : قلت : لكن ظاهر الفتح أنه نفي للجواز وبه صرح في الإمداد بقوله : أي لا يجوز قطعها بنداء أحد أبويه من غير استغاثة وطلب إعانة ، لأن قطعها لا يجوز إلا لضرورة ، وقال الطحاوي : هذا في الفرض ، وإن كان في نافلة إن علم أحد أبويه أنه في الصلاة وناداه لا بأس أن لا يجيبه ، وإن لم يعلم يجيبه ..... فإن علم لا تجب الإجابة ، لكنها أولى كما يستفاد من قوله : " لا بأس الخ " . (۲/ ۴۲۶ ، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها ، قبيل مطلب في أحكام المسجد ، حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح :ص/ ۳۷۱ ، ۳۷۲ ، فصل فيما يوجب قطع الصلاة وما يجيزه وغير ذلک ، الفتاوى الهندية : ۱/ ۱۰۹ ، الباب السابع فيما يفسد الصلاة وما يكره فيها ومما يتصل بذلک مسائل)

(آپ کے مسائل اور ان کا حل: ۳/ ۳۷۵ ، جدید، فتاویٰ دار العلوم دیوبند، رقم الفتویٰ: ۴۳۶۵۴)

معذور شخص کی بغیر وضو اور تیمّم کے نماز

مسئلہ (۷۰): ایسا اَپاہج شخص جو تیمّم پر بھی قدرت نہیں رکھتا، اُسے چاہیے کہ دوسرے کسی کی مدد لے، جو اُسے وضو کرادے، یہ ممکن نہ ہو تو تیمّم کرادے، اور یہ شخص اشارے سے نماز پڑھ لے، صرف فرض نماز ادا کرے، تو بھی کافی ہے، اور اگر کوئی وضو یا تیمّم کرانے والا نہ ملے، اور خود بھی کسی طرح وضو یا تیمّم پر قادر نہ ہو، تو ایسے ہی بغیر وضو اور تیمّم کے نماز پڑھ لے، اصح قول کے مطابق اس کی نماز ہو جائے گی۔[1]

معذورِ شرعی کی نماز

مسئلہ (۷۱): معذورِ شرعی وہ کہلاتا ہے، جس کو نماز کے پورے وقت سے اتنا وقت نہ ملے کہ وہ وضو کر کے صرف فرض نماز ادا کر سکے، اور اس میں اس کو وہ عذر لاحق نہ ہو، لہٰذا اگر کسی شخص کو گیس کی بیماری ہو، اور وقفہ وقفہ سے گیس خارج ہوتی رہتی ہو، اور اُسے نماز کے پورے وقت سے اتنا وقت بھی نہ ملتا ہو کہ وہ وضو کر کے صرف فرض نماز ادا کر سکے، اور اس کو گیس خارج نہ ہو، تو یہ معذورِ شرعی ہے، اس

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الدر المختار مع الشامية " : من قطعت يداه ورجلاه وبوجهه جراحة يصلي بلا وضوء ولا يتيمم ولا يعيد ، قال بعض الأفاضل في الأصح . (۱/۱۸۵ ، كتاب الطهارة)

ما في " الفتاوى الهندية " : قال الشيخ الإمام محمد بن الفضل رحمه الله : رأيت في الجامع الصغير للكرخي أن مقطوع اليدين والرجلين إذا كان بوجهه جراحة يصلي بغير طهارة ولا يتيمم ولا يعيد ، وهذا هو الأصح . كذا في الظهيرية . (۱/۳۱ ، كتاب الطهارة ، الباب الرابع في التيمم ، الفصل الثالث في المتفرقات) (فتاویٰ دار العلوم دیوبند، رقم الفتویٰ: ۳۰۹۰۵)

کے لیے حکم یہ ہے کہ نماز کا وقت داخل ہونے پر وضو کرلے، اور پورے وقت میں اِس وضو سے جتنی فرض، نفل، ادا، اور قضا نمازیں پڑھنا چاہے، اور قرآن کریم وغیرہ کی تلاوت کرنا چاہے، کرسکتا ہے۔ گیس کے خارج ہونے سے اس کا وضو نہیں ٹوٹے گا، البتہ وقت کے نکل جانے سے، یا اِس عذر کے علاوہ کسی اور حدث کے پیش آجانے سے، اس کا وضو ختم ہوجائے گا۔ اور جب ایسی حالت آجائے کہ نماز کے پورے وقت میں ایک مرتبہ بھی یہ عذر پیش نہ آئے، یعنی گیس خارج نہ ہو، یا اتنی گنجائش مل جاتی ہو کہ ہر وقت میں اِس عذر کے بغیر فرض نماز پڑھ سکتا ہو، تو یہ معذور باقی نہ رہے گا، اور گیس کا خارج ہونا، اِس کے حق میں ناقضِ وضو ہوگا۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في '' مراقي الفلاح مع حاشية الطحطاوي '' : (تتوضأ المستحاضة ومن به عذر كسلس بول أو استطلاق بطن) وانفلات ريح (لوقت كل فرض ويصلون به) أي بوضوئهم في الوقت (ما شاؤوا من الفرائض) وما شاؤوا من (النوافل) والواجبات كالوتر والعيد وصلاة جنازة وطواف ومسّ مصحف (ويبطل وضوء المعذورين) إذا لم يطرأ ناقض غير العذر (بخروج الوقت فقط ولا يصير معذورًا حتى يستوعبه العذر وقتًا كاملا ليس فيه انقطاع لعذره (بقدر الوضوء والصلاة) إذ لو وجد لا يكون معذورا (وهذا) الاستيعاب (شرط ثبوته) أي العذر (وشرط دوامه وجوده في كل وقت بعد ذلك ولو مرة وشرط انقطاعه وخروج صاحبه عن كونه معذورا خلوّ وقت كامل عنه) بانقطاعه حقيقة ، فهذه الثلاث شروط الثبوت والدوام والانقطاع . (ص/۶۰، ۶۱، كتاب الطهارة ، قبيل باب الأنجاس والطهارة عنها ، التنوير مع الدر والرد : ۱/۴۳۷ ، ۴۳۸ ، باب الحيض ، مطلب في أحكام المعذور ، مجمع الأنهر : ۱/۸۴، باب الحيض ، فصل في المعذور)

(فتاویٰ محمودیہ: ۸/۲۳۲،۲۳۳، فتاویٰ دارالعلوم دیوبند، رقم الفتویٰ: ۱۵۸۷)

مقتدی تکبیراتِ انتقال نہ کہے تو؟

مسئلہ (۷۲): عام طور پر یہ دیکھا گیا ہے کہ جب امام ایک رُکن سے دوسرے رُکن کی طرف منتقل ہوتے وقت ''اللہ اکبر'' کہتا ہے، اور رکوع یا سجدے میں جاتا ہے، تو مقتدی یوں ہی ''اللہ اکبر'' کہے بغیر، اس کے ساتھ رکوع وسجدے میں چلے جاتے ہیں، حالاں کہ تکبیراتِ انتقال؛ یعنی ایک رُکن سے دوسرے رُکن کی طرف منتقل ہونے کی تکبیرات، جس طرح امام کے لیے بہ آوازِ بلند کہنا سنت ہے، اسی طرح مقتدیوں کے لیے آہستہ کہنا سنت ہے، اس سنت کا اہتمام ہونا چاہیے[۱]، البتہ اگر کوئی مقتدی کسی وجہ سے نہ کہہ سکا، تو اس کی نماز صحیح ہوجائے گی، کیوں کہ اس نے سنت کو چھوڑا ہے، اور سنت کے چھوڑنے سے نہ نماز فاسد ہوتی ہے، اور نہ ہی سجدۂ سہو لازم ہوتا ہے۔[۲]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في '' التنوير مع الدر والرد '' : (وسننها رفع اليدين للتحريمة ونشر الأصابع ، وجهر الإمام بالتكبير) بقدر حاجته للإعلام بالدخول والانتقال ، وكذا بالتسميع والسلام ، وأما المؤتم والمنفرد فيسمع نفسه . (۲/۱۷۰-۱۷۲ ، باب صفة الصلاة ، مطلب سنن الصلاة)

ما في '' البحر الرائق '' : قوله : (وجهر الإمام بالتكبير) لحاجته إلى الإعلام بالدخول والانتقال ، قيد بالإمام ؛ لأن المأموم والمنفرد لا يسن لهما الجهر به ، لأن الأصل في الذكر الإخفاء ولا حاجة لهما إلى الجهر . (۱/۵۲۸ ، باب صفة الصلاة)

ما في '' الفتاوى التاتارخانية '' : والتكبير إذا انحط للركوع وإذا رفع الرأس سنة .

(۱/۳۱۸ ، كتاب الصلاة ، سنن الصلاة)

(۲) ما في '' الدر المختار مع الشامية '' : ترك السنة لا يوجب فسادا ولا سهوا بل اساءة=

بارش کی چھینٹیں کپڑوں سے دھوئے بغیر نماز

مسئلہ (۷۳): بسا اوقات بارش کے موسم میں نماز کو جاتے وقت راستے میں بھرے پانی کی چھینٹیں کپڑوں پر آجاتی ہیں، ضرورۃً یہ معاف ہیں، اِن کے دھوئے بغیر بھی نماز ہوجائے گی۔[1]

= لو عامدا غير مستحف . در مختار . وفي الشامية : فلو غير عامد فلا إساء ة أيضًا .

(۱۷۰/۲، باب صفة الصلاة ، مطلب سنن الصلاة)

ما في " حلبي كبير " : فلا يجب بترك السنن والمستحبات كالتعوذ والتسمية والثناء والتأمين وتكبيرات الانتقالات . (ص/۴۵۵، فصل في سجود السهو ، الفتاوى الهندية : ۱۲۶/۱ ، الباب الثاني عشر في سجود السهو)

ما في " معارف السنن " : قال الراقم : تكبيرات الانتقالات سنة عند الجمهور ، قال ابن المنذر : وبه قال أبو بكر الصديق وعمر وجابر وقيس بن عبادة والشعبي والأوزاعي وسعيد بن عبد العزيز ومالك والشافعي وأبو حنيفة ، ونقله ابن بطال أيضًا عن عثمان وعلي وابن مسعود وابن عمر وأبي هريرة وابن الزبير ومكحول والنخعي وأبي ثور .

(۴۴۶/۲ ، باب ما جاء في التكبير عند الركوع والسجود)

(آپ کے مسائل اور ان کا حل:۳/۳۵۴،فتاویٰ دارالعلوم دیوبند،رقم الفتویٰ:۲۷۶۱۷)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " رد المحتار " : وفي الفيض : طين الشوارع عفو وإن ملأ الثوب للضرورة ولو مختلطا بالعذرات وتجوز الصلاة معه .

(۵۳۰/۱ ، ۵۳۱، كتاب الطهارة ، باب الأنجاس ، مطلب في العفو عن طين الشارع)

ما في " الفتاوى الهندية " : رجل أصابه طين أو مشى فيه ولم يغسل قدميه وصلى يجزيه ما لم يكن فيه أثر النجاسة إلا أن يحتاط . كذا في فتاوى قراخاني عن الواقعات الحسامية .

(۴۷/۱ ، كتاب الطهارة ، الباب السابع في النجاسة وأحكامها ، الفصل الثاني في الأعيان النجسة) (فتاویٰ دارالعلوم دیوبند،رقم الفتویٰ:۵۱۷۵۲)

باب السنن والنوافل

نمازِ وتر میں سورۂ نصر، سورۂ لہب اور سورۂ اخلاص کی تلاوت

مسئلہ (۴۷): بعض لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ وتر کی نماز میں سورۂ نصر، سورۂ لہب اور سورۂ اخلاص پڑھنے سے بہت ساری بیماریوں سے شفا ملتی ہے، شریعتِ مطہرہ میں اس کی کوئی اصل نہیں ہے، بلکہ وتر میں ان کو معین کرلینا مکروہ ہے [۱]، البتہ حدیث شریف میں، وتر کی پہلی رکعت میں سورۂ اعلیٰ، دوسری میں سورۂ کافرون اور تیسری میں سورۂ اخلاص پڑھنے کا ذکر ملتا ہے [۲]، انہیں پڑھنا چاہیے، مگر اس کی بھی عادت نہیں بنانا چاہیے۔

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " التنوير مع الدر والرد " : (ولا يتعين شيء من القرآن لصلوة على طريق الفريضة ويكره التعيين) كالسجدة وهل أتى لفجر كل جمعة ، بل يندب قراء تهما .

(۲۶۵/۲ ، باب صفة الصلوة ، مطلب السنة تكون سنة عين وسنة كفاية)

ما في " البحر الرائق " : قوله : (ولم يتعين شيء من القرآن لصلاة) لإطلاق قوله تعالى : ﴿فاقرؤوا ما تيسّر من القراٰن﴾ أراد بعدم التعيين عدم الفريضة .... وأشار إلى كراهة تعيين سورة لصلاة لما فيه من هجر الباقي وإيهام التفصيل كتعيين سورة السجدة وهل أتى على الإنسان في فجر كل جمعة ، وسبح اسم ربک وقل يا أيها الكٰفرون و قل هو الله أحد في الوتر ، كذا في الهداية وغيرها ، وظاهر أن المداومة مكروهة مطلقا ..... أما لو قرأ للتيسير عليه أو تبركا بقراء ته ﷺ فلا كراهة لكن بشرط أن يقرأ غيرها أحيانا لئلا يظن الجاهل أن غيرها لا يجوز . (۵۹۸/۱ ، كتاب الصلاة ، باب صفة الصلاة ، الفتاوى التاتارخانية : ۲۸۲/۱ ، فصل في القراء ة ، نوع آخر)=

صلوۃ التسبیح کی جماعت

مسئلہ (۷۵): صلوۃ التسبیح نفل نماز ہے[۱]، اور نفل نمازوں میں اصل یہ ہے کہ تنہا تنہا پڑھی جائیں، اس لیے صلوۃ التسبیح میں جماعت ثابت نہیں، لیکن اگر جماعت کے ساتھ پڑھی جائے، تو تین مقتدیوں تک اجازت ہے، اور اگر مقتدی تین سے زائد ہوں، تو یہ جماعت ناجائز ومکروہ ہوگی۔[۲]

=(۲) ما في " جامع الترمذي " : عن عبد العزيز بن جُريج قال : سألت عائشة : بأي شيء كان يوتر رسول الله ﷺ ؟ قالت : كان يقرأ في الأولى بسبح اسم ربک الأعلى ، وفي الثانية بقل يا أيها الكافرون ، وفي الثالثة بقل هو الله أحد والمعوذتين .

(۱/۱۰۶ ، أبواب الوتر ، باب ما جاء ما يقرأ في الوتر)

ما في " الدر المختار مع الشامية " : قوله : (والسنة السور الثلاث) أي الأعلى والكافرون والإخلاص ، لكن في النهاية أن التعيين على الدوام يفضي إلى اعتقاد بعض الناس أنه واجب وهو لا يجوز ، فلو قرأ بما ورد به الآثار أحيانا بلا مواظبة يكون حسنا .

(۲/۴۴۱، باب الوتر والنوافل ، مطلب في منكر الوتر والسنن أو الإجماع)

ما في " مجمع الأنهر " : (يقرأ) المصلي (في كل ركعة منه) أي من الوتر (الفاتحة وسورة) بلا تعيين . وفي الكرماني : إنه عليه الصلاة والسلام كان يقرأ في الأولى سبح اسم ربک الأعلى ، وفي الثانية قل يا أيها الكافرون وفي الثالثة قل هو الله أحد . (۱/۱۹۲، كتاب الصلاة ، باب الوتر والنوافل ، البحر الرائق : ۲/۶۷، كتاب الصلاة ، باب الوتر والنوافل)

(فتاویٰ دار العلوم دیوبند، رقم الفتویٰ: ۴۱۴۱۴)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " حلبي كبير " : ومن النوافل المستحبة ركعتا شكر ... ومنها ركعتا تحية المسجد ...... ومنها صلاة التسبيح . (ص/۴۳۰ ، ۴۳۱ ، صلاة التسبيح ، الدر المختار مع الشامية : ۲/۴۷۱، باب الوتر والنوافل ، مطلب في صلاة التسبيح ، الفتاوى الهندية :=

فدية الصلوة

بیماری کی وجہ سے نماز کا سقوط اور فدیہ

مسئلہ(۷۶): اگر کسی شخص کی زندگی کے آخری ایام میں بیماری کی وجہ سے ایسی حالت ہوجائے کہ شعور واحساس بالکل نہ رہے، یا مسلسل بے ہوشی طاری رہے، اور یہی حالت مکمل ایک دن رات (چوبیس گھنٹہ) یا اس سے زیادہ تک رہے، تو ان اوقات کی نماز اس سے ساقط ہوجائے گی، اُن کی ادائیگی یا اُن کا فدیہ واجب نہیں ہوگا، اور اگر بے ہوشی مسلسل طاری نہ رہے، بلکہ کبھی بے ہوشی طاری ہو، اور کبھی افاقہ ہوجائے، اور افاقہ سے قبل بے ہوشی ایک دن رات (چوبیس گھنٹہ) سے کم طاری رہی ہو، تو نمازوں کی قضا یا فدیہ لازم ہوگا۔(۱)

= ۱/۲ ۱ ۱ ، الباب التاسع في النوافل ، الموسوعة الفقهية :۲۷/۵۰ ۱ ، صلاة التسبيح)

(۲) ما في " التنوير مع الدر والرد " : ولا يصلي الوتر ولا التطوع بجماعة خارج رمضان أي يكره ذلک لو على سبيل التداعي ، بأن يقتدي أربعة بواحد كما في الدرر . تنوير مع الدر . وفي الشامية : قوله : (أربعة بواحد) أما اقتداء واحد بواحد أو اثنين بواحد فلا يكره ، وثلاثة بواحد فيه خلاف .

(۲/۵۰۰، باب الوتر والنوافل ، مطلب في كراهة الإقتداء في النفل على سبيل التداعي الخ) ما في " حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح " : أما لو اقتدى واحد بواحد أو اثنان بواحد لا يكره ، وإذا اقتدى ثلاثة بواحد اختلف فيه ، وإن اقتدى أربعة بواحد كره اتفاقا . (ص/۳۸٦، كتاب الصلاة ، باب الوتر وأحكامه ، البحر الرائق : ۱/۶۰۴ ، كتاب الصلاة ، باب الإمامة)

(فتاویٰ محمودیہ:۱۱/۳۲۴، فتاویٰ دارالعلوم دیوبند، رقم الفتویٰ:۴۶۴۵۸)

الحجة على ما قلنا :=

....

....

=(۱) ما في " كتاب الآثار للشيباني " : قال محمد : أخبرنا أبو حنيفة عن حماد عن ابراهيم أنه سأله عن الرجل المريض يغمي عليه فيدع الصلاة . قال : إذا كان اليوم الواحد فإني أحب أن يقضيه ، وإن كان أكثر من ذلک فإنه في عذر إن شاء الله تعالى . قال محمد : إذا أغمي عليه يوما وليلة قضى ، وإن كان أكثر من ذلک فلا قضاء عليه ، وهو قول أبي حنيفة .
(۱/ ۲۱۹، كتاب الصلاة ، باب صلاة المغمى عليه ، رقم المسئلة : ۱۷۱)
ما في " اعلاء السنن " : عن نافع قال : " أغمى على عبد الله بن عمر يومًا وليلة فأفاق فلم يقض ما فاته واستقبل " . كذا في نصب الراية . قلت : قال في الهداية : ومن أغمي عليه خمس صلوات أو دونها قضى وإن كان أكثر من ذلک لم يقض ، وهذا استحسان ......
وجه الاستحسان أن المدة إذا طالت كثرت الفوائت فيحرج في الأداء وإذا قصرت قلت فلا حرج ، والكثير أن تزيد على يوم وليلة ، لأنه يدخل في حد التكرار ، والجنون كالإغماء ، ...
قلت : واحتج أصحابنا في وجوب القضاء إذا لم تزد الصلوات على يوم وليلة بأن ابن عمر الذي رواه محمد في الآثار واحتج به . (۲۱۲/۷، ۲۱۳، كتاب الصلاة ، باب المغمى عليه ، رقم الحديث : ۱۹۳۰ ، نصب الراية : ۱۸۱/۲ ، كتاب الصلاة ، باب صلاة المريض)
ما في " البحر الرائق " : قوله : (ومن جن عليه خمس صلوات قضى ولو أكثر لا) وهذا استحسان ، والقياس أن لا قضاء عليه إذا استوعب الإغماء وقت صلاة كاملة لتحقق العجز ، وجه الاستحسان أن المدة إذا طالت كثرت الفوائت فيحرج في الأداء وإذا قصرت قلت : فلا حرج ، والكثير أن يزيد على يوم وليلة لأنه يدخل في حد التكرار والجنون كالإغماء على الصحيح .... وقيده بدوام الإغماء لأنه إذا كان يفيق فيها فإنه ينظر ، فإن كان لإفاقته وقت معلوم مثل أن يخف عنه المرض عند الصحيح مثلا فيفيق قليلا ثم يعاوره فيغمى عليه تعتبر هذه الإفاقة فيبطل ما قبلها من حكم الإغماء إذا كان أقل من يوم وليلة .
(۲۰۷/۲، ۲۰۸، كتاب الصلاة ، باب صلاة المريض ، الفتاوى الهندية : ۳۷/۱ ، كتاب الصلاة ، الباب الرابع عشر في صلاة المريض) (فتاویٰ دار العلوم دیو بند، رقم الفتویٰ:۵۴۸۰۶)

فدیہ میں دوسرے کی قضا نمازیں پڑھنا

مسئلہ (۷۷): اگر کسی شخص کا انتقال ہوگیا، اور اس کے ذمے نمازیں قضا باقی ہیں، اور کوئی آدمی اس کی قضا نمازیں پڑھنا چاہے، تو یہ درست نہیں ہے[1]، البتہ فدیہ (بطورِ کفارہ، رقم) دے سکتا ہے۔[2]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الفتاوى الهندية " : في الملتقط ولو أمر الأب ابنه أن يقضي عنه صلوات وصيام أيام لا يجوز عندنا . كذا في التتارخانية .

(۱/۱۲۵ ، كتاب الصلاة ، الباب الحادي عشر في قضاء الفوات ، مسائل متفرقة)

ما في " مراقي الفلاح مع حاشية الطحطاوي " : ولا يصح أن يصلي أحد عنه لقوله ﷺ : "لا يصوم أحد عن أحد ولا يصلي أحد عن أحد ولكن يطعم عنه ..... فيما يفعله جهلة الناس الآن من اعطاء دراهم للفقير على أن يصوم أو يصلي عن الميت أو يعطيه شيئًا من صلوته أو صومه ليس بشيء وإنما الله سبحانه وتعالى يتجاوز عن الميت بواسطة الصدقة التي قدرها الشارع كما بيناه . (ص/۴۳۹ ، كتاب الصلاة ، فصل في إسقاط الصلاة والصوم ، الفتاوى التاتارخانية : ۱/۴۸۶ ، كتاب الصلاة ، الفصل العشرون في قضاء الفائتة)

ما في " التنوير مع الدر والرد " : (ولو قضاها ورثته بأمره لم يجز) لأنها عبادة بدنية (بخلاف الحج) لأنه يقبل النيابة . (۲/۵۳۵، كتاب الصلاة ، باب قضاء الفوائت ، مطلب في بطلان الوصية بالختمات والتهاليل)

(۲) ما في " الفتاوى الهندية " : وفي فتاوى الحجة : وإن لم يوص لورثته وتبرع بعض الورثة يجوز ويدفع عن كل صلوة نصف صاع حنطة منوين .

(۱/۱۲۵ ، كتاب الصلاة ، الباب الحادي عشر في قضاء الفوائت ، مسائل متفرقة)

ما في " مراقي الفلاح مع حاشية الطحطاوي " : (من مات وعليه صوم شهر فليطعم عنه مكان كل يوم مسكين والصلاة كل وقت حتى الوتر) .... هي (نصف صاع من بر أو قيمته=

باب الجمعة

جمعہ کے دن، جمعہ سے پہلے سفر کرنا

مسئلہ (۷۸): بعض لوگ یہ خیال کرتے ہیں کہ جمعہ کے دن، جمعہ سے پہلے سفر کرنا درست نہیں ہے، جب کہ جمہور علماء کے نزدیک جمعہ کے دن قبلِ زوال سفر کرنا بلا کراہت درست ہے، البتہ جس پر جمعہ فرض ہو، ایسے شخص کو زوال کے بعد اپنے وطن سے سفر کرنا جائز نہیں، اُسے چاہیے کہ جمعہ کے بعد سفر کرے، البتہ اگر راستے میں جمعہ ملنے کی امید ہو، یا ساتھیوں سے الگ رہ جانے کا خوف ہو، اور اکیلا سفر نہیں کرسکتا، تو اس کے لیے زوال کے بعد بھی سفر کرنے گنجائش ہے۔ (۱)

= وهي أفضل لتنوع حاجات الفقير وإن لم يوص ، وتبرع عنه وليه) أو أجنبي (جاز) .
(ص/۴۳۸ ، كتاب الصلاة ، فصل في إسقاط الصلاة والصوم)
(فتاویٰ دارالعلوم دیوبند، رقم الفتویٰ:۱۰۵۹۸)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " جامع الترمذي " : عن ابن عباس قال : بعث النبي ﷺ عبد الله بن رواحة في سرية فوافق ذلک يوم الجمعة ، فغدا أصحابه فقال : اتخلف فأصلي مع رسول الله ﷺ ثم ألحقهم ، فلما صلى مع النبي ﷺ رآه فقال له : ما منعک أن تغدو مع أصحابک ؟ قال : أردت أن أصلي معک ثم ألحقهم ، فقال : " لو أنفقت ما في الأرض ما أدركت فضل غدوتهم " . (۱۱۸/۱ ، أبواب الجمعة ، باب ما جاء في السفر يوم الجمعة)

ما في " هامش الترمذي " : قال في شرح المنية : والصحيح أنه يكره السفر بعد الزوال قبل أن يصلي ولا يكره قبل الزوال . (۱۱۸/۱)

ما في " العرف الشذي " : لو أراد المقيم السفر فإن خرج قبل الزوال فبها ، وإن تأخر إلى ما بعد الزوال فلا يجوز له السفر بدون أداء الجمعة . (۳۳/۲ ، تحت الرقم :۵۲۷)=

خطبۂ جمعہ طوالِ مفصل کے برابر ہونا چاہیے

مسئلہ (۷۹): نمازِ جمعہ میں خطبہ کو طویل اور نماز کو مختصر پڑھنے کا رَواج بڑھتا جارہا ہے، حالاں کہ خطبۂ جمعہ کو طویل پڑھنا مکروہ ہے، جس کی حد یہ ہے کہ دونوں خطبے طوالِ مفصل کی ایک سورت کے برابر ہوں، طوالِ مفصل کی ایک سورت، سورۂ حجرات کے حروف کم وبیش ایک ہزار چھ سو بارہ (۱۶۱۲) ہوتے ہیں، اور اُسے صحت کے ساتھ درمیانی رفتار سے پڑھا جائے، تو تقریباً آٹھ سے دس منٹ صَرف ہوتے ہیں، اس سے زیادہ وقت اگر خطبہ میں صَرف کیا گیا، تو خطبہ طویل اور مکروہ سمجھا جائے گا، کیوں کہ یہ خلافِ سنت ہے، نبی کریم ﷺ کی عادتِ شریفہ جو عام کتبِ حدیث میں منقول ہے، یہ تھی کہ خطبہ مختصر اور نماز اس کی بہ نسبت طویل پڑھاتے تھے، جو امام اس کے خلاف کرتے ہیں، وہ سنت کے خلاف کرتے ہیں، انہیں اپنے عمل کی اصلاح کرلینی چاہیے، اور خطبہ ونماز سنت کے مطابق پڑھنا چاہیے، کہ اسی میں دنیا وآخرت کی راحت وکامیابی ہے۔(۱)

=ما في " الدر المختار مع الشامية " : وقال في شرح المنية : والصحيح أنه يكره السفر بعد الزوال قبل أن يصليها ، ولا يكره قبل الزوال . الدر المختار . وفي الشامية : قلت : وينبغي أن يستثنى ما إذا كانت تفوته رفقته لو صلاها ولا يمكنه الذهاب وحدة . (۳/۴۰، باب الجمعة ، مطلب في حكم المرقى بين يدي الخطيب) (روضۃ الفتاویٰ:۳/۳۶)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " صحيح مسلم " : عن واصل بن حيّان قال : خطبنا عمّار فأوجز وأبلغ ، فلما نزل قلنا : يا أبا اليقظان ! لقد أبلغت وأوجزتَ ، فلو كنت تنفست ؟ فقال : إني سمعتُ رسول =

....

....

....

=الله ﷺ يقول : " إن طولَ صلاة الرجل ، وقِصَرِ خطبته مَئِنَّةٌ من فقهه ، فأطيلوا الصلاة وأقصروا الخطبة ، وإن البيان سحرًا " .

(۱/۲۸٦ ، كتاب الجمعة ، باب تخفيف الصلاة والخطبة)

ما في " سنن أبي داود " : عن عمار بن ياسر قال : " أمرنا رسول الله ﷺ بإقصار الخطب " .

وعن جابر بن سمرة السوائي قال : " كان رسول الله ﷺ لا يطيل الموعظة يوم الجمعة ، إنما هنّ كلمات يسيرات " .

(ص/۱۵۸ ، كتاب الصلاة ، باب إقصار الخطب ، الرقم :۱۱۰٦ ، ۱۱۰۷)

ما في " بدائع الصنائع " : وأما سنن الخطبة : فمنها أن يخطب خطبتين على ما روي عن الحسن بن زياد عن أبي حنيفة أنه قال : ينبغي أن يخطب خطبة خفيفة يفتتح فيها بحمد الله تعالى ويثني عليه ويتشهد ، ويصلي على النبي ﷺ ويعظ ويذكر ، ويقرأ سورة ، ثم يجلس جلسة خفيفة ، ثم يقوم فيخطب خطبة أخرى ، يحمد الله تعالى ويثني عليه (ويتشهد) ويصلي على النبي ﷺ ويدعو للمؤمنين والمؤمنات ، ويكون قدر الخطبة قدر سورة من طوال المفصل . (۲/۱۹٦ ، كتاب الصلاة ، فصل في بيان شرائط الجمعة ، بيروت ، الدر المختار مع الشامية :۳/۲۰ ، كتاب الصلاة ، باب الجمعة ، مطلب في نية آخر ظهر بعد صلاة الجمعة، البحر الرائق :۲/۲۵۹ ، كتاب الصلاة ، باب صلاة الجمعة ، الفتاوى الهندية : ۱/۱۴۷ ، كتاب الصلاة ، الباب السادس عشر في صلاة الجمعة)

ما في " الفتاوى التاتارخانية " : ولا يطول الخطبة ، وقال ابن مسعود رضي الله عنه : طول الصلاة وقصر الخطبة مئنة من فقه الرجل ، قال القدوري في كتابه : ويكون قدر الخطبتين مقدار سورة من طوال المفصل . (۱/۵۴۱ ، الفصل الخامس والعشرون في صلاة الجمعة ، النوع الثاني في بيان شرائط الجمعة وما يتصل بها من المسائل)

(کتاب الفتاویٰ :۳/ ۳۸ ، امداد المفتین [فتاویٰ دار العلوم/عزیز الفتاویٰ] :۳/۳۳۰)

خطبۂ جمعہ میں دعا پر آمین کہنا

مسئلہ (۸۰): اکثر جمعہ کے خطبے میں امام خاص دعا کرتے ہیں، مثلاً کسی اسلامی ملک کے لیے، یا بارش کے لیے، یا کسی علاقہ کے مصیبت زدہ لوگوں کے لیے، تو اس حالت میں سامعین دل ہی دل میں آمین کہہ لیں، تو اِس کی گنجائش ہے، البتہ ہاتھ اُٹھانا یا آواز سے آمین کہنا منع ہے، کیوں کہ خطبے کا سننا واجب ہے۔[1]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " صحيح البخاري " : عن ابن شهاب قال : أخبرني سعيد بن المسيب : أن أبا هريرة أخبره أن رسول الله ﷺ قال : " إذا قلت لصاحبک يوم الجمعة : أنصت ، والإمام يخطب فقد لغوت " . (۱/۱۲۷ ، كتاب الجمعة ، باب الإنصات يوم الجمعة والإمام يخطب، وإذا قال لصاحبه انصت الخ)

ما في " الدر المختار مع الشامية " : (كل ما حرم في الصلاة حرم فيها) أي في الخطبة . الدر المختار. (۳/۳۵ ، كتاب الصلاة ، باب الجمعة ، مطلب في شروط وجوب الجمعة)

ما في " الدر المختار مع الشامية ": وإن صلى الخطيب على النبي ﷺ إذا قرأ آية : ﴿صلوا عليه﴾ فيصلي المستمع سِرًّا بنفسه ، وينصت بلسانه عملاً بأمري " صلوا " و" أنصتوا " . [در مختار] . وفي الشامية : قوله : (فلا يأتي بما يفوت الاستماع الخ) سيأتي في باب الجمعة : أن كل ما حرم في الصلاة حرم في الخطبة ، فيحرم أكل وشرب وكلام ولو تسبيحًا ، أو ردّ سلام أو أمرًا بمعروف إلا من الخطيب ، لأن الأمر بالمعروف منها بلا فرق بين قريب وبعيد في الأصح . (۲/۲٦۷ ، الصلاة ، باب صفة الصلاة ، قبيل فروع في القراء ة خارج الصلاة)

ما في " حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح " : وفي الخلاصة : كل ما حرم في الصلاة حرم حال الخطبة ولو أمرا بمعروف ، وفي السيد : استماع الخطبة من أولها إلى آخرها واجب وإن كان فيها ذكر الولاة ، وهو الأصح . نهر . وكذا استماع سائر الخطب كخطبة النكاح والختم . اهـ . (ص/۵۱۹، باب الجمعة)=

انگریزی زبان میں خطبۂ جمعہ

مسئلہ (۸۱): جمعہ کے دونوں خطبے؛ اُولیٰ اور ثانیہ- خالص عربی میں دینا سنتِ متوارِثہ ہے، اِن خطبوں کو انگریزی میں پڑھنا، یا انگریزی وعربی دونوں میں پڑھنا بدعتِ سیئہ اور مکروہِ تحریمی ہے، صحابۂ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے بلادِ عجم کو فتح کیا، وہاں بھی خطبہ عربی ہی میں دیا، جب کہ مخاطَب عربی نہیں جانتے تھے، اور اسلام ابتدائی حالت میں تھا، وقت کا تقاضا بھی تھا کہ سامعین کی زبان میں ہی خطبہ دیا جائے، تاکہ اسلام کی حقانیت اور باطل سے نفرت ان کے ذہن ودماغ میں رَچ بَس جائے، لیکن اِن تمام عوامل کے باوجود صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم

=ما في " مراقي الفلاح مع حاشية الطحطاوي " : وإذا أمر الخطيب بالصلاة على النبي ﷺ يصلي سرًا إحرازًا للفضيلتين . (مراقي) . وفي حاشيته : قوله : (يصلي سرًا) بحيث يسمع نفسه كذا أفاده القهستاني ، وفي الشرح عن الحسامي : يصلي في نفسه ، وفي الفتح عن أبي يوسف : ينبغي في نفسه ، لأن ذلک مما لا يشغله عن سماع الخطبة ، فكان إحرازًا للفضيلتين ، وهو الصواب . (ص/ ۵۱۹)

ما في " حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح " : وما يفعله المؤذنون حال الخطبة من الصلاة على النبي ﷺ والترضي عن الصحابة والدعاء للسلطان بالنصر ينبغي أن يكون مكروها اتفاقا . (ص/ ۵۱۴ ، باب الجمعة)

ما في " الموسوعة الفقهية " : إذا صعد الإمام المنبر للخطبة يجب على الحاضرين أن لا يشتغلوا عندئذ بصلاة ولا كلام إلى أن يفرغ من الخطبة ، فإذا بدأ الخطيب بالخطبة تأكد وجوب ذلک أكثر . قال في تنوير الأبصار : كل ما حرم في الصلاة حرم في الخطبة ، وسواء أكان الجالس في المسجد يسمع الخطبة أم لا . (۲۷/ ۲۰۴، صلاة الجمعة ، الإنصات للخطبة) (فتاویٰ دار العلوم دیوبند، رقم الفتویٰ: ۵۴۴۲۷، فتاویٰ رحیمیہ: ۶/ ۱۴۸، باب الجمعۃ والعیدین)

نے خطبہ عربی ہی میں دیا، لہٰذا خطبہ خالص عربی کے علاوہ کسی دوسری زبان میں دینا گناہ سے خالی نہیں، اور سنتِ متوارثہ کے خلاف ہے۔[1]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " عمدة الرعاية على هامش شرح الوقاية " : لا شك في أن الخطبة بغير العربية خلاف السنة المتوارثة من النبي ﷺ والصحابة ؛ فيكون مكروها تحريما .

(۱/۲۰۰، مكتبه سعيد ، رقم الحاشية : ۲، كتاب الصلاة ، باب الجمعة)

ما في " بدائع الصنائع " : ويكره للخطيب أن يتكلم في حالة الخطبة ..... إلا إذا كان الكلام أمرا بالمعروف فلا يكره . (۱/۲۶۵، دار الكتاب العربي بيروت ، و۲/۲۰۲، ۲۰۳، كتاب الصلاة ، فصل في بيان شرائط الجمعة ، دار الكتب العلمية بيروت ، كذا في الفتاوى الهندية : ۱/۱۴۷ ، كتاب الصلاة ، الباب السادس في صلاة الجمعة ، مكتبه زكريا وكوئٹه)

ما في " الموسوعة الفقهية " : وقال الكمال : يحرم الكلام وإن كان أمرا بمعروف أو تسبيحا. (۱۹/۱۸۴، خطبة ، مكروهاتها ، فتح القدير:۲/۶۶، كتاب الصلاة ، باب صلاة الجمعة ، بيروت ، الفتاوى الهندية : ۱/۱۴۷)

ما في " آكام النفائس في أداء الأذكار بلسان الفارس " : الخطبة بالفارسيّة التي أحدثوها واعتقدوا حسنها ليس الباعث إليها إلا عدم فهم العجم اللغة العربية ، وهذا الباعث قد كان موجودا في عصر خير البرية وإن كانت في اشتباه ، فلا اشتباه في عصر الصحابة والتابعين ومن تبعهم من الأئمة المجتهدين حيث فُتحت الأمصار الشاسعة والديار الواسعة وأسلم أكثر الحبش والروم والعجم وغيرهم من الأعجام وحضروا مجالس الجمع والأعياد وغيرها من شعائر الإسلام وقد كان أكثرهم لا يعرفون اللغة العربية ومع ذلك لم يخطب لهم أحد منهم بغير العربية ، ولما ثبت وجود الباعث في تلك الأزمنة وفقدان المانع والتكاسل ونحوه معلوم بالقواعد المبرهنة لم يبق إلا الكراهة التي هي أدنى درجات الضلالة .

(مجموعة رسائل اللكنوي : ۴/۴۷)

وفيه أيضًا : الكراهة إنما هي لمخالفة السنة ؛ لأن النبي ﷺ وأصحابه قد خطبوا دائما بالعربية ولم ينقل عن أحد منهم أنهم خطبوا خطبة ولو خطبة غير الجمعة بغير العربية .=

پنج وقتہ نماز نہ پڑھنے والے کی نمازِ جمعہ

مسئلہ(۸۲): بعض لوگ یہ کہتے ہیں کہ جو شخص پنج وقتہ نماز نہیں پڑھتا، صرف جمعہ کے دن- جمعہ کی نماز پڑھتا ہے، اُس کی نمازِ جمعہ نہیں ہوتی، اُن کی یہ بات غلط ہے، صحیح بات یہ ہے کہ- شخصِ مذکور کی نمازِ جمعہ ہوجائے گی، البتہ پورے ہفتہ نماز ترک کرنے کی وجہ سے وہ گناہِ کبیرہ کا مرتکب ہوا(۱)، اس کو چاہیے کہ روزانہ پانچوں وقت کی نماز بھی پابندی سے ادا کرے(۲)، اور چھوٹی ہوئی نمازوں کی قضا کرلے۔(۳)

=(۴/۴۴)

وفيه أيضًا : الخطبة بالفارسية وغيرها من اللغات الغير العربية بدعة ، وكل بدعة ضلالة ، والضلالة أدنى درجاتها الكراهة ، فلا يخلو الخطبة بغير العربية عن الكراهة ، ووجه كونه بدعة أنه لم يكن في القرون الثلاثة . اهـ . (۴/۴۴)

ما في " فتاوى محموديه " : السنة المتوارثة في خطبة الجمعة هي أن تكون بالعربية والخطبة بغير العربية سواء كانت مترجمة بالهندية أو بالفارسية أو بيغرهما لكونهما خلاف السنة بدعة مكروهة . اهـ . (۸/۲۳۵، كراچي) (فقہی مقالات:۳/۱۳۱،خلاصۂ کلام)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿فخلف من بعدهم خلفٌ اَضاعوا الصلوةَ واتّبعوا الشهوٰتِ فسوف يلقون غيًّا﴾ . (سورة مريم : ۵۹)

ما في " أحكام القرآن للجصاص " : قوله تعالى : ﴿واضاعوا الصلوة﴾ ...... وقال محمد بن كعب : " أضاعوا بتركها " . (۳/۲۸۴، سورة مريم)

ما في " التفسير المظهري " : (أضاعوا أي تركوا (الصلاة) المفروضة . (۶/۲۹، سورة مريم، تفسير النسفي [مدارک التنزيل وحقائق التأويل] : ۲/۳۴۲)

ما في " روح المعاني " : وأخرج ابن أبي حاتم عن محمد بن كعب القرظي أن إضاعتها=

....

= ترکھا . (۹/۱۵۹، سورة مريم، الآية/۵۹)
ما في " صحيح مسلم " : وعن جابر رضي الله عنه قال : سمعت النبي ﷺ يقول : " إن بين الرجل وبين الشرك والكفر تركَ الصلاة " . (۲/۱۴۶، الرقم: ۸۲/۲۴۲-۱۳۴، كتاب الإيمان، باب ما جاء في ترك الصلاة، احياء التراث، موسوعة الفقه الإسلامي للتويجري :۴/۵۵۵، كتاب الكبائر، كبائر العبادات، ترك الصلاة)
ما في " موسوعة الفقه الإسلامي " : ومن يصلي أحيانا ويتركها أحيانا فليس بكافر، لكنه فاسق ومرتكب إثما عظيما، وجان على نفسه جناية كبيرة، وعاص لله ورسوله ﷺ، ومن يعص الله ورسوله ويتعد حدوده يدخله نارًا خالدًا فيها وله عذاب مهين . [النساء : ۱۴] .
(۲/۴۱۷، حكم الصلوات الخمس، الآثار المترتبة على جاحد الصلاة أو تاركها، الموسوعة الفقهية :۲۷/۵۳، صلاة، حكم تارك الصلاة)
(۲) ما في " القرآن الكريم " : ﴿حٰفظوا على الصلوٰت والصلوة الوُسطٰى وقوموا للّٰه قٰنتين﴾ . (سورة البقرة :۲۳۸) . ﴿اِنّ الصلوةَ كانت على المؤمنين كتٰباً موقوتًا﴾ .
(سورة النساء :۱۰۳)
ما في " صحيح البخاري " : قال ابن حزم وأنس بن مالك : قال النبي ﷺ : " ففرض الله عز وجل على أمتي خمسين صلاة، فرجعت بذلك حتى مررت على موسى، فقال : ما فرض الله لك على أمتك ؟ قلتُ : فرض خمسين صلاة، قال : فارجع إلى ربك فإن أمتك لا تطيق ذلك .... فراجعته فقال : هي خمسٌ، وهي خمسون، لا يبدّل القول لديّ " . الحديث . (۱/۵۱، كتاب الصلاة، باب كيف فرضت الصلاة ؟ الرقم : ۳۴۹، قديمي، صحيح مسلم : ۱/۱۰۲، الرقم :۴۳۳، دار الجيل و دار الآفاق الجديد بيروت)
وفيه أيضًا : عن ابن عمر قال : قال رسول الله ﷺ : " بُني الإسلام على خمسٍ : شهادة أن لا إله إلا الله، وأن محمدا رسول الله، وإقام الصلاة، وإيتاء الزكاة، والحج، وصوم رمضان".
(۱/۶، كتاب الإيمان، الرقم : ۸، صحيح مسلم : ۱/۳۲، كتاب الإيمان)
وفيه أيضًا : عن ابن عباس، أن النبي ﷺ بعث مُعاذًا رضي الله عنه إلى اليمن فقال : " اُدعهم إلى شهادة أن لا إله إلا الله وأني رسول الله، فإن هم أطاعوا لذلك فأعلمهم أن الله =

ہوٹل کھلی رکھنے کے لیے باری باری نمازِ جمعہ ادا کرنا

مسئلہ (۸۳): شہروں میں بعض دکاندار یا ہوٹل والے جمعہ کے دن، اذانِ اول کے بعد بھی اپنی دکان یا ہوٹل کھلی رکھتے ہیں، اور اس دکان یا ہوٹل میں جتنے کام کرنے والے ہوتے ہیں، اُن میں سے ہر ایک الگ الگ مسجد میں نمازِ جمعہ ادا کرتا ہے، اِس طرح کرنے سے اُن کے کام میں کوئی حرج وخلل واقع نہیں ہوتا، اور ہر ایک کی نمازِ جمعہ بھی ادا ہو جاتی ہے، لیکن چوں کہ نمازِ جمعہ کی اذانِ اول کے بعد خرید وفروخت کرنا شرعاً ناجائز ہے، اور اُسی وقت سعی الی الجمعہ واجب ہے، جب کہ مذکورہ صورت میں جب دکان یا ہوٹل کھلی رہے گی، تو خرید وفروخت

=قد افترض عليهم خمس صلواتٍ في كل يومٍ وليلةٍ ". (۱/۱۸۷، كتاب الزكاة، باب وجوب الزكاة، الرقم: ۱۳۹۵، صحيح مسلم: ۱/۳۶، كتاب الإيمان)

ما في " موسوعة الفقه الإسلامي للتويجري ": الصلوات التي أمر الله ورسوله بها نوعان: الأول: الصلوات المفروضة، وهي الصلوات التي أوجب الله على العبد فعلها، وهي الصلوات الخمس والجمعة. (۲/۴۰۸، الصلاة، أقسام الصلوات، باب الصلوات الخمس)

وفيه أيضًا: الصلوات التي فرضها الله عز وجل في اليوم والليلة على كل مسلم ومسلمة خمس صلوات، وهي: الفجر، والظهر، والعصر، والمغرب، والعشا.

(۲/۴۱۱، عدد الصلوات المفروضة)

(۳) ما في " الموسوعة الفقهية ": العبادات المحدد بوقت تفوت بخروج الوقت المحدد لها من غير أداء، وتتعلق بالذمة إلى أن تقضى. والفقهاء متفقون على وجوب قضاء الفوائت المتعلقة بالذمة في الجملة .... وجاء في الفتاوى الهندية: والقضاء فرض في الفرض، وواجب في الواجب، وسنة في السنة. (۳۴/۲۴، ۲۵، قضاء الفوائت، الحكم التكليفي)

(فتاویٰ دار العلوم دیوبند، رقم الفتویٰ: ۲۶۷۵۵)

بھی ہوتی رہے گی، جس سے ترکِ سعی الی الجمعہ لازم آئے گا، اِس لیے یہ صورت ترک کردینی چاہیے، ورنہ کیا خبر کہ اللہ تعالیٰ کے یہاں اس کی وجہ سے گرفت ہوجائے۔ (۱)

نوٹ: فقہائے کرام فرماتے ہیں کہ- جب متعدد اذانیں سنی جائیں، تو ان میں سے پہلی اذان کا جواب دیا جائے، خواہ وہ اذان مسجد محلّہ کی ہو یا غیر محلّہ کی، اس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ سعی الی الجمعہ کا وجوب اور بیع کی کراہت بھی شہر کی اذانِ اول پر ہو، خواہ یہ اذان مسجد محلّہ میں ہو یا غیر محلّہ میں۔ (اہم مسائل: ۵/۱۳۳، مسئلہ نمبر: ۸۳)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿يايها الذين آمنوا إذا نودي للصلوة من يوم الجمعة فاسعوا إلى ذكر الله وذروا البيع﴾ . (سورة الجمعة : ۹)

ما في " التفسير المظهري " : (وذروا البيع) أراد ترک ما يشغل عن الصلوة والخطبة وإنما خصّ البيع بالذكر لاشتغالهم غالبا بعد الزوال في الأسواق بالبيع والشراء . اهـ .

(۹/۲۷۶ ، ط : زکریا بکڈپو دیوبند)

ما في " التنوير وشرحه مع الشامية " : (ووجب سعي إليها وترک البيع بالأذان الأول) ولو مع السعي . وفي الشامية : قوله : (وترک البيع) أراد به كل عمل ينافي السعي وخصّه اتباعًا للآية . نهر . (۳/۳۵ ، مطلب في حكم المرقي بين يدي الخطيب)

ما في " بيان القرآن " (إذا نودي للصلوة) نودي سے مراد قرآن میں وہ اذان ہے جو نزولِ آیت کے وقت تھی، یعنی جو امام کے سامنے ہوتی ہے، کیوں کہ یہ اذانِ اول صحابہ کے اجماع سے بعد میں مقرر ہوئی ہے، لیکن حرمتِ بیع میں حکم اُس کا بھی مثل حکم اذانِ قدیم کے ہے، کیوں کہ اشتراکِ علت سے حکم میں اشتراک ہوتا ہے، البتہ قدیم میں یہ حکم منصوص وقطعی ہوگا، اور اذانِ حادث میں یہ حکم مجتہد فیہ وظنی ہوگا، اس سے تمام اشکالاتِ علمیہ مرتفع ہوگئے۔ (۳/۵۴۷، ادارہ تالیفات اشرفیہ ملتان، پاکستان)

ما في " تفسيرات احمديه " : قوله تعالى : ﴿وذروا البيع﴾ کا معنی یہ ہے کہ ہر وہ شغل جو اللہ تعالیٰ=

....

=کے ذکر سے روکے چھوڑ دینا چاہیے۔ (ص/ ۸۰۵، حصہ دوم، ط: المیزان اردو بازار لاہور)
(احسن الفتاوی: ۴/ ۱۵۰، ۱۵۱، اہم مسائل: ۶/ ۹۰، مسئلہ نمبر: ۵۲، ایڈیشن ثانی)

ما في " الهداية " : وإذا أذن المؤذنون الأذان الأول ترك الناس البيع والشراء وتوجهوا إلى الجمعة . (۱/ ۱۷۱ ، كتاب الصلاة ، باب صلاة الجمعة)

ما في " التنوير وشرحه مع الشامية " : ووجب سعي إليها وترك البيع بالأذان الأول في الأصح ، وإن لم يكن في زمن الرسول بل في زمن عثمان ، وأفاد في البحر صحة إطلاق الحرمة على المكروه تحريمًا . تنوير وشرحه . وفي الشامية : قال ابن عابدين الشامي رحمه الله تعالى : والأصح أنه الأول باعتبار الوقت ، وهو الذي يكون على المنارة بعد الزوال .... وأشار إلى الاعتذار عن صاحب الهداية حيث أطلق الحرمة على البيع وقت الأذان مع أنه مكروه تحريمًا ، وبه اندفع ما في غاية البيان حيث اعترض على الهداية بأن البيع جائز لكنه يكره كما صرّح به في شرح الطحاوي ، لأن النهي لمعنى في غيره لا يعدم المشروعية .
(۳۵/۳ ، ۳۶ ، كتاب الصلاة ، باب الجمعة ، مطلب في حكم المرقى بين الخطيب)

ما في " الاختيار لتعليل المختار " : فالثاني : هو المعتبر في وجوب السعي وترك البيع ، وقيل : الأصح أنه الأول إذا وقع بعد الزوال لإطلاق قوله تعالى : ﴿إذا نودي للصلوة من يوم الجمعة﴾ . (۱/ ۱۲۷ ، باب صلاة الجمعة ، الفتاوى الهندية: ۱/ ۱۴۹ ، الباب السادس عشر في صلاة الجمعة)

ما في " الفتاوى التاتارخانية " : وذكر شمس الأئمة الحلواني وشمس الأئمة السرخسي : أن الصحيح المعتبر هو الأذان الأول بعد دخول الوقت . (۱/ ۵۵۴ ، الفصل الخامس والعشرون في صلاة الجمعة ، نوع آخر من هذا الفصل في المتفرّقات)

ما في " الموسوعة الفقهية " : والقول الأصح والمختار عند الحنفية ، وهو اختيار شمس الأئمة أن المنهى عنه هو البيع عند الأذان الأول الذي على المنارة ، وهو الذي يجب السعي عنده ، وهو الذي رواه الحسن عن أبي حنيفة رحمه الله تعالى إذا وقع بعد الزوال .
(۹/ ۲۲۴ ، بيع منهي عنه ، البيع عند أذان الجمعة) (فتاویٰ دار العلوم ، رقم الفتویٰ : ۴۳۱۱۲، اہم مسائل: ۶/ ۹۱، ۹۲، مسئلہ نمبر: ۵۳، ایڈیشن ثانی) (فتاویٰ دار العلوم دیوبند، رقم الفتویٰ: ۴۷۹۳۰)

باب صلوة المسافر

تاجر حضرات قصر کریں گے یا اِتمام؟

مسئله (۸۴): بعض تاجر حضرات اپنے وطن سے اَسّی نوے کلو میٹر دُور تجارت کی غرض سے، جگہ لے کر کاروبار کرتے ہیں، اور ہر مہینے- ہفتہ دَس دن وہاں قیام بھی کرتے ہیں، تو چوں کہ وہاں اُن کا مستقل رِہائش کا اِرادہ نہیں ہوتا، اس لیے وہ اُن کا وطنِ اصلی نہ ہوگا، اور وہ لوگ وہاں مسافر ہی رہیں گے، اور چار رکعت والی نمازوں میں قصر کریں گے، بہ شرطیکہ وہاں پندرہ دن یا اس سے زیادہ ٹھہرنے کی نیت نہ ہو، اور اگر پندرہ دن یا اس سے زیادہ ٹھہرنے کی نیت کرلیں، تو پھر اِتمام کرنا ہوگا۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الموسوعة الفقهية " : الوطن الأصلي : هو المكان الذي يستقر فيه الإنسان بأهله سواء أكان موطن ولادته أم بلدة أخرى اتخذها دارًا وتوطن بها مع أهله وولده ولا يقصد الارتحال عنها بل التعيش منها .... وطن السكنى : هو المكان الذي يقصد الإنسان المقام به أقل من المدة القاطعة للسفر وشرطه : نية عدم الإقامة المدة القاطعة للسفر، ولذلک يعتبر مسافرا بهذه النية وإن طال مقامه ، لما روي أن النبي ﷺ أقام بتبوک عشرين ليلة يقصر الصلاة . (۲۶۶/۲۷ - ۲۶۸، صلاة المسافر ، وطن السكنى)

ما في " التنوير وشرحه مع الشامية " : (من خرج من عمارة موضع إقامته ... قاصدا ... مسيرة ثلاثة أيام ولياليها ....بالسير الوسط مع الاستراحات المعتادة ..... صلى الفرض الرباعي ركعتين) وجوباً لقول ابن عباس : إن الله فرض على لسان نبيكم صلاة المقيم أربعًا والمسافر ركعتين ..... (حتى يدخل موضع مقامه ... أو ينوي ... إقامة نصف شهر ....=

گھر داماد سُسرال میں قصر کرے یا اتمام؟

مسئلہ (۸۵): اگر کوئی شخص گھر داماد ہے، یعنی بوقتِ نکاح یہ شرط کردی گئی کہ لڑکی ہمیشہ اپنے میکے میں ہی رہے گی، رخصت ہوکر سُسرال نہیں جائے گی، تو داماد سُسرال پہنچ کر نماز پوری پڑھے گا، اس لیے کہ وہ اس کے لیے وطنِ اصلی ہوگیا، اگرچہ مسافتِ شرعی طے کر کے آئے اور پندرہ روز سے کم ٹھہرنے کا ارادہ ہو۔ اور اگر یہ شرط نہیں لگائی گئی، تو اس سلسلے میں فقہاء کا اختلاف ہے کہ: سُسرال وطنِ اصلی ہوگا یا نہیں؟ علامہ شامی رحمہ اللہ نے اس سلسلے میں دو قول نقل کیے ہیں، ایک تو یہ کہ سُسرال شوہر کے لیے وطنِ اصلی کے حکم میں نہیں ہے، اور دوسرا قول یہ ہے کہ سُسرال مطلقاً وطنِ اصلی کے حکم میں ہے، خواہ بیوی سُسرال میں ہو یا میکے میں، اور خواہ شوہر نے سُسرال میں رہنے کا فیصلہ کیا ہو یا نہ کیا ہو، علامہ شامی رحمہ اللہ نے اسی دوسرے قول کو اَوجہ قرار دیا ہے [1]، البتہ فتاویٰ قاضی

=فيقصر إن نوى) الإقامة (في أقل منه) أي في نصف شهر . تنوير وشرحه .
(۲/ ۵۹۹– ۶۰۶، باب صلاة المسافر ، بيروت)
ما في " الهداية " : ولا يزال على حكم السفر حتى ينوي الإقامة في بلدة أو قرية خمسة عشر يومًا أو أكثر . (۱/ ۱۴۶، باب صلاة المسافر) (فتاویٰ دارالعلوم دیوبند، رقم الفتویٰ:۳۹۷۰۶)
وما في " الموسوعة الفقهية " : أما مدة الإقامة المعتبرة : فأقلها خمسة عشر يومًا ؛ لما روي عن ابن عباس وابن عمر رضي الله عنهم أنهما قالا : إذا دخلت بلدة وأنت مسافر وفي عزمک أن تقيم بها خمسة عشر يوما فأكمل الصلاة ، وإن كنت لا تدري متى تظعن فاقصر .
(۲۷/ ۲۸۲، ۲۸۳، نية الإقامة ومدتها المعتبرة)=

خان اور دیگر کتبِ فقہ کی عبارت سے معلوم ہوتا ہے کہ شوہر کے لیے سُسرال مطلقاً وطنِ اصلی کے حکم میں نہیں ہے، بلکہ وطنِ اصلی کے حکم میں اس وقت ہوگا جب کہ بیوی وہیں رہتی ہو، یا شوہر نے وہاں مکان بنالیا ہو، جس سے وہاں رہنے کا ارادہ ظاہر ہوتا ہو[۲]، ہمارے علماء اور مفتیانِ کرام نے فتاویٰ قاضی خان کی اسی عبارت کو اختیار کیا ہے، اور اسی پر فتویٰ دیا ہے، غور کرنے سے یہی قول راجح بھی معلوم ہوتا ہے، اور فقہاء نے یہ بھی اصول بیان کیا ہے کہ جس جگہ قصر اور اِتمام میں اشتِباہ ہو، وہاں پر احتیاطاً اِتمام اَولیٰ وافضل ہے[۳]، لہٰذا اس صورت میں بھی سُسرال میں اِتمام اَولیٰ وافضل ہے۔

الحجة على ما قلنا :

=(۱) ما في " رد المحتار " : قوله : (أو تأهله) أي تزوجه ، قال في شرح المنية : ولو تزوج المسافر ببلد ولم ينو الإقامة به فقيل لا يصير مقيما ، وقيل يصير مقيما ، وهو الأوجه .
(۲/۵۳۵ ، كتاب الصلاة ، مطلب في الوطن الأصلي ووطن الإقامة)

(۲) ما في " فتاوى قاضي خان " : المسافر إذا جاوز عمران مصره .... إن كان ذلك وطنا أصليا بأن كان مولده وسكن فيه أو لم يكن مولده ولكنه تأهل به وجعله دارا يصير مقيما بمجرد العزم إلى الوطن . (۱/۸۰، باب صلوة المسافر)

وما في " رد المحتار " : ولو كان له أهل ببلدتين فأيتهما دخلها صار مقيما ، فإن ماتت زوجته في إحداهما وبقي له فيها دور وعقار قيل لا يبقى له وطنا له ، إذ المعتبر الأهل دون الدار ، كما لو تأهل ببلدة واستقرت سكنا له وليس له فيها دار ، وقيل تبقى . (۲/۵۳۶ ، كتاب الصلاة ، مطلب في الوطن الأصلي ووطن الإقامة) (فتاویٰ امارتِ شرعیہ:۲/۲۶۷،فتاویٰ محمودیہ:۱۱/۶۱۱)

(۳) ما في " رد المحتار " : لأنه اجتمع في هذه الصلاة ما يوجب الأربع وما يمنع فرجحنا ما يوجب الأربع احتياطا . (۲/۵۲۴، كتاب الصلاة ، باب صلاة المسافر)

مسافر کا قصداً دو کے بجائے چار رکعت پڑھنا

مسئلہ (۸۶): مسافر شخص کے لیے جب کہ وہ مقیم شخص کا مقتدی نہ ہو، ظہر، عصر اور عشا کی نماز دو رکعت پڑھنے کے بجائے قصداً چار رکعت پڑھنا مکروہِ تحریمی اور گناہ کا باعث ہے، جس کا اعادہ ضروری ہے، سجدۂ سہو کافی نہ ہوگا، البتہ اگر بھول کر چار رکعت پڑھ لے، تو اگر دوسری رکعت پر قعدہ کیا ہے، تو سجدۂ سہو کر لینے سے نماز صحیح ہو جائے گی، اور گناہ بھی نہ ہوگا، اور اگر دوسری رکعت پر قعدہ نہ کیا ہو، تو فرض باطل ہو گیا، اور چاروں رکعتیں نفل ہو گئیں، اور فرض کو دوبارہ پڑھنا واجب ہے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " مراقي الفلاح مع حاشية الطحطاوي " : فإذا أتم الرباعية والحال أنه قعد القعود الأول قدر التشهد صحت صلوته لوجود الفرض في محله وهو الجلوس على الركعتين وتصير الأخريان نافلة له مع الكراهة لتأخير الواجب ، وهو السلام عن محله إن كان عامدًا ، فإن كان ساهيًا يسجد للسهو ، وإلا أي وإن لم يكن قد جلس قدر التشهد على رأس الركعتين الأوليين فلا تصح صلوته لتركه فرض الجلوس في محله واختلاط النفل بالفرض قبل كماله . (ص/۴۲۵ ، باب صلاة المسافر)

ما في " الفتاوى الهندية " : وفرض المسافر في الرباعية ركعتان . كذا في الهداية . والقصر واجب عندنا . كذا في الخلاصة . فإن صلى أربعا وقعد في الثانية قدر التشهد أجزأته والأخريان نافلة ويصير مسيئًا لتأخير السلام وإن لم يقعد في الثانية قدرها بطلت . كذا في الهداية . (۱/۱۳۹ ، كتاب الصلاة ، الباب الخامس عشر في صلاة المسافر)

ما في " التنوير مع الدر والرد " : (فلو أتم مسافر إن قعد في الأولى تم فرضه وأساء) لو عامدًا لتأخير السلام وترك واجب القصر وواجب تكبيرة افتتاح كنفل وخلط النفل بالفرض ، وهذا لا يحل كما حرره القهستاني بعد أن فسر أساء باثم واستحق النار . (۲/۶۰۹ ،=

مسافر کے لیے تراویح کی نماز

مسئلہ (۸۷): مسافر اگر کسی جگہ ٹھہرا ہوا ہو، اور اس کے پاس اتنا وقت بھی ہو کہ وہ فرضوں کے ساتھ تراویح بھی پڑھ سکتا ہو، تو ایسی صورت میں اسے تراویح کا ترک جائز نہیں، تاہم ! اگر سفر کی کیفیت ایسی ہو کہ سوائے فرض نماز کے تراویح کا وقت نہ ہو، جیسے صرف فرض کے لیے گاڑی تھوڑی دیر کے لیے کھڑی کی گئی، تو ایسی صورت میں تراویح کو ترک کیا جاسکتا ہے، رمضان المبارک میں حضراتِ سفراء جو دینی اِداروں اور فلاحی تنظیموں کے لیے زکوۃ، صدقات اور عطیات وغیرہ کی وصولی کے لیے سفر کرتے ہیں، جن میں کچھ ایسے بھی ہوتے ہیں، جو اپنے آپ کو مسافر قرار دے کر تراویح نہیں پڑھتے، حالاں کہ ان کے پاس وقت وفُرصت ہوتی ہے، ان کا یہ عمل سراسر نادانی اور بڑی سعادت سے محرومی ہے، کہ نیکیوں کے موسم میں بھی تہی دامن رہتے ہیں، اللہ پاک ہدایت وتوفیق عطا فرمائے ! آمین ![1]

= ۶۱۰، کتاب الصلاة ، باب صلاة المسافر ، البحر الرائق : ۲/ ۲۳۰، کتاب الصلاة ، باب صلاة المسافر، النهر الفائق : ۱/ ۲۴۶، باب صلاة المسافر) (فتاویٰ رحیمیہ :۵/۱۷۰)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " التنوير مع الدر والرد " : (ويأتي) المسافر (بالسنن) إن كان (في حال أمن وقرار وإلا) بأن كان في خوف وفرار (لا) يأتي بها ، هو المختار ، لأنه ترك لعذر . تجنيس . قيل : إلا سنة الفجر . (تنوير مع الدر) . وفي الشامية : قوله : (ويأتي المسافر بالسنن) أي الرواتب . قوله : (هو المختار) وقيل : الأفضل الترك ترخيصًا ، وقيل : الفعل تقربا ، وقال الهندواني : الفعل حال النزول ، والترك حال السير ، وقيل : يصلي سنة الفجر خاصة ، وقيل : سنة الفجر أيضًا ، قال في شرح المنية : الأعدل ما قاله الهندواني . قلت : والظاهر أن ما في =

کتاب الجنائز

نمازِ جنازہ میں چوتھی تکبیر کے بعد ہاتھ چھوڑے یا باندھے رکھے؟

مسئلہ (۸۸): نمازِ جنازہ میں چوتھی تکبیر کے بعد ہاتھ چھوڑنے کے سلسلے میں تین قول ہیں:

قبل السلام-؛ یعنی تکبیر کے بعد پہلے ہاتھ چھوڑ دے پھر سلام پھیرے۔

مع السلام-؛ یعنی داہنی طرف سلام پھیرتے وقت داہنا ہاتھ چھوڑ دے، اور بائیں طرف سلام پھیرتے وقت بایاں ہاتھ چھوڑ دے۔

بعد السلام-؛ یعنی دونوں طرف سلام پھیر کر ہاتھ چھوڑ دے۔ (۱)

یہ تینوں قول صحیح ہیں، اِن میں سے کسی پر بھی عمل کرلیا گیا، تو نمازِ جنازہ صحیح ہوگی، البتہ تیسرا قول- یعنی دونوں طرف سلام کے بعد ہاتھ چھوڑ دے- اِسی پر امت کا عمل ہے، اور یہی اکابر کا معمول بھی ہے۔ (۲)

=المتن هو هذا ، وأن المراد بالأمن والقرار النزول ، وبالخوف والفرار السير .

(۲/۶۱۳ ، كتاب الصلاة ، باب صلاة المسافر ، بيروت)

ما في " البحر الرائق " : وقيد بالفرض لأنه لا قصر في الوتر والسنن ، واختلفوا في ترك السنن في السفر ، فقيل : الأفضل هو الترك ترخيصا ، وقيل : الفعل تقربا ، وقال الهندواني : الفعل حال النزول والترك حال السير ، وقيل : يصلي سنة الفجر خاصة ، وقيل : سنة المغرب أيضًا ، وفي التجنيس : والمختار أنه إن كان حال أمن وقرار يأتي بها لأنها شرعت مكملات والمسافر إليه يحتاج ، وإن كان حال خوف لا يأتي بها لانه ترك بعذر . اهـ .

(۲/۲۲۹،۲۳۰ ، كتاب الصلاة ، باب المسافر ، كتاب التجنيس والمزيد: ۲/۱۷۰ ، =

....

....

....

....

....

....

....

....

=۱۷۱، باب في صلاة المسافر ، رقم المسألة :۸۷۰ ، الفتاوى الهندية : ۱/۱۳۹، كتاب الصلاة ، الباب الخامس عشر في صلاة المسافر ، مراقي الفلاح مع الطحطاوي :ص/۴۲۲، كتاب الصلاة ، باب صلاة المسافر) (فتاویٰ بنوریہ، رقم الفتویٰ:۱۳۹۱۲)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " فتاوى محموديه " : ''صلوۃِ جنازہ میں تکبیر رابع کے بعد قبل السلام بھی ہاتھ چھوڑنا درست ہے، مع السلام بھی اور بعد السلام بھی، تینوں طرح کی گنجائش ہے۔'' فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

وفيه أيضًا : ''فتاویٰ سعدیہ سے معلوم ہوتا ہے کہ تینوں طرح عمل درست ہے۔'' الخ۔

(۱۳/۱۰۲-۱۰۴،صلوۃِ جنازہ میں تکبیرِ رابع کے بعد ہاتھ کب چھوڑے؟ طبع میرٹھ)

(۲) ما في " خلاصة الفتاوى " : ولا يعقد بعد تكبير الرابع لأنه لا يبقى ذكر مسنون حتى يعقد ، فالصحيح أنه يحلّ اليدين ثم يسلم تسليمتين ، هكذا في الذخيرة . (۱/۲۲۵ ، الفصل الخامس والعشرون في الجنائز ، نوع منه ، إذا اجتمعت الجنائز ، مكتبه رشيديه كوئٹه)

(امداد الفتاویٰ :۱/۵۸۲، باب الجنائز، مکتبہ دار العلوم کراچی، امداد الاحکام :۲/۴۴۲، کتاب الجنائز، مطبوعہ زکریا، السعایہ فی کشف مافی شرح الوقایہ:۲/۱۵۹، باب صفۃ الصلاۃ، بیان ارسال الدین الخ ،مطبوعہ سہیل اکیڈمی لاہور، احسن الفتاویٰ:۴/۲۳۷، ۲۳۸، باب الجنائز، مطبوعہ دار الاشاعت دیوبند، وفتاویٰ محمدیہ بحوالہ احسن الفتاویٰ: مؤلفہ مولانا احمد سندھی، فتاویٰ دار العلوم دیوبند:۵/۳۱۳، ۳۱۴، مسائل نمازِ جنازہ، فتاویٰ رحیمیہ :۷/ ۳۸، کتاب الجنائز، نمازِ جنازہ میں چوتھی تکبیر کے بعد ہاتھ باندھے یا چھوڑے؟ فتاویٰ محمودیہ:۱۳/۱۰۲، ۱۰۳، ۱۰۴، نمازِ جنازہ، میرٹھ، حاشیہ فتاویٰ محمودیہ میرٹھ:۱۳/۱۰۴، ۱۰۵، سوال:۶۳۵۴)

قبرستان میں برادری کے لیے جگہ کو خاص کر لینا

مسئلہ (۸۹): بعض علاقوں میں یہ دستور ہے کہ کسی خاص برادری والے، اپنی برادری والوں کی قبروں کے لیے، قبرستان میں کچھ جگہ کو خاص کر لیتے ہیں، تو اگر یہ قبرستان موقوفہ ہے، تو اس میں ایسا کرنا شرعاً جائز نہیں ہے [۱]، خواہ قبرستان میں کافی جگہ ہو، گاؤں کی آبادی کم ہو، اور کسی کو شکایت بھی نہ ہو، اور اگر قبرستان وقف نہ ہو، بلکہ کسی کی مملوکہ زمین ہو، تو اس میں اِس کی گنجائش ہے۔ [۲]

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما في " التنویر مع الدر والرد " : (فإذا تم ولزم لا یملک ولا یملّک ولا یعار ولا یرهن) . التنویر مع الدر . وفي الشامیة : قوله : (لا یملک) أي لا یکون مملوکا لصاحبه ولا یملک : أي لا یقبل التملیک لغیره بالبیع ونحوه لاستحالة تملیک الخارج عن ملکه .

(۶/ ۵۳۹، کتاب الوقف ، مطلب مهم فرّق أبو یوسف بین قوله موقوفة الخ)

ما في " رد المحتار " : مراعاة غرض الواقفین واجبة .

(۶/ ۶۶۵، کتاب الوقف ، مطلب مراعاة غرض الواقفین واجبة الخ)

(۲) ما في " تفسیر البیضاوي " : المالک هو المتصرف في الأعیان المملوکة کیف شاء .

(ص/۷، سورة الفاتحة ، شرح المجلة :ص/۶۵۴، المادة : ۱۱۹۲)

(فتاویٰ دارالعلوم دیوبند، رقم الفتویٰ:۵۱۷۹۸)

ایڈز یا سوائن فلو (Swine Flu) کے مریض میت کو تیمّم کرانا

مسئلہ (۹۰): اگر کسی وجہ سے میت کو غسل دینا ممکن نہ ہو، یا جسم بہت پھول پھٹ گیا ہو، یا ایڈز یا سوائن فلو (Swine Flu) کا مریض ہو، اور طبی ماہرین کے قول کے مطابق غسل دینے کی وجہ سے جراثیم پھیل سکتے ہوں، تو مُردے کو تیمّم کرایا جائے گا، اور شرعی طور پر کفنا کر، اور نمازِ جنازہ ادا کرکے اُسے دفن کیا جائے گا۔[1]

تعزیت کا صحیح طریقہ

مسئلہ (۹۱): کسی کے انتقال پر اس کے پسماندگان و متعلقین کو تسلی دینا تعزیت کہلاتا ہے[2]، شریعت نے تعزیت کی مدت تین دن مقرر فرمائی ہے، مقامی لوگوں کے لیے اس کے بعد تعزیت کے لیے جانا جائز نہیں، البتہ باہر سے آنے والوں کو تین دن کے بعد بھی تعزیت جائز ہے۔[3] ......تعزیت کا صحیح طریقہ یہ ہے کہ میت کے متعلقین و پسماندگان سے یوں کہا جائے کہ:

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الموسوعة الفقهية " : الحالات التي ييمم فيها الميت : ييم الميت في الحالات الآتية : .... إذا تعذّر غسله لفقد ماء حقيقة أو حكما كتقطع الجسد بالماء أو تسلخه من صبه عليه . (۱۳/۵۵، ۵٦، تغسيل الميت)

ما في " بدائع الصنائع " : ولأن ترک الغسل لو کان للتعذّر لأمر أن ييمموا ؛ کما لو تعذّر غسل الميت في زماننا لعدم الماء . (۲/۳٦۸ ، کتاب الصلاة ، فصل في حکم الشهادة في الدنيا ، بيروت ، أحکام مرض الإيدز في الفقه الإسلامي : ۱/۲۱۷، غسل المريض وتکفينه والصلاة عليه ، د/ راشد بن مفرح الشهري ، مکتبة المُزيني) (کتاب الفتاویٰ:۳/۱۵۳)=

بھائی جو ہونا تھا وہ تو ہوگیا، اب رونے دھونے سے مرحوم زندہ تو نہیں ہو گے، اور نہ رونے دھونے سے ان کو کوئی فائدہ ہوگا، تم ایسا کام کرو، جس سے ان کو بھی نفع ہو، اور تم کو بھی، وہ یہ ہے کہ قرآن کریم کی تلاوت کرو، نفلیں پڑھو، صدقہ خیرات کرو، اور اس کا ثواب میت کو پہنچاؤ، اللہ ہی کا ہے جو اس نے دیا، اور اسی کا ہے جو اس نے لیا، اور کچھ دن میں ہم بھی وہاں پہنچ کر اُن سے مل لیں گے۔(۱)

آج کل لوگ اسلامی طریقے کو چھوڑ کر میت کے گھر جا کر خود بھی روتے ہیں، اور اہلِ میت کو بھی رُلاتے ہیں، اور یہ کہہ کر اہلِ میت کے غم وصدمے کو بڑھاتے ہیں، کہ یہ خبر سُن کر جب ہمیں اس پر اتنا غم وصدمہ ہوا، تو تمہارے دل پر کیا گزر رہی ہوگی، اس طرح کہنے سے پرہیز کرنا چاہیے۔

الحجة على ما قلنا :

=(۲) ما في " جامع الترمذي " : عن عبد الله عن النبي ﷺ قال : " من عزَّى مُصابًا فله مثلُ أجره " . (۲/۱۶۴، رقم :۱۰۷۳، كتاب الجنائز ، باب ما جاء في أجر من عزّى مصابًا)

ما في " الموسوعة الفقهية " : التعزية لغة – مصدر عزّى ؛ إذا صبّر المصابَ وواساه ولا يخرج المعنى الاصطلاحي عن المعنى اللغوي ، وقال الشربيني : هي الأمر بالصبر والحمل عليه بوعد الأجر ، والتحذير من الوِزر والدعاء للميت بالمغفرة وللمصاب بجبر المصيبة .... لا خلاف بين الفقهاء في استحباب التعزية لمن أصابته مصيبة ، والأصل في مشروعيتها خبر " من عزّى مصابا فله مثل أجره " . (۱۲/۲۸۷ ، تعزية ، الحكم التكليفي)

ما في " رد المحتار " : قوله : (وبتعزية أهله) أي تصبيرهم والدعاء لهم به . قال في القاموس : العزاء ؛ الصبر أو حسنه . (۳/۱۴۷، باب صلاة الجنازة ، قبيل مطلب في الثواب على المصيبة ، ط : بيروت) (فتاویٰ محمودیہ:۹/۲۵۶،ط:کراچی)

(۳) ما في " الدر المختار مع الشامية " : وبالجلوس لها في غير مسجد ثلاثة أيام=

....

= وأولها أفضل وتكره بعدها إلا لغائب .

(۳/ ۱۴۹ ، باب صلاة الجنازة ، مطلب في كراهة الضيافة من أهل الميت)

ما في " الموسوعة الفقهية " : جمهور الفقهاء : على أن مدة التعزية ثلاثة أيام ، واستدلوا لذلک بإذن الشارع في الإحداد في الثلاث فقط ، بقوله ﷺ : " لا يحل لامرأة تؤمن بالله واليوم الآخر أن تحد على ميت فوق ثلاث ، إلا على الزوج أربعة أشهر وعشرًا "خ وتكره بعدها .... إلا إذا كان أحدهما (المعزي أو المعزى) غائبًا ، فلم يحضر إلا بعد الثلاثة فإنه يعزيه بعد الثلاثة . (۲/ ۲۸۸، تعزية ، مدة التعزية ، الفتاوى الهندية : ۱/ ۱۶۷ ، كتاب الصلاة، الفصل السادس في القبر الخ ، ومما يتصل بذلک مسائل التعزية الخ)

(۱) ما في " المستدرک للحاكم " : عن محمود بن لبيد عن معاذ بن جبل أنه مات له ابن فكتب إليه رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم يعزيه عليه : بسم الله الرحمن الرحيم ؛ من محمد رسول الله إلى معاذ بن جبل – سلام عليک فإني أحمد الله إليک الذي لا إله إلا هو أما بعد ! فأعظم الله لک الأجر ، وألهمک الصبر ، ورزقنا وإياک الشكر ، فإن أنفسنا وأموالنا وأهلينا وأولادنا من مواهب الله عزّ وجلّ الهنيئة وعواريه المستودعة متعک به في غبطة وسرور وقبضة منک بأجر كبير الصلاة والرحمة والهدى إن احتسبته فاصبر ولا يحبط جزعک أجرک فتندم ، واعلم أن الجزع لا يرد شيئًا ولا يدفع حزنا ، وما هو نازل فكأن قد – والسلام . (۳/ ۲۷۳، كتاب معرفة الصحابة ، وفاة ابن معاذ وتعزية النبي عليه ، ذكر مناقب أحد الفقهاء الستة من الصحابة معاذ بن جبل ، دار الكتاب العربي بيروت ، المعجم الأوسط للطبراني : ۱/ ۳۷ ، رقم الحديث : ۸۳ ، بيروت ، المعجم الكبير للطبراني : ۲۰/ ۱۵۵ ، ۱۵۶ ، رقم : ۳۲۴ ، احياء التراث العربي ، مرقاة المفاتيح : ۴/ ۱۷۸ – ۱۷۹ ، تحت رقم : ۱۷۲۳ ، كتاب الجنائز ، باب البكاء على الميت ، مكتبه اشرفيه ديوبند ، حصن حصين : ص/ ۱۸۰ ، ۱۸۱ ، المنزل الخامس من ورد يوم الإثنين ، المكتبة الرحيمية بديوبند)

(فتاویٰ دارالعلوم زکریا: ۲/ ۶۶۷، ۶۶۸، ۶۶۹، فتاویٰ رحیمیہ: ۶/ ۳۴۱–۳۴۶، فتاویٰ محمودیہ: ۹/ ۲۵۴، ط: کراچی)

ما في " مشكوة المصابيح " : عن أسامة بن زيد قال : أرسلت ابنة النبي ﷺ إليه – أن ابنا لي قبض فأتنا ، فأرسل يقرئ السلام ، ويقول : " إن لله ما أخذ ، وله ما أعطى ، وكلٌ عنده=

۹۰/ ہزار مرتبہ کلمہ شریف پڑھنے سے گناہ معاف

مسئلہ (۹۲): بعض لوگ کہتے ہیں کہ اگر انسان سے گناہِ کبیرہ وصغیرہ سرزد ہوں، اوراس کا انتقال ہو جائے، تو نوے (۹۰) ہزار مرتبہ کِلمہ شریف یعنی ''لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ'' پڑھ کر مرحوم کواُس کا ثواب دیدیں، یا بخش دیں، تو اُس کے سارے گناہ اللہ تعالیٰ معاف فرما دیتا ہے، اوراُسے عذابِ دوزخ سے نجات دیتا ہے، اُن کی یہ بات صحیح نہیں ہے۔ صحیح بات یہ ہے کہ اِس عمل سے سارے کے سارے گناہ معاف ہونے اور عذابِ دوزخ سے نجات کی تو کوئی ضمانت نہیں، البتہ کِلمۂ طیبہ یا قرآن شریف پڑھ کر جتنا زیادہ سے زیادہ ثواب، میِّت کو پہنچایا جائے، بہتر ہے۔ (۱)

= بأجل مسمّی ، فلتصْبر ولتحْتسب ''. الحديث .

(۱/ ۵۴۰، ۵۴۱، کتاب الجنائز ، باب البکاء علی المیت ، الفصل الأول ، رقم : ۱۷۲۳)

ما في '' مرقاة المفاتیح '' : وهذا الحدیث أصل في التعزیة ، ولذا قال الجزري في الحصن : فإذا أحدًا یسلم ویقول : إن لله الخ . قال : وکتب ﷺ إلی معاذ یعزیه في ابن له – بسم الله الرحمن الرحیم – من محمد رسول الله إلی معاذ بن جبل : سلام علیکم ، فإني أحمد لله إلیک الذي لا إله إلا هو أما بعد ! فأعظم الله أجرک ، وألهمک الصبر ، ورزقنا وإیاک الشکر ، فإن أنفسنا وأموالنا وأهلینا وأولادنا من مواهب الله عز وجل ، الهینة وعواریه المستودعة متع بها إلی أجل معدود ویقبضها لوقت معلوم ثم افترض علینا الشکر إذا أعطی والصبر إذا ابتلی . الخ . (۴/ ۱۷۸– ۱۷۹، باب البکاء علی المیت ، رقم : ۱۷۲۳)

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما في '' القرآن الکریم '' : ﴿فاعلم أنه لا اله الا الله واستغفر لذنبک وللمؤمنین والمؤمنات﴾ . (سورة محمد : ۱۹) . ﴿والذین جاء وا من بعدهم یقولون ربنا اغفر لنا=

....

= ولإخواننا الذين سبقونا بالايمان ولا تجعل في قلوبنا غلا للذين اٰمنوا ربنا انک رء وف رحيم﴾ . (سورة الحشر : ۱۰) . ﴿رب اغفر لي ولوالدي ولمن دخل بيتي مؤمنا وللمؤمنين والمؤمنات﴾ . (سورة نوح : ۲۸)

ما في " سنن أبي داود " : عن أبي هريرة أن رسول الله ﷺ قال : " إذا مات الإنسان انقطع عمله إلا من ثلاثة أشياء : من صدقة جارية أو علم ينتفع به ، أو ولد صالح يدعو له " .

(۳۹۸/۲ ، ما جاء في الصدقة عن الميت ، صحيح مسلم : ۴۱/۲ ، كتاب الوصية ، باب وصول ثواب الصدقات إلى الميت ، تكملة فتح الملهم : ۱۰۴/۸ ، الوصية ، باب ما يلحق الإنسان من الثواب بعد وفاته ، الرقم : ۴۱۹۹ ، شعب الإيمان للبيهقي : ۲۴۷/۳ ، باب في الزكاة ، فصل في الاختيار في صدقة التطوع ، الرقم : ۳۴۴۷ ، جامع الترمذي : ۲۵۶/۱ ، و۳۶۲/۲ ، الرقم : ۱۳۷۶ ، الأحكام ، باب في الوقف ، سنن النسائي : ۱۱۴/۲ ، و۱۰۹/۴ ، الوصايا ، باب فضل الصدقة عن الميت ، الرقم : ۳۶۷۸)

ما في " البحر الرائق " : الأصل فيه أن الإنسان له أن يجعل ثواب عمله لغيره صلاة أو صوما أو صدقة أو قراء ة قرآن أو ذِكرا أو طوافا أو حجا أو عمرة أو غير ذلک عن أصحابنا بالكتاب والسنة . (۱۰۵/۳ ، كتاب الحج ، باب الحج عن الغير ، الدر المختار مع الشامية : ۱۰/۴ ، ۱۱ ، كتاب الحج ، الباب الخامس ، باب الحج عن الغير ، مطلب في إهداء ثواب الأعمال للغير ، مراقي الفلاح مع حاشية الطحطاوي : ص/۶۲۱ ، ۶۲۲ ، كتاب الصلاة ، فصل في زيارة القبور ، الفتاوى الهندية : ۲۵۷/۱ ، كتاب المناسک ، الباب الرابع عشر في الحج عن الغير)

ما في " كتاب شرح الصدور للسيوطي " : أخرج أبو محمد السمرقندي في فضائل : قل هو الله أحد ، عن علي مرفوعا : " من مرّ على المقابر وقرأ : ﴿قل هو الله أحد﴾ إحدى عشرة مرة ثم وهب أجره للأموات أعطي من الأجر بعدد الأموات .

(ص/۲۹۶ ، باب في قراء ة القرآن للميت أو على القبر)

(فتاویٰ عثمانی: ۵۹۰/۱)

احکام المساجد والمدارس

مساجد ومدارس سے متعلق مسائل

مسجد عبادت کی جگہ ہے، سونے کی نہیں!

مسئلہ (۹۳): مسجد عبادتِ خداوندی کی جگہ ہے، سونے کی نہیں، اسی لیے فقہائے کرام نے فرمایا کہ: مسجد میں صرف معتکِف اور مسافر ہی سوسکتا ہے، اِن دو کے علاوہ کسی اور کا مسجد میں سونا مکروہ ہے (۱)، مسجد کے باہری حصے اور صحن میں دوسرے لوگ سونا چاہیں، تو سو سکتے ہیں، بہ شرطیکہ مسجد کی انتظامیہ اس کی اجازت دے، اور یہ مصالحِ مسجد کے خلاف نہ ہو، اس لیے مسجدوں میں یہ اعلان لکھ کر لگانا کہ- ''مسجد میں سونا سخت منع ہے''- صحیح ودرست ہے۔ (۲)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في '' حلبي كبير '' : فالحاصل أن المساجد بنيت لأعمال الآخرة مما ليس فيه توهم اهانتها وتلويثها مما ينبغي التنظيف منه ولم تبن لأعمال الدنيا ولو لم يكن فيه توهم تلويث وإهانة على ما أشار إليه قوله عليه السلام ، فإن المساجد لم تبن لهذا ، فما كان فيه نوع عبادة وليس فيه اهانة ولا تلويث لا يكره وإلا كره ...... والنوم فيه لغير المعتكف مكروه وقيل لا بأس للغريب أن ينام فيه ، والأولى أن ينوي الاعتكاف ليخرج من الخلاف .

(ص/۶۱۱، ۶۱۲، فصل في أحكام المسجد)

ما في '' الفتاوى الهندية '' : ويكره النوم والأكل فيه لغير المعتكف .... ولا بأس للغريب ولصاحب الدار أن ينام في المسجد في الصحيح من المذهب ، والأحسن أن يتورع فلا ينام . كذا في خزانة الفتاوى . (۳۲۱/۵ ، كتاب الكراهية ، الباب الخامس في آداب المسجد والقبلة الخ ، الدر المختار مع الشامية : ۴۳۵/۲ ، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها ، =

مسجد کے مینار سادہ بنوائے جائیں

مسئلہ (۹۴): مسجدوں کے مینار علامت کے طور پر بنائے جاتے ہیں، تاکہ مینار کے ذریعے دور سے مسجد کا علم ہوجائے، اور مسافر وغیرہ کو اُس تک پہنچنے میں آسانی ہو، نیز اس سے مسجد کی شان بھی نمایاں ہوجاتی ہے، اور یہ مسجد کے اُس حصے میں بنائے جاتے ہیں، جہاں سے یہ علامت اچھی طرح ظاہر ہو، اور یہ چوں کہ کوئی شرعی چیز نہیں ہے، اس لیے اسے مسجد کے بیت الخلا، وضو خانے کے ستونوں پر، یا مسجد کے گیٹ پر بنانے میں شرعاً کوئی ممانعت نہیں ہے، لیکن مینار کی تعمیر میں سادگی اور اختصار ملحوظ رکھنا چاہیے، بلا وجہ زیادہ پیسہ خرچ کرنا منع ہے، خاص طور سے وقف کے پیسے میں اس کا زیادہ خیال رکھنا چاہیے۔[1]

=قبيل مطلب في الغرس في المسجد) (فتاویٰ دار العلوم دیوبند، رقم الفتویٰ:۵۴۲۹۳)

(۲) ما في " المقاصد الشرعية للخادمي " : ان الذرائع تعد وسائل إلى المقاصد وحكمها حكم مقاصدها ، من حيث التحريم والوجوب والكراهة والندب والإباحة ، أي أن الوسيلة أو الذريعة تكون محرمة إذا كان المقصد محرما ، وتكون واجبة إذا كان المقصد واجبا .

(ص/۴۶ ، المطلب الثامن : صلة الذرائع سدا وفتحا بمقاصد الشريعة)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الفتاوى الهندية " : ويجوز أن يبني منارة من غلة وقف المسجد إن احتاج إليها ليكون أسمع للجيران وإن كانوا يسمعون الأذان بدون المنارة فلا . كذا في خزانة المفتين .

(۲/۴۶۲ ، كتاب الوقف ، الفصل الثاني في الوقف على المسجد وتصرف القيم وغيره الخ)

ما في " فتاوى قاضي خان " : رجل أوصى بشيء لعمارة المسجد في أي شيء يصرف ذلک المال ؟ قال أبو القاسم رح : يصرف فيما كان من البناء دون التزيين ، قيل له : لا يصرف ذلک المال في المنارة ؟ قال : ذلک من بناء المسجد ، وعن في أبي بكر البلخي رح =

مسجد کے لیے وقف چیزوں کا استعمال

مسئلہ (۹۵): مسجد کا پانی سیڑھی، ڈرم وغیرہ جو مسجد کے لیے وقف ہوں، کسی شخص کے لیے ان کا اپنے ذاتی استعمال میں لانا جائز نہیں، اور نہ ہی متولی ان میں سے کوئی چیز کسی کو ذاتی استعمال کے لیے دے سکتا ہے، کیوں کہ مسجد کا متولی منتظم ہوتا ہے، مالک نہیں ہوتا[۱]، رہا مسئلہ مسجد کی چیز کرایہ پر دینے کا، تو اگر یہ مسجد کے حق میں مفید ہو، اور جن کے چندے سے یہ سامان آیا ہے، اُن کی طرف سے اجازت ہو[۲]، تو انہیں مناسب اور معقول کرایے پر دے سکتے ہیں۔[۳]

=أنه سئل عن الوقف على المسجد أ يجوز لهم أن يبنوا منارة من غلة المسجد ؟ قال : إن كان ذلک من مصلحة المسجد بأن كان أسمع لهم فلا بأس به ، وإن كان بحال سمع الجيران الأذان بغير منارة فلا أرى لهم أن يفعلوا ذلک . (۲۹۷/۴، كتاب الوقف ، باب الرجل يجعل داره مسجدا أو خانا الخ ، المكتبة الحقانية بشاور باكستان)

ما في " الفتاوى البزازية على هامش الهندية " : وله بناء المنارة من مال المسجد لأنه لتعميم الدعاء إلى الصلاة . (۲۶۹/۶ ، كتاب الوقف ، الرابع في المسجد وما يتصل به)

(فتاویٰ محمودیہ:۳۸۳/۲۱،۳۸۴، میرٹھ، و۴۵۴/۱۴، کراچی)

ما في " التنوير مع الدر والرد " : ولا بأس بنقشه خلا محرابه بجص وماء ذهب ماله لا من مال الوقف ، وضمن متوليه لو فعل . تنوير مع الدر . وفي الشامية : وأما من مال الوقف فلا شک أنه لا يجوز للمتولي فعله مطلقا لعدم الفائدة فيه . (۴۳۱/۲ ، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها ، قبيل مطلب في أفضل المساجد) (فتاویٰ دارالعلوم دیوبند، رقم الفتویٰ:۵۵۵۷)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الفتاوى الهندية " : متولي المسجد ليس له أن يحمل سراج المسجد إلى بيته . (۴۶۲/۲ ، كتاب الوقف ، الباب الحادي عشر في المسجد ، الفصل الثاني في الوقف=

مارکیٹ میں جماعت خانہ

مسئلہ(۹٦): اگر کسی مارکیٹ کے قریب کوئی مسجد نہ ہو، اور لوگ کسی مکان یا دکان کی چھت کو متعین کرکے، اس میں باجماعت نماز پڑھنا شروع کردیں، تو مسجد قریب نہ ہونے کی وجہ سے اس میں جماعت کرلینے سے جماعت کا ثواب تو مل جائے گا(۱)، مگر اس جگہ کی حیثیت مسجد شرعی نہ ہونے کی وجہ سے مسجد کا ثواب نہیں ملے گا۔(۲)

= على المسجد الخ ، البحر الرائق :۵/۴۲۰، كتاب الوقف ، فصل في أحكام المسجد)
ما في " الفتاوى الهندية " : ولا تجوز إعارة الوقف والإسكان فيه . كذا في محيط السرخسي . (۲/۴۲۰ ، كتاب الوقف ، الباب الخامس في ولاية الوقف وتصرف القيم في الأوقاف الخ)
ما في " التنوير مع الدر والرد " : فإذا تم ولزم لا يَملِك ولا يُمَلَّك ولا يعار ولا يرهن .
(٦/۵۳۹ ، الوقف ، مطلب مهم فرّق أبو يوسف بين قوله موقوفة وقوله فموقوفة على فلان)
(۲) ما في " الدر المختار مع الشامية " : قولهم : شرط الواقف كنص الشارع : أي في المفهوم والدلالة . (٦/٦۴۹، كتاب الوقف ، مطلب في قولهم شرط الواقف كنص الشارع)
(۳) ما في " رد المحتار " : وإنما يحل للمتولي الإذن فيما يزيد الوقف به خيرا .
(٦/٦۷۸، كتاب الوقف ، مطلب إنما يحل للمتولي الإذن فيما يزيد الوقف به خيرا)
(فتاویٰ دار العلوم دیوبند، رقم الفتویٰ: ۵۲۴۲۷)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " مشكوة المصابيح " : عن ابن عمر قال : قال رسول الله ﷺ : " صلوة الجماعة تفضُل صلوة الفذِّ بسبع وعشرين درجة " . متفق عليه .
(ص/۹۵، كتاب الصلاة ، باب الجماعة وفضلها ، الفصل الأول ، الرقم : ۱۰۵۲)
ما في " عمدة القاري " : وقال أبو حنيفة : سها أو نام أو شغله عن الجماعة شغل جمع بأهله في منزله وإن صلى وحده يجوز ، واختلف العلماء في إقامتها في البيت ، والأصح أنها كإقامتها في المسجد . (۵/۲۳٦، كتاب الأذان ، باب وجوب صلاة الجمعة ، =

مسجد کا غیر ضروری سامان دوسری مسجد میں دینا

مسئلہ (۹۷): کسی مسجد کا سامان مثلاً؛ لوٹا، صف (دریاں، چٹائیاں)، پنکھا، سیڑھی وغیرہ اس کی ضرورت سے زائد ہو، نیز اس کی حفاظت کی کوئی صورت نہ ہو، اور ضائع ہونے کا اندیشہ ہو، تو ایسی صورت میں متولی صاحب، یا مسجد کمیٹی کے مشورے سے کسی ایسی مسجد میں، جہاں اُس کی ضرورت ہو، قیمۃً منتقل کر سکتے ہیں۔ (۱)

=تحت الرقم : ۶۴۴)

وما في " عمدة القاري " : وقال الكرماني : المراد بالمساجد مواضع إيقاع الصلاة لا الأبنية الموضوعة للصلاة من المساجد .... فجاء بحديث أبي هريرة إذ فيه إجازة الصلاة في السوق ، وإذا جازت الصلاة في السوق فرادى فكان أولى أن يتخذ فيه مسجد للجماعة . (۴/۳۷۷ ، كتاب الصلاة ، باب الصلاة في مسجد السوق)

(۲) ما في " رد المحتار " : وإن صلى أحد في البيت بالجماعة لم ينالوا فضل جماعة المسجد . (۲/۴۹۵، باب الوتر والنوافل ، مبحث صلاة التراويح)

ما في " حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح " : لو صلى في بيته بزوجته أو جاريته أو ولده فقد أتى بفضيلة الجماعة . اهـ . كذا في الشرح ، ولكن فضيلة المسجد أتم . (ص/۲۸۷، كتاب الصلاة ، باب الإمامة) (فتاویٰ دار العلوم دیوبند، رقم الفتویٰ: ۳۰۴۷۸)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " فتح القدير " : أما فيما اشتراه المتولي من مستغلات الوقف فإنه يجوز بيعه بلا هذا الشرط ، وهذا لأن في صيرورته وقفا خلافا ، والمختار أنه لا يكون وقفا فللقيم أن يبيعه متى شاء لمصلحة عرضت . (۶/۲۰۸، كتاب الوقف)

ما في " رد المحتار " : وفي فتاوى النسفي : سئل شيخ الإسلام عن أهل قرية رحلوا وتداعى مسجدها إلى الخراب ، وبعض المتغلبة يستولون على خشبه ، وينقلونه إلى دورهم هل لواحد لأهل المحلة أن يبيع الخشب بأمر القاضي ، ويمسک الثمن ليصرفه إلى بعض =

طعامِ تعاوُن میں زائد بِل وصول کرنا

مسئلہ (۹۸): بعض جگہوں پر کسی ادارہ، مسجد کمیٹی وغیرہ میں ایسا ہوتا ہے کہ جب پیسے کی ضرورت پڑتی ہے، اور اَخراجات بڑھ جاتے ہیں، تو لوگوں کو عام دعوتِ طعام پیش کی جاتی ہے، اور دعوت میں شریک ہونے والوں سے کھانے کے بِل سے زائد رقم وصول کی جاتی ہے، پھر دعوت کے اَخراجات میں سے جو رقم بچ جائے، وہ اس ادارے کے اخراجات میں لگائی جاتی ہے، تو اس طرح کی دعوتِ طعام ادارے والوں کی طرف سے اصلاً ایک تبرُّ ع ہے، جس میں زائد رقم کی شرط بغیر کسی جبر کے لگائی جاتی ہے، جس کو شرط منظور نہ ہو، تو اس کو عدمِ شرکت کا اختیار ہوتا ہے، لہٰذا یہ معاملہ تبرعِ مشروط کے حکم میں داخل ہو کر جائز و درست ہے۔ (۱)

=المساجد أو إلی هذا المسجد ؟ قال : نعم . (۶/۵۵۰ ، کتاب الوقف ، مطلب في نقل انقاض المسجد ونحوه) (فتاویٰ دار العلوم دیوبند، رقم الفتویٰ:۱۱۵۹)

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما في " صحیح البخاري " : عن البراء قال : اشتری أبو بکر من عازب رجلا بثلاثة عشر درهما فقال أبو بکر لعازب : مر البراء فلیحمل إلی رحلي فقال عازب : لا ، حتی تحدثنا کیف صنعت أنت ورسول الله ﷺ حین خرجتما من مکة والمشرکون یطلبونکم قال : ارتحلنا من مکة " الخ . الحدیث . (۱/۵۱۵، باب مناقب المهاجرین)

ما في " الصحیح لمسلم " : عن أنس أن جارا لرسول الله ﷺ فارسیا کان طیب المرق فصنع لرسول الله ﷺ ثم جاء یدعوه فقال : وهذه لعائشة ؟ فقال : لا ، فقال رسول الله ﷺ : لا ، فعاد یدعوه ، فقال رسول الله ﷺ : وهذه ؟ قال : لا ، قال رسول الله ﷺ : لا ، ثم عاد یدعوه ، فقال رسول الله ﷺ : وهذه ؟ قال : نعم ، في الثالثة ، فقاما یتدافعان حتی أتیا منزله " . (۲/۱۷۶)=

کتاب الزکوۃ والصدقۃ

زکوۃ وصدقہ سے متعلق مسائل

صدقۂ نافلہ اور صدقۂ واجبہ

مسئلہ(۹۹): ثواب کی نیت سے راہِ خدا میں کوئی چیز خرچ کرنے کو صدقہ اور خیرات کہا جاتا ہے، پھر صدقہ کی دو قسمیں ہیں:

(۱) **صدقۂ نافلہ:** اس میں دی جانے والی چیز میں سے خود صدقہ دینے والا، اس کے گھر والے، مالدار اور غریب سب ہی کھا سکتے ہیں۔

(۲) **صدقۂ واجبہ:** جیسے نذر، منت، صدقۂ فطر، فوت شدہ نماز وروزوں کے فدیہ کی رقم وغیرہ، اس کا مصرف اور حق دار صرف فقیر اور مسکین ہی ہیں، اسے خود صدقہ کرنے والا، اس کے گھر والے اور مالدار لوگ استعمال نہیں کر سکتے۔(۱)

=ما في " تکملة فتح الملهم " : قوله : فقال : وهذه لعائشة ؟ يعني إن كنت تدعوها معي فأنا أجيبک وإلا فلا . (۴/ ۳۰ ، المكتبة الأشرفية ديوبند) (فتاویٰ دار العلوم زکریا: ۵/ ۵۵۷)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " بدائع الصنائع " : وقول النبي ﷺ " لا تحل الصدقة لغني " ولأن الصدقة مال تمكن فيه الخبث لكونه غسالة الناس لحصول الطهارة لهم به من الذنوب ، ولا يجوز الانتفاع بالخبث إلا عند الحاجة ، والحاجة للفقير لا لغني ، وأما صدقة التطوع فتجوز صرفها إلى الغني ، لأنها تجري مجرى الهبة . (۲/ ۴۷۶ ، كتاب الزكاة ، مصارف الزكاة)

ما في " البحر الرائق " : وقيد بالزكاة لأن النفل يجوز للغني كما للهاشمي ، وأما بقية الصدقات المفروضة والواجبة كالعشر والكفارات والنذور وصدقة الفطر فلا يجوز =

مالِ تجارت کی زکوۃ

مسئلہ(۱۰۰): مالِ تجارت کی زکوۃ نکالتے وقت تاجروں کو چاہیے کہ جس تاریخ میں زکوۃ کا سال پورا ہوتا ہے، اس تاریخ میں مال کا جتنا اسٹاک (ذخیرہ) موجود ہے، اس کی قیمت اسی تاریخ کے بازار کے نرخ (قیمت) کے لحاظ سے لگائے، قیمتِ خرید کے اعتبار سے نہیں۔(۱)

=صرفها للغني لعموم قوله عليه السلام " لا تحل الصدقة لغني " خرج النفل منها ، لأن الصدقة على الغني هبة . كذا في البدائع . (۲/۴۲۷ ، كتاب الزكاة ، باب المصرف)

ما في " الموسوعة الفقهية " : الأصل أن الصدقة تعطى للفقراء والمحتاجين ، وهذا هو الأفضل كما صرح به الفقراء ، وذلک لقوله تعالى : ﴿او مسكينًا ذا متربة﴾ واتفقوا على أنها تحل للغني ، لأن صدقة التطوع كالهبة فتصح للغني والفقير ، قال السرخسي : ثم التصدق على الغني يكون قربة يستحق بها الثواب .

(۲۶/۳۳۲ ، صدقة ، التصدق على الفقراء والأغنياء)

ما في " التنوير مع الدر والرد " : (ويجوز أكله من هدي التطوع والمتعة والقران فقط) ولو أكل من غيرها ضمن ما أكل . تنوير مع الدر . وفي الشامية : قوله : (ولو أكل من غيرها) أي غير هذه الثلاثة من بقية الهدايا ، كدماء الكفارات كلها والنذور وهدي الإحصار والتطوع الذي لم يبلغ الحرم ، وكذا لو أطعم غنيًا أفاده في البحر . (۴/۳۹ ، كتاب الحج ، باب الهدي ، بيروت) (فتاویٰ جامعہ بنوریہ، رقم الفتویٰ:۱۶۸۱۵)

ما في " فتح القدير " : وجملة الكلام فيه أن الدماء نوعان : ما يجوز لصاحبه الأكل منه وهو دم المتعة والقران والأضحية وهدي التطوع إذا بلغ محله ، وما لا يجوز وهو دم النذور والكفارات والإحصار . (۳/۱۵۰ ، كتاب الحج ، باب الهدي)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " بدائع الصنائع " :قال صاحب البدائع علاء الدين أبو بكر الكاساني رحمه =

طلبا کی اسکالرشپ (وظیفہ) کے ذریعہ اِمداد

مسئلہ (۱۰۱): آج کل بعض ادارے یا کمیٹی کے اَراکین آپس میں چندہ وغیرہ کرکے، مالی اعتبار سے کمزور طلبا کے لیے، بہتر تعلیم حاصل کرنے کے واسطے اِسکالرشپ (وظیفہ) کے ذریعہ مدد کرتے ہیں، تو اُن کی یہ جمع کردہ رقم اگر زکوۃ کی رقم ہے، تو ادائے زکوۃ کے لیے تملیکِ فقیر شرط ہے، یعنی جو طلبا مستحقِ زکوۃ ہیں، صرف اُن کو ہی یہ وظیفہ دیا جاسکتا ہے، اوراس میں یہ خیال رہے کہ یک بارگی اتنی رقم دینا کہ جس سے وہ صاحبِ نصاب بن جائیں، مکروہ ہے[۱]، اوراگر جمع کردہ رقم زکوۃ کے علاوہ نفل صدقہ وغیرہ کی رقم ہے، تو اس کے پانے والے کا مستحقِ زکوۃ ہونا شرط نہیں ہے۔[۲]

=الله تعالى : وسواء كان مال التجارة عروضًا أو عقارًا أو شيئًا مما يكال أو يوزن ، لأن الوجوب في أموال التجارة تعلق بالمعنى وهو المالية والقيمة ، وهذه الأموال كلها في هذا المعنى جنس واحد . (۲/۲۱۶ ، فصل في نصاب أموال التجارة)

ما في " الدر المختار مع الشامية " : قال الحصكفي رحمه الله تعالى : وتعتبر القيمة يوم الوجوب، وقالا : يوم الأداء ؛ وفي السوائم يوم الأداء إجماعًا وهو الأصح ، ويقوّم في البلد الذي المال فيه ، ولو في مفازة ففي أقرب الأمصار إليه . فتح . (در مختار) .

(۳/۲۱۱ ، باب زكاة الغنم ، قبيل مطلب : محمد إمام في اللغة واجب التقليد فيها من أقران سيبويه ، الفتاوى الهندية : ۱/۱۸۰ ، الباب الثالث في زكاة الذهب والفضة والعروض، الفصل الثاني في العروض) (فتاویٰ عثمانی:۲/۵۲، احسن الفتاویٰ:۴/۳۰۹)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿انما الصدقٰت للفقراء والمسٰكين والعٰملين عليها﴾ . =

....

....

....

....

= (سورة التوبة : ٦٠)

ما في " أحكام القرآن للجصاص " : الصدقة تقتضي تمليكًا .... وإنما قلنا ذلك لقول النبي ﷺ : " أمرت أن آخذ الصدقة من أغنيائكم وأردّها في فقرائكم " . فتبين أن الصدقة مصروفة إلى الفقراء ، فدل ذلك على أن أحدًا لا يأخذها صدقة إلا بالفقر ...... وإنما كره أبو حنيفة أن يعطى انسانًا مائتي درهم لأن المائتين هي النصاب الكامل فيكون غنيا مع تمام ملك الصدقة ، ومعلوم أن الله تعالى إنما أمر بدفع الزكوات إلى الفقراء لينفعوا بها ويتملكوها ، فلا يحصل له التمكين من الانتفاع إلا وهو غني ، فكره من أجل ذلك دفع نصاب كامل ، ومتى دفع إليه أقل من النصاب فإنه يملكه ويحصل له الانتفاع بها وهو فقير فلم يكرهه . (٣/ ١٦١ – ١٧٨ ، سورة التوبة)

ما في " التنوير وشرحه مع الشامية " : مصرف الزكوة والعشر (هو فقير ، وهو من له أدنى شيء) أي دون النصاب . (ومسكين من لا شيء له) على المذهب .

(٣/٢٨٣ ، ٢٨٤ ، كتاب الزكاة ، باب المصرف)

ما في " الهداية " : قال : الأصل فيه قوله تعالى : ﴿انما الصدقٰت للفقراء﴾ الآية ، فهذه ثمانية أصناف وقد سقط منها المؤلفة قلوبهم ... والفقير من له أدنى شيء ، والمسكين من لا شيء له ، وهذا مروي عن أبي حنيفة ..... ويكره أن يدفع إلى واحد مائتي درهم فصاعدا ، وإن دفع جاز . (١/ ٢٠٤ – ٢٠٧ ، كتاب الزكاة ، باب من يجوز دفع الصدقات إليه ومن لا يجوز ، الفتاوى الهندية : ١/ ١٨٧ ، ١٨٨ ، كتاب الزكاة ، الباب السابع في المصارف)

(٢) ما في " البحر الرائق " : قوله عليه الصلاة والسلام : " لا تحل صدقة لغني " خرج النفل منها ، لأن الصدقة على الغني هبة . كذا في البدائع .

(٢/ ٤٢٧ ، كتاب الزكاة ، باب المصرف)

(فتاویٰ دار العلوم دیوبند، رقم الفتویٰ: ٦٢٣٦٤)

بلاتفریق مذہب وملت مسلم وغیر مسلم کے ساتھ ہمدردی

مسئلہ (۱۰۲): زکوۃ کے علاوہ دیگر صدقاتِ نافلہ وخیرات غیر مسلموں کو دینا درست ہے(۱)، کچا اناج ہو یا پکا، لباس وغیرہ یا دیگر ضروریاتِ زندگی کے ذریعے اُن کی مدد کرنا، اور حسنِ سلوک کرنا بلاشبہ جائز ہے، لہٰذا عام آفتوں اور مصیبتوں کی گھڑیوں میں محض انسانیت کی بنیاد پر، بلاتفریقِ مذہب وملت، مسلم وغیر مسلم ہر فردِ بشر کے ساتھ ہمدردی وغم خواری اور حتی المقدور اس کی مدد کرنا، اسلام اور پیغمبرِ اسلام ﷺ کی تعلیم وسیرت ہے، جیسا کہ علامہ شامی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فتح مکہ سے پہلے، بزمانۂ قحط، وہاں موجود غیر مسلموں کی مدد کے لیے پانچ سو دینار نقد، -جس کا موجودہ وزن، دوکلو ایک سو ستاسی گرام سونا ہے، اور اِس کی موجودہ قیمت اُنسٹھ لاکھ اڑتالیس ہزار چھ سو چالیس (۵۹۴۸۶۴۰) روپئے ہوتی ہے-، ابوسفیان اور صفوان بن امیہ کے نام بھیجے تھے، اور یہ حکم دیا تھا کہ مکہ کے غربا وفقرا کے درمیان یہ تقسیم کیے جائیں۔(۲)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " روح المعاني " : نعم عند عام العلماء يجوز الإحسان إلى الكفار في دار الإسلام ولا تصرف إليهم الواجبات . (۱٦/۲٦۷ ، سورة الإنسان ، الآية/۸)

ما في " البحر الرائق " : وصح دفع غير الزكاة إلى الذمي واجبا كان أو تطوعا كصدقة الفطر والكفارات والمنذور . (۲/۴۲۳ ، كتاب الزكاة ، باب المصرف)

ما في " فقه الزكاة " : لا جناح على المسلم أن يعطي غير المسلم من أهل الذمة مما يتطوع به من الصدقات رعاية للرابطة الإنسانية ، ولحرمة العهد الذي بينهم وبين المسلمين =

کتاب الصوم

روزے سے متعلق مسائل

اسلامی تاریخ چاند نظر آنے کے بعد سے شروع ہوتی ہے

مسئلہ (۱۰۳): بعض لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ اسلامی تاریخ، چاند نظر آنے کے بعد والے دن کی صبح سے شروع ہوتی ہے، اس لیے کہ دن پہلے ہے، رات بعد میں، یعنی رات دن کے تابع ہے، اُن کا یہ خیال درست نہیں، صحیح بات یہ ہے کہ اسلامی تاریخ میں رات دن سے پہلے ہوتی ہے، یعنی دن رات کے تابع ہے، لہٰذا آفتاب کے غروب ہوتے ہی اگلی تاریخ، اگلا دن، اور اگلا مہینہ شروع ہوجاتا ہے، چناں چہ رمضان المبارک کا چاند نظر آتے ہی، رمضان مبارک شروع ہوجاتا ہے، اور شوال کا چاند نظر آنے پر رمضان ختم ہوجاتا ہے، البتہ حج کے چار دن ایسے ہیں کہ وہ اپنے سے پہلی رات کے تابع نہیں، بلکہ اُن کے بعد آنے والی راتیں اِن

=وكفرهم بالإسلام لا يمنع من البرّ بهم والإحسان إليهم ما داموا غير محاربين للمسلمين .
(ص/۴۷۲، الفصل التاسع ، المبحث الثالث : الإعطاء من صدقة التطوع)

(۲) ما في " رد المحتار " : ذكر محمد في السير الكبير : لا بأس للمسلم أن يعطى كافرا حربيا أو ذميا ، وأن يقبل الهدية منه ، لما روي " أن النبي ﷺ بعث خمس مائة دينار إلى مكة حين قحطوا وأمر بدفعها إلى أبي سفيان بن حرب وصفوان بن أمية ليفرقا على فقراء أهل مكة" ولأن صلة الرحم محمودة في كل دين ، والإهداء إلى الغير من مكارم الأخلاق الخ .
(۳/۳۰۲، كتاب الزكاة ، باب المصرف ، مطلب في الحوائج الأصلية ، شرح كتاب السير الكبير : ۱/۷۰ ، باب : صلة المشرك)

دنوں کے تابع ہیں، اور یہ چار دن ۹/۱۰/۱۱/اور ۱۲/ذوالحجہ ہیں، ذوالحجہ کی ۹/تاریخ کو وقوفِ عرفات ہوتا ہے، اس کا وقت ۹/ذوالحجہ کے زوال سے شروع ہوکر صبح صادق تک رہتا ہے، بقیہ تین دن رمی کے ہیں، اِن دنوں کی رمی کا وقت اگلے دن کی صبح صادق تک رہتا ہے۔(۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الفتاوی الهندية " : الليالي كلها تابعة للأيام المستقبلة لا للأيام الماضية إلا في الحج فإنها في حكم أيام ماضية لا في حكم أيام مستقبلة ، ليلة عرفة تابعة ليوم التروية ، حتى لا يجوز للحاج الوقوف فيها كما لا يجوز في يوم التروية ، وليلة النحر تابعة ليوم عرفة حتى يجوز الوقوف فيها كما يجوز في يوم عرفة ، وكذا لا تجوز التضحية فيها كما لا تجوز في يوم عرفة . كذا في محيط السرخسي .

(۱/ ۲۲۹ ، ۲۳۰ ، كتاب المناسک ، الباب الخامس في كيفية أداء الحج)

ما في " الموسوعة الفقهية " : إن الليالي كلها تابعة للأيام المستقبلة لا للأيام الماضية إلا في الحج فإنها في حكم الأيام الماضية ، فليلة عرفة تابعة ليوم التروية ، وليلة النحر تابعة ليوم عرفة ، وليالي أيام الأضحى تبعٌ لنهار ما مضى ، وذلک رفقا بالناس .

(۴۰/ ۱۹۰ ، نذر ، وقت الدخول والخروج في نذر اعتكاف شهر)

ما في " البحر الرائق " : الأصل أن كل ليلة تتبع اليوم الذي بعدها ، ألا ترى أنه يصلي التراويح في أول ليلة من رمضان ، ولا يفعل ذلک في أول ليلة من شوال ، وفي فتاوى الولوالجي من كتاب الأضحية : الليلة في كل وقت تبع لنهار يأتي إلا في أيام الأضحى تبع لنهار ما مضى رفقا بالناس . اهـ . وفي المحيط من كتاب الحج : والليالي كلها تابعة للأيام المستقبلة لا للأيام الماضية . اهـ . (۲/ ۵۳۴ ، كتاب الصوم ، باب الاعتكاف ، بيروت)

(آپ کے مسائل اوران کا حل: ٨/ ٢٦٦)

روزے کی نیت میں لفظ ''غَدًا'' کیوں کہتے ہیں؟

مسئلہ (۱۰۴): بعض لوگ کہتے ہیں کہ ماہِ رمضان المبارک میں ہم روزے کی نیت سحر کے وقت، یا فجر کی اذان کے قریب قریب کرتے ہیں، پھر روزے کی نیت میں ''غداً''، یعنی ''آئندہ کل'' کا لفظ کیوں بولا جاتا ہے؟ ''الیَوم''، یعنی ''آج'' کا لفظ کیوں نہیں کہتے؟ -اُن کے اِس اِشکال کا جواب یہ ہے کہ- رات گزرنے کے بعد جو صبح آرہی ہے، اس کو عربی زبان میں '' غَدًا ''کہا جاتا ہے، اور صبح ہوجانے کے بعد سے غروبِ آفتاب تک کے وقت کو ''الیوم''کہا جاتا ہے، اس لیے نیتِ روزہ میں ''أَصُومُ غَدًا''کہا جاتا ہے، نہ کہ '' أَصُومُ الْيَوْمَ ''۔[۱]

نوٹ: صبح سے مراد صبح صادق ہے، یعنی وہ صبح جس کے طلوع سے دن کی ابتدا ہوتی ہے۔[۲]

نیتِ روزہ کا مسنون طریقہ یہ ہے کہ- اگر رات میں نیت کی جائے، تو ''نويتُ أن أصومَ غدًا'' کہے، اور اگر دن میں نیت کی جائے، تو''نويتُ أن أصومَ هٰذا اليومَ'' کہے۔[۳]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في '' معجم لغة الفقهاء '' : اليوم : [۱] بفتح فسكون – الوقت ليلا أو نهارا قليلا أو كثيرا . وفي العرف : من طلوع جرم الشمس ولو بعضها إلى غروب تمام جرمها . [۲] من طلوع الفجر الصادق إلى غروب تمام الشمس . (ص/۵۱۵ ، اليوم ، المعجم الوسيط :ص/۷۷۰ ، و۱۲۹۶ ، القاموس الوحيد : ۲/۱۱۵۷ ، و۲/۱۹۱۷)=

رمضان المبارک میں فجر کی نماز جلدی پڑھ لی جائے

مسئلہ (۱۰۵): جمہور علماء کا مذہب یہی ہے کہ نمازِ فجر کو اُس کے اولِ وقت؛ یعنی غَلَس (اندھیرا) میں پڑھنا افضل ہے، حضراتِ صحابہ میں سے حضرت عمر ابن خطاب، عثمان ابن عفان، عبد اللہ ابن زبیر، انس ابن مالک، ابوموسیٰ اشعری اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہم اجمعین کا مذہب یہی ہے، اور اسی کو امام اَوزاعی، امام مالک، امام شافعی، امام احمد ابن حنبل اور اسحاق ابن راہوَیہ رحمہم اللہ نے اختیار کیا ہے، جب کہ حضراتِ علماء کی ایک جماعت، فجر کی نماز کو ذرا دیر سے، یعنی اچھی طرح روشنی ہوجانے پر پڑھنے کو افضل قرار دیتی ہے، حضراتِ صحابہ میں سے حضرت عبد اللہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ کا مذہب یہی ہے، اور اسی کو امام نخعی، امام ثوری اور امام ابوحنیفہ رحمہم اللہ نے اختیار فرمایا ہے۔(۱)

رمضان المبارک میں اکثر لوگ رات میں دیر سے سوتے ہیں، اور سحری کے بعد

=(۲) ما في " الموسوعة الفقهية " : لا خلاف بين الفقهاء في أن مبدأ وقت الصبح طلوع الفجر الصادق ، ويسمى الفجر الثاني ، وسُمّي صادقا ؛ لأنه بيّن وجه الصبح ووضّحه ، وعلامته بياضٌ ينتشر في الأفق عرضًا . ... أما نهاية وقت الصبح ، فعند أبي حنيفة وأصحابه : قُبيل طلوع الشمس . (۷/۱۷۱ ، أوقات الصلاة ، مبدأ وقت الصبح ونهايته)

(۳) ما في " الجوهرة النيرة " : والسنة أن يتلفظ بها بلسانه فيقول إذا نوى من الليل : نويتُ أن أصومَ غدًا لله تعالى من فرض رمضان ، وإن نوى من النهار يقول : نويتُ أن أصوم هذا اليوم لله تعالى من فرض رمضان . (۱/۳۲۹ ، كتاب الصوم ، بيروت ، المعتصر الضروري مع القدوري :ص/۲۱۹ ، ادارة القرآن كراچی) (آپ کے مسائل اوران کا حل:۸/۲۶۷)=

اگر فجر کی جماعت دیر سے ہوتی ہے، تو وہ لیٹ جاتے ہیں، نتیجۃً اُن کی فجر کی جماعت چھوٹ جاتی ہے، اور پھر وہ قضا پڑھتے ہیں، اس لیے اگر اکثر نمازی اولِ وقت میں فجر کی نماز کے لیے حاضر ہوجاتے ہیں، تو بہتر یہی ہے کہ رمضان المبارک کی حد تک فجر کی نماز ذرا جلدی پڑھ لیا کریں۔ (۲)

الحجة على ما قلنا :

=(۱) ما في " موسوعة مسائل الجمهور " : جمهور العلماء على أن الأفضل في صلاة الصبح أن تصلى في أول وقتها وهو ما يسمى بالتغليس (يعني وقت الغلس) وهو مذهب عمر بن الخطاب وعثمان بن عفان وعبد الله بن الزبير وأنس بن مالك وأبي موسى الأشعري وأبي هريرة ، وإليه ذهب الأوزاعي ومالك والشافعي وأحمد وإسحاق ، وقالت طائفة : التأخير إلى وقت الإسفار أفضل ، وإليه ذهب عبد الله بن مسعود والنخعي والثوري وأبو حنيفة .

(۱/ ۱۳۱ ، كتاب الصلاة ، مواقيت الصلاة ، باب في الأفضل في أداء صلاة الصبح)

ما في " فيض الباري " : ثم إذا نشأ الإسلام وكثُر المسلمون وعُلم أن فيهم ضعفًا عمل بالإسفار في زمن الصحابة رضي الله عنهم ، لئلا يُفضي إلى تقليل الجماعة ، وقد علمت فيما سبق أن بُطأ الناس وتعجيلهم مما قد راعاه النبي ﷺ أيضًا ، فلو اجتمع الناس اليوم أيضًا في التغليس لقلنا به أيضًا كما في " مبسوط السرخسي " في باب التيمم أنه يستحب التغليس في الفجر ، والتعجيل في الظهر إذا اجتمع الناس .

(۲/ ۷۷، كتاب مواقيت الصلاة ، باب وقت الفجر ، تحت الرقم : ۵۷۶)

(۲) ما في " فتح الملهم بشرح صحيح مسلم " : فأشعر بذلک بالتغليس الشديد في رمضان وهو أيسر لعامة المصلين من حيث حضورهم الجماعة وأهون عليهم من الاسفار إذا أخّر والسحور جدا كما يعلم بالتجربة ، والله أعلم . (۳/ ۱۲۱ ، كتاب الصيام ، باب فضل السحور وتأكيد استحبابه تأخيره وتعجيل الفطر) (فتاویٰ محمودیہ: ۹/ ۴۱، میرٹھ)

عاشورہ یا عرفہ کا روزہ جمعہ کے دن رکھنا

مسئلہ (۱۰۶): خاص طور پر جمعہ کے دن کو روزہ کے لیے اختیار کرنا مکروہ ہے، حدیث میں اس کی ممانعت آئی ہے: " **لا يصومُ أحدُكم يومَ الجمُعةِ إلا أن يَصُومَ قَبلَهُ أو بَعدَهُ** "۔ البتہ چند صورتیں اِس سے مستثنیٰ ہیں:

جمعہ کے ساتھ پہلے یا بعد، ایک دن اور روزہ رکھ لیا جائے، جیسا کہ حدیثِ مذکور میں صراحت ہے۔

کسی خاص تاریخ میں اس کا روزہ رکھنے کا معمول ہے، اب اتفاق سے وہ تاریخ جمعہ کے دن پڑ گئی، تو روزہ رکھ سکتا ہے، کراہت نہ ہوگی۔

جن نفل روزوں کی احادیث میں تاکید وفضیلت آئی ہے، مثلاً عاشورہ، عرفہ کے روزے، اگر یہ روزے جمعہ کے دن پڑ گئے، تو حدیث میں وارد فضیلت کی بنا پر روزہ رکھ لے، اِس پر کراہت نہ ہوگی۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " جامع الترمذي " : عن أبي هريرة قال : قال رسول الله صلی اللہ علیہ وسلم : " لا يصوم أحدكم يوم الجمعة إلا أن يصوم قبله أو يصوم بعده " .

(۱/ ۱۵۷ ، أبواب الصوم ، باب ما جاء في كراهية صوم يوم الجمعة وحده ، الرقم : ۷۴۳)

ما في " نفع قوت المغتذي [حاشية الترمذي] " : وفي معنى المستثنى : ما وافق سنة مؤكدة كما إذا كان السبت يوم عرفة أو عاشوراء للأحاديث الصحاح التي وردت فيها واتفق الجمهور على أن هذا النهي ونهي إفراد الجمعة لكراهته تنزيه لا تحريم .

(۱/ ۱۵۷ ، رقم الحاشية : ۴)

ما في " مشكوة المصابيح " : عن أبي هريرة قال : قال رسول الله صلی اللہ علیہ وسلم : " لا تختصوا ليلة=

سعودی عرب اور ہندوستان میں عید

مسئلہ (۱۰۷): بعض لوگ یہ کہتے ہیں کہ سعودی عرب میں جس دن عید ہوتی ہے، اُسی دن ہندوستان میں ہونی چاہیے، اُن کی یہ بات غلط ہے، کیوں کہ شریعت نے عید کا مَدار چاند کی رؤیت پر رکھا ہے، اگر ۲۹/ تاریخ کو چاند نظر آئے، تو عید کرنا صحیح ہے، ورنہ ۳۰/ روزے مکمل کر کے عید کی جائے گی، آپ ﷺ نے فرمایا: "صُومُوا لِرُؤيَتِهِ ، وَأَفْطِرُوْا لِرُؤيَتِهِ"۔ چاند دیکھ کر روزہ شروع کرو، اور چاند دیکھ کر ہی روزہ ختم کرو۔[1]

چاند کا نظام فطری وتکوینی طور پر ایسا ہے کہ وہ دنیا کے ایک حصے میں طلوع ہوتا ہے، تو دوسرے حصے میں غروب، اسی طرح اس کے برعکس، یہی وجہ ہے کہ ہندوستان اور سعودی عرب میں ایک دن چاند نظر نہیں آتا، اسی بنا پر دونوں مُلکوں، یا اس طرح کے دیگر ممالک میں ایک دن اور ایک ساتھ عید نہیں ہوتی۔

ہم مسلمان ہیں، مذہبِ اسلام کے پَیرو ہیں، اور اسلام– تسلیم ورضا کا نام

= الجمعة بقيام من بين الليالي ، ولا تختصوا يوم الجمعة بصيام من بين الأيام إلا أن يكون في صوم يصومه أحدكم " رواه مسلم .

(ص/ ۱۷۹ ، كتاب الصوم ، باب صيام التطوع ، الرقم : ۲۰۵۲)

ما في " مرقاة المفاتيح " : حيث لا يكره إذا كان وافق يوما اعتاده أو ضم إليه يومًا قبله ، أو لم يقصد به رمضان فيظهر حينئذ وجه قوله عليه الصلاة والسلام : إلا أن يصوم يومًا قبله أو بعده أو يكون في صوم يصومه أحدكم . (۴۸۳/۴ ، كتاب الصوم ، باب صيام التطوع ، الفصل الأول) (فتاویٰ دار العلوم دیوبند، رقم الفتویٰ: ۵۳۶۳۶)=

ہے [۲]، لہٰذا تسلیم ورضا کو اپنا شیوہ بنالینا چاہیے، اور خوامخواہ دینی اُمور میں اِس طرح کی بے جارائے زنی ومشورہ دہی سے بچنا چاہیے۔ [۳]

الحجة على ما قلنا :

=(۱) ما في " صحيح مسلم " : عن نافع عن ابن عمر رضي الله عنهما ، عن النبي ﷺ أنه ذكر رمضان فقال : " لا تصوموا حتى ترَوُا الهلال ، ولا تُفطروا حتى تروهُ ، فإن أُغمِي عليكم فاقدُروا له " . (۴/۳۱۴، الرقم :1080/۲۴۹۵–۳ ، كتاب الصيام ، باب وجوب صوم رمضان لرؤية الهلال الخ ، احياء التراث العربي بيروت)

وفيه أيضًا : عن ابن عمر رضي الله عنهما ، أن رسول الله ﷺ ذكر رمضان ، فضرب بيديه فقال : " الشهر هكذا ، وهكذا ، وهكذا ، (ثم عقد إبهامه في الثالثة) فصوموا لرؤيته وأفطروا لرؤيته ، فإن أغمي عليكم فاقدُروا له ثلاثين " . (۴/۳۱۴، الرقم :۲۴۹۶)

وفيه أيضًا : عن أبي هريرة رضي الله عنه قال : قال رسول الله ﷺ : " إذا رأيتم الهلال فصوموا ، وإذا رأيتموه فأفطِروا ، فإن غُمّ عليكم فصوموا ثلاثين يومًا " .

(۴/۳۱۸ ، الرقم :1081/۲۵۱۰–۱۷)

ما في " شرح النووي على هامش مسلم " : قوله ﷺ : (صوموا لرؤيته وأفطروا لرؤيته) المراد رؤية بعض المسلمين ولا يشترط رؤية كل انسان بل يكفي جميع الناس رؤية عدلين . اهـ ، ..... قوله ﷺ : (الشهر هكذا وهكذا) وفي رواية : (الشهر تسع وعشرون) معناه : أن الشهر قد يكون تسعا وعشرين ، وحاصله أن الاعتبار بالهلال فقد يكون تاما وثلاثين وقد يكون ناقصا تسعا وعشرين ، وقد لا يرى الهلال فيجب إكمال العدد ثلاثين .

(۴/۳۱۶، احياء التراث العربي ، تكملة فتح الملهم :۶/۱۷۶، ۱۷۷، تحت الرقم :۲۴۹۶، و ۲۴۹۸، احياء التراث العربي بيروت ، صحيح البخاري :ص/۳۳۵ ، الرقم :۱۹۰۶، ۱۹۰۷، ۱۹۰۹ ، كتاب الصوم ، باب قول النبي ﷺ : إذا رأيتم الهلال فصوموا وإذا رأيتموه فأفطروا ، احياء التراث العربي بيروت)

(۲) ما في " الموسوعة الفقهية " : من معاني الإسلام في اللغة : الإذعان والانقياد والدخول=

کتاب الحج والعمرة

حج وعمرہ سے متعلق مسائل

اپنی ذاتی رقم سے حج کی ادائیگی

مسئلہ (۱۰۸): صاحبِ استطاعت شخص کو حج اپنی رقم سے کرنا چاہیے، کیوں کہ حج میں رقم خرچ کرنے کی بڑی فضیلت آئی ہے[1]، دوسروں کی رقم سے حج کرنے سے، خواہ حکومت کے فنڈ سے ہی ہو، حج ادا ہو جاتا ہے، اور حج کا ثواب بھی ملتا ہے، بہ شرطیکہ فرائض وواجباتِ حج کی رعایت کرتے ہوئے حج کیا جائے[2]، البتہ حج میں اپنی رقم خرچ کرنے کے جو فضائل ہیں، آدمی اُس سے محروم رہتا ہے۔

=في السلم أو في دين الإسلام ، .... والدخول في الدين هو استسلام العبد لله عز وجل باتباع ما جاء به الرسول ﷺ من الشهادة باللسان والتصديق بالقلب والعمل بالجوارح . اهـ. (۴/ ۲۵۹، إسلام ، التعريف)

(۳) ما في " القرآن الكريم " : ﴿وما آتاكم الرسول فخذوه وما نهاكم عنه فانتهوا﴾ .

(سورة الحشر :۷)

ما في " روح المعاني " : وفي الكشاف : الأجود أن تكون عامة في كل ما أمر به ﷺ ونهى عنه . (۱۵/ ۷۱)

ما في " التفسير المظهري " : هذا أصل من أصول وجوب متابعته ولزوم طريقته وسيرته . (۳/ ۳۰۴)

ما في " صحيح البخاري " : قال النبي ﷺ : " إذا أمرتكم بشيء فافعلوه ما استطعتم ، وإذا نهيتكم عن شيء فانتهوا " . (۲/ ۱۰۸۲)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الموسوعة الفقهية " : ان أداء فريضة الحج يؤدي شكر نعمة المال ، وسلامة=

حج بدل کے لیے جانے والے کے مصارف

مسئلہ (۱۰۹): اگر کوئی شخص کسی کو حج بدل کے لیے بھیج رہا ہو، تو حج بدل کے لیے جانے والے شخص کے جانے سے آنے تک کے تمام مصارف، اِس بھیجنے والے پر لازم ہوں گے [۱]، البتہ اس کے اہل وعیال کے مصارف اس پر لازم نہیں ہوں گے، لیکن اگر حج بدل کے لیے جانے والا شخص عیال دار ہے، جن کا نفقہ وخرچہ اس کے ذمے واجب ہے، اور وہ یوں کہے کہ ''مدتِ حج کے لیے میں نفقۂ عیال اِس وقت نہیں دے سکتا، تم اگر مجھ ہی کو بھیجنا چاہتے ہو، تو میرے اہل وعیال کا نفقہ بھی اِس قدر ادا کردو'' - اور یہ گفتگو بطورِ معاوضہ اور معاملہ کے نہ ہو [۲]، بلکہ دوستانہ اور تعلق کے طور پر ہو، اور اُس کے بعد بھیجنے والا خوشی سے اُس کے اہل وعیال کا نفقہ بھی ادا کردے، تو یہ جائز ہے۔ [۳]

ح= البدن ، وهما أعظم ما يتمتع به الإنسان من نعم الدنيا ، ففي الحج شكر هاتين النعمتين العظيمتين حيث يجهد الإنسان نفسه وينفق ماله في طاعة ربه والتقرّب إليه سبحانه .

(۱۷/۲٦، حج ، فضل الحج)

ما في " بدائع الصنائع " : والحج عبادة لا تقوم إلا بالبدن والمال ، ولهذا لا يجب إلا عند وجود المال وصحة البدن ، فكان فيه شكر النعمتين ، وشكر النعمة ليس إلا استعمالها في طاعة المنعم ، وشكر النعمة واجب عقلا وشرعاً . (۲/۲۹۱، كتاب الحج ، في بيان فرضيته)

(۲) ما في " صحيح البخاري " : عن أبي هريرة رضي الله عنه قال : سمعت النبي صلى الله عليه وسلم : " من حجّ فلم يرفث ولم يفسق رجع كيوم ولدته أمه " . (۱/۲۰٦، كتاب المناسك ، باب فضل الحج المبرور) (فتاویٰ دار العلوم دیوبند، رقم الفتویٰ: ۳۰۳۳۸)=

قرض لے کر عمرہ کرنا

مسئلہ (۱۱۰): اگر کسی شخص کے پاس روپیہ پیسہ نہ ہو، مگر عمرے کا شوق ہو، اور وہ کسی سے قرض لے کر عمرہ کرلے، تو اس کا عمرہ درست ہوگا[1]، لیکن قرض اسی وقت لینا چاہیے، جب کہ ادائیگی کی صورت بھی ممکن ہو، ورنہ اس سے بچنا چاہیے۔[2]

الحجة على ما قلنا :

=(۱) ما في " الفتاوى الهندية " : المأمور بالحج ينفق من مال الآمر ذاهبا وجائيا . كذا في السراجية . (۱/۲۵۸، الباب الرابع عشر في الحج عن الغير)

ما في " الدر المختار " : وبقي من الشرائط النفقة من مال الآمر كلها أو أكثرها .

(۴/۱۷، كتاب الحج ، باب الحج عن الغير)

(۲) ما في " رد المحتار " : بل المصرح به في عامة متون المذهب أنه لا يجوز الاستئجار على الحج .... بل قال العلامة الشرنبلالي في رسالته " بلوغ الأدب " أنه لم يذكر أحد من مشايخنا جواز الاستيجار على الحج . (۴/۱۹، الحج ، مطلب في الاستيجار على الحج)

ما في " حاشية ارشاد الساري إلى مناسک الملا علي القاري " : الخامس : عدم اشتراط الأجرة .... فإن شرط وقع الحج عن الحاج دون الآمر ، وهذا الشرط أعني عدم جواز الاستيجار عليه مذكور في عامة الكتب کـ " الهداية " و " القدوري " .... وصرّح في " المنهاج " فقال : ولا يجوز الاستيجار على الحج عنه . (ص/۶۱۴)

(۳) ما في " البحر الرائق " : فإن أعطاه زائدا على كفايته فلا يحل للمأمور ما زاد بل يجب عليه رده إلى صاحبه إلا إذا قال : وكلتک أن تهب الفضل من نفسک وتقبضه لنفسک .

(۳/۱۱۳، ۱۱۴، باب الحج عن الغير) (امدادالاحکام:۳/۱۹۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الفتاوى الهندية " : وأما ركنها فالطواف ، وأما واجباتها فالسعي بين الصفا والمروة والحلق أو التقصير . كذا في محيط السرخسي . وأما شرائطها فشرائط الحج=

....
....
....
....
....
....
....
....

= إلا الحج . هكذا في البدائع . (۱/۲۳۷ ، كتاب الحج ، الباب السادس في العمرة ، تبيين الحقائق : ۲/۴۱۷ ، كتاب الحج ، باب الفوات)

ما في " التنوير مع الدر والرد " : (وهي إحرام وطواف وسعي) وحلق أو تقصير ، فالإحرام شرط ، ومعظم الطواف ركن ، وغيرهما واجب هو المختار ، ويفعل فيها كفعل الحاج .

(۳/۴۷۶ ، كتاب الحج ، مطلب في أحكام العمرة)

ما في " الموسوعة الفقهية " : للحنابلة والحنفية في القول المعتمد والشافعية في الأصح : وهو أن المقترض إنما يملك المال المقرض بالقبض .

(۳۳/۱۲۲ ، قرض ، أحكام القرض من حيث أثره)

ما في " بدائع الصنائع " : وأما حكم القرض : فهو ثبوت الملك للمستقرض في المقرض للحال ، وثبوت مثله في ذمة المستقرض للمقرض للحال ، وهذا جواب ظاهر الرواية .. وجه ظاهر الرواية : أن المستقرض بنفس القبض صار بسبيل من التصرف في القرض من غير إذن المقرض بيعا وهبة وصدقة وسائر التصرفات ، وإذا تصرف ينفذ تصرفه .

(۱۰/۶۰۰ ، ۶۰۱ ، كتاب القرض ، فصل في حكم القرض)

(۲) ما في " الموسوعة الفقهية " : أما في حق المقترض ، فالأصل فيه الإباحة ، وذلك لمن علم من نفسه الوفاء ، بأن كان له مال مرتجى ، وعزم على الوفاء منه وإلا لم يجز ، ما لم يكن مضطرا ، فإن كان كذلك وجب في حقه لدفع الضرر عن نفسه .

(۳۳/۱۱۳ ، قرض ، الحكم التكليفي للقرض) (فتاویٰ بنوریہ، رقم الفتویٰ:۱۶۵۶۹)

حج سے واپسی پر دعوت کا اہتمام

مسئلہ (۱۱۱): حج سے واپسی پر دعوت کا اہتمام کرنا ثابت نہیں، نیز اس میں نام ونمود پایا جاتا ہے، اس لیے حاجی کو ایسی رسمی دعوت کرنے سے اجتناب کرنا چاہیے، اور جن لوگوں کو دعوت دی گئی، انہیں شرکت نہیں کرنی چاہیے (۱)، البتہ اگر دعوت، حج سے واپسی کے جشن میں نہ ہو، اور نہ رسم کی پابندی کی بنا پر ہو، اور نہ اس میں کوئی مُنکَر اور خلافِ شرع بات ہو، تو ایسی دعوت کرنا اور اس میں شریک ہونا، دونوں باتیں ممنوع نہیں ہیں۔ (۲)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " كنز العمال " : خيار أمتي من يطعم الطعام وليس فيه رياء وسمعة ، ومن أطعم طعاما فيه رياء وسمعة جعله الله تعالى نارا في بطنه يوم القيامة حتى يفرغ الحساب . (الديلمي عن عائشة) . (۹/۱۰۸ ، كتاب الضيافة ، الرقم :۲۵۸۳۵)

ما في " الفقه الإسلامي وأدلته " : سد الذرائع أصل من أصول الشريعة الإسلامية ، وحقيقته منع المباحات التي يتوصل بها إلى مفاسد أو محظورات . (۷/۵۲۵۸، القرارات والتوصيات الصادرة عن مجلس مجمع الفقه الإسلامي في دورة مؤتمره التاسع في أبو ظهبي)

ما في " مشكوة المصابيح " : عن محمود بن لبيد أن النبي ﷺ قال : إن أخوفَ ما أخاف عليكم الشرک الأصغر ، قالوا : يا رسول الله ! وما الشرک الأصغر ؟ قال : " الرياء " . رواه أحمد . (ص/۴۵۶ ، كتاب الرقاق ، باب الرياء والسمعة ، الفصل الثالث ، الرقم :۵۳۳۴)

ما في " مجموعة رسائل اللكنوي " : فكم من مباح يصير بالالتزام من غير لزوم والتخصيص من غير مخصص مكروها ، كما صرح به ملا علي القاري في شرح المشكوة والحصكفي في الدر المختار وغيرهما .

(۳/۴۹۰ ، سباحة الفكر في الجهر بالذكر ، الباب الأول في حكم الجهر بالذكر)=

كتاب الأضحية

قربانی سے متعلق مسائل

مقروض شخص پر قربانی

مسئلہ (۱۱۲): اگر کسی آدمی کے اوپر قرض ہو، لیکن اس کے پاس کچھ مال بھی ہو، تو اگر یہ مال اتنا ہو کہ قرض ادا کرنے کے بعد بھی اس کے پاس بنیادی ضرورت سے زائد، نصاب کے بقدر یعنی ساڑھے باون تولہ چاندی کی قیمت کے برابر مال بچ رہتا ہے، تو ایسے شخص پر قربانی واجب ہوگی، اور اگر قرض ادا کرنے کے بعد نصاب سے کم مال بچے، تو اس پر قربانی واجب نہیں ہوگی۔ (۱)

=(۲) ما في " صحيح البخاري " : عن جابر بن عبد الله رضي الله عنهما : أن رسول الله ﷺ لما قدم المدينة نحر جزورًا أو بقرة . (۱/۴۳۴ ، كتاب الجهاد والسير ، باب الطعام عند القدوم ، الرقم : ۳۰۸۹ ، سنن أبي داود : ص/۵۲٦ ، كتاب الأطعمة ، باب الإطعام عند القدوم من السفر ، الرقم : ۳۷۴۷ ، قديمي)

(فتاویٰ محمودیہ: ۱۰/ ۴۵۸، کراچی، و۱۵/ ۵۴۴، میرٹھ، فتاویٰ دارالعلوم دیوبند، رقم الفتویٰ: ۴۹۹۲۰)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الفتاوى الهندية " : ولو كان عليه دين بحيث لو صرف فيه نقص لا تجب .

(۵/۲۹۲، كتاب الأضحية ، الباب الأول الخ)

ما في " بدائع الصنائع " : ولو كان عليه دين بحيث لو صرف إليه بعض نصابه لا ينقص نصابه لا تجب ، لأن الدين يمنع وجوب الزكاة ، فلأن يمنع وجوب الأضحية أولى ، لأن الزكاة فرض والأضحية واجبة والفرض فوق الواجب .

(۴/۱۹٦ ، كتاب الأضحية ، فصل في شرائط الأضحية)=

قرض لے کر قربانی

مسئلہ (۱۱۳): اگر کسی شخص کی ملکیت میں اس کی ضرورت سے زائد، نصاب کے بقدر مال ہو، یا نقد روپیہ ہو، لیکن وہ کہیں غائب ہو، یا کسی کو قرض دے رکھا ہو، اورقربانی کے دنوں میں اس کی وصولی اور ملنا ممکن نہ ہو، اوراس کے پاس اتنا بھی مال نہ ہو، جس سے وہ قربانی کا جانور خرید سکے، تو اس پر قربانی واجب نہیں ہوگی، اور نہ ہی اس پر قرض لے کر قربانی کرنا لازم ہوگا، کیوں کہ مال کی عدمِ موجودگی کی وجہ سے وہ فقیر کے حکم میں ہے۔ (۱)

=ما في " البحر الرائق " : (تجب علی حر مسلم موسر مقیم علی نفسه الخ) وفي الخانية : الموسر في ظاهر الرواية من له مائتا درهم أو عشرون دينار أو ما بلغ ذلک سوی سکنه ومتاعه ومرکبه وخادمه الذي في حاجته . (۸/ ۳۱۹ ، کتاب الأضحية)

(آپ کے مسائل اوران کا حل :۵/ ۴۲۵، تخریج شدہ ، مسائل قربانی:ص/۶۴، مولانا محمد عبد المعبود، مکتبہ القاسم اکیڈمی، نوشہرہ پاکستان، کتاب الفتاویٰ:۴/۱۳۳)

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما في " الفتاوی التاتارخانية " : سئل علي بن أحمد عن رجل له دين مؤجل ، أو غير مؤجل علی رجل وهو مقر حتی جاء يوم النحر ، وليس في يد رب الدين شيء يمکنه شراء الأضحية هل عليه أن يستقرض ، ويشتري أضحية يضحي بها فقال : لا ، قيل له : هل يجب عليه قيمة الأضحية إذا وصل إليه الدين بعد فوات الوقت ، قال : لا ، قيل : هل يجب علی رب الدين أن يسأل منه عن الدين إذا غلب علی ظنه لو سأل منه ثمن الأضحية يعطيه فيلزمه منه ، وإن کان مؤجلا فقال : نعم . (۱۷/ ۴۶۴ ، کتاب الأضحية ، الفصل التاسع في المتفرقات ، رقم المسئلة : ۲۷۸۴۶ ، الفتاوی الهندية :۵/ ۳۰۷ ، کتاب الأضحية ، الباب التاسع في المتفرقات) =

قربانی کے لیے بڑا جانور ضروری نہیں

مسئلہ (۱۱۴): اگر کسی شخص کی ملکیت میں ضرورت سے زائد اتنا مال ہے، جس سے اُس پر قربانی واجب ہوجاتی ہے، لیکن اُس کے پاس نقد رقم نہیں ہے، تو اُس پر واجب ہے کہ قرض لے کر قربانی کرے، جیسا کہ اپنی دوسری ضروریات کے لیے قرض لیتا ہے، البتہ سودی قرض لینے سے اجتناب کرے، نیز یہ بات بھی سمجھ لینا چاہیے کہ واجب قربانی کے اپنے ذمہ سے ساقط ہونے کے لیے پورا ایک بڑا جانور خریدنا ضروری نہیں ہے، بلکہ اس میں سے ایک حصہ لے لینے سے بھی یہ واجب ادا ہوجاتا ہے۔[1]

=ما في " بدائع الصنائع " : وكذا لو كان مال غائب لا يصل إليه في أيام النحر ، لأنه فقير وقت غيبة المال حتى تحل له الصدقة بخلاف الزكاة فإنها تجب عليه ، لأن جميع العمر وقت الزكاة وهذه قربة مؤقتة فيعتبر الغنى في وقتها . (۱۹۶/۴ ، كتاب الأضحية ، فصل شرائط الوجوب ، الفتاوى الهندية :۲۹۲/۵ ، كتاب الأضحية ، الباب الأول الخ)

(مسائل قربانی:ص/۶۴، ۶۵، مولانا عبدالمعبود صاحب)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " سنن الدار قطني " : عن عائشة قالت : قلت : يا رسول الله ! أستدين وأضحي ؟ قال : " نعم ، فإنه دينٌ مقضي " . (۱۸۸/۴ ، كتاب الأشربة وغيرها ، باب الصيد والذبائح الخ ، الرقم : ۴۷۱۰ ، دار الايمان ، نصب الراية للزيلعي :۴۹۹/۴ ، كتاب الأضحية)

ما في " رد المحتار " : له مال كثير غائب في يد مضاربه أو شريكه ومعه مه الحجرين أو متاع البيت ما يضحي به تلزم . (۴۵۳/۹ ، كتاب الأضحية ، الفتاوى الهندية :۳۰۷/۵ ، كتاب الأضحية ، الباب التاسع في المتفرقات) (کتاب الفتاویٰ:۱۳۳/۴)

وکیل نے قربانی کی رقم نہیں پہنچایا

مسئلہ (۱۱۵): اگر کوئی شخص اپنی قربانی کی رقم کسی شخص کو یہ کہہ کر دے کہ میری یہ رقم فلاں شخص یا فلاں ادارے کے ذمے دار کو دیدو، اور وہ شخص قربانی کی یہ رقم فلاں شخص یا ادارے کے ذمے دار کو دینا بھول گیا، یہاں تک کہ قربانی کے ایام گزر گئے، اور پھر اسے یاد آیا، تو اب اس پر واجب ہے کہ یہ رقم اس کے اصل مالک کو واپس لوٹادے، اس لیے کہ ایام قربانی گزر جانے کے بعد یہ رقم مذکورہ شخص یا ادارے کے ذمے دار کو دینا جائز نہیں ہے، خواہ یہ رقم واجب قربانی کے واسطے تھی، یا نفل کے لیے، کیوں کہ یہ شخص وکیل ہے، اور جس غرض سے اسے وکیل بنایا گیا تھا، اب وہ فوت ہوگئی، اس لیے توکیل بھی ختم ہوگئی [1]، اور اس پر اس رقم کا لوٹانا واجب ہوا، اس لیے کہ یہ رقم اس کے پاس امانت ہے، اور امین پر ردِّ امانت لازم ہوتی ہے۔ [2]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " التنوير مع الدر والرد " : وينعزل الوكيل بلا عزل بنهاية الشيء المؤكل فيه .... وينعزل بعجز مؤكله . (۸/ ۲۸۰، ۲۸۲، كتاب الوكالة ، باب عزل الوكيل)

ما في " الموسوعة الفقهية " : تبطل الوكالة بتلف ما تعلقت به ، فلو تلفت العين التي وكل في التصرف فيها بالبيع أو بغيره بطلت الوكالة ... فالتصرف في المحل لا يتصور بعد هلاكه والوكالة بالتصرف في ما لا يحتمل التصرف محال فبطل .

(۱۴/۱۵ ، وكالة ، انتهاء الوكالة ، الثاني عشر تلف ما تعلقت الوكالة به)

(۲) ما في " القرآن الكريم " : ﴿ان اللّٰه يأمركم ان تؤدّوا الامٰنٰت الٰى اهلها﴾ . (النساء :۵۸)

ما في " التفسير المظهري " : لكن الآية بعموم لفظها يفيد وجوب أداء كل أمانة إلى أهلها .

عن أنس قال : قلما خطبنا رسول الله ﷺ إلا قال : " لا إيمان لمن لا أمانة له ، ولا دين=

وکیل بن کر قربانی کرنے والے احتیاط برتیں!

مسئله (۱۱۶): آج کل مختلف اداروں، تحریکوں، تنظیموں اور انجمنوں کی طرف سے اَخباروں، چوراہوں اور ماہناموں وغیرہ میں قربانی کے حصوں اور اس کی کھالوں کی اپیل کے اشتہارات بکثرت نظر سے گزر رہے ہیں، کہ ہمارے یہاں قربانی کا ایک حصہ اتنے روپیے میں ہے، ہمیں قربانی کی کھالیں دے کر ممنون ومشکور فرمائیں! وغیرہ۔

جاننا چاہیے کہ قربانی ایک واجبِ شرعی ہے[1]، اس کے کرنے کی بڑی فضیلت[2]، اور نہ کرنے پر وعید وارد ہوئی ہے[3]، فقہائے کرام نے اس واجب کی ادائیگی صحیح ہونے کے لیے بہت سے مسائل بیان فرمائے ہیں، جن پر مشتمل، مستقل کتابیں دستیاب ہیں، اوران کی کھالوں کی قیمت کے بابت بھی شرعی مصرف غربا وفقرا کو

=لمن لا عهد له ". رواه البيهقي في شعب الإيمان . فائدة : ليس أداء الأمانة منحصرا في مال الوديعة ونحوه ذلک بل كل حق لأحد أمانة يجب أداؤه لأهله كما يدل عليه سبب نزول هذه الآية . (٢/٣٦٣، ٣٦٤، التفسير المنير :٣/١٢٧)

ما في " سنن أبي داود " : عن أبي هريرة قال : قال رسول الله ﷺ : " أدِّ الأمانة إلى من ائتمنک ولا تخن من خانک ".

(ص/٤٩٨ ، كتاب البيوع ، باب في الرجل يأخذ حقه من تحت يده ، الرقم :٣٥٣٥)

ما في " الفقه الإسلامي وأدلته " : اتفق الفقهاء على أن المقبوض في يد الوكيل يعتبر أمانة بمنزلة الوديعة .

(٤١٠٩/٥ ، كتاب الوكالة ، المبحث الثالث ، ثالثا حال المقبوض في يد الوكيل)=

ذکر کیا ہے (۴)، ان مسائل کو جاننا اور اس کے مطابق عمل کرنا جس طرح ہر قربانی کرنے والے پر ضروری ہے، اسی طرح اُن افراد اور اداروں کے ذمے داران کے لیے بھی ضروری ہے، جو وکیل بن کر دوسروں کی طرف سے قربانی کرتے (انجام دیتے) ہیں، کہیں ایسا نہ ہو کہ مسائل سے واقفیت نہ ہونے کی بنا پر، یا واقفیت کے باوجود غلط طریقے اپنانے کی وجہ سے لوگوں کی قربانیاں صحیح نہ ہوں، اور آخرت میں ان وکیل افراد وغیرہ کی پکڑ ہو، اور وہ ''نیکی برباد گناہ لازم'' کا مصداق بن جائیں، لہٰذا اِس سلسلے میں بہت ڈرنے کی ضرورت ہے۔

الحجة على ما قلنا :

=(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿فصل لربک وانحر﴾ . (سورة الكوثر : ۲)

ما في " مجمع الأنهر " : الأضحية هي واجبة على حرّ مسلم مقيم موسر عن نفسه .
(۱۶۶/۴، كتاب الأضحية ، كذا في البحر الرائق : ۳۱۸/۸ ، كتاب الأضحية)

ما في " الفتاوى الهندية " : وأما شروط الوجوب منها اليسار وهو ما يتعلق به وجوب صدقة الفطر دون ما يتعلق به وجوب الزكاة . (۲۹۲/۵)

ما في " رد المحتار " : ذبح حيوان مخصوص بنية القربة في وقت مخصوص وشرائطها الإسلام واليسار الذي يتعلق به صدقة الفطر . (۳۷۸/۹ ، كتاب الأضحية)

(۲) ما في " كنز العمال " : قوله عليه السلام : " الأضاحي سنة أبيكم إبراهيم ، بكل شعرة حسنة وبكل شعرة من الصوف حسنة " . (۳۹/۵ ، الحديث : ۱۲۲۲۹ ، ابن ماجه : ص/۲۲۶)

ما في " جامع الترمذي " : قوله عليه السلام : " في الأضحية لصاحبها بكل شعرة حسنة ".
(۲۷۵/۱ ، باب ماجاء في فضل الأضاحي)

ما في " سنن ابن ماجة " : عن عائشة أن النبي ﷺ قال : " ما عمل ابن آدم يوم النحر عملا أحب إلى الله عز وجل من هراقة دم ، وإنه ليأتي يوم القيامة بقرونها وأظلافها وأشعارها ، وإن الدم ليقع من الله عز وجل بمكان قبل أن يقع على الأرض فطيبوا بها نفسا " . =

کتاب النکاح

نکاح سے متعلق مسائل

نکاح عفت وپاکدامنی اور تکمیل نصف ایمان کا ذریعہ

مسئلہ(۱۱۷): اسلام میں نکاح محض جنسی لذّت کا ذریعہ یا حصولِ مال ودولت کا طریقہ نہیں، بلکہ عفت وعصمت، پاکیزگی وپاک دامنی اور تکمیلِ نصفِ ایمان کا ذریعہ ہے[1]، بعض حالات میں نکاح کا حکم تاکیدی[2] اور بعض حالات میں ترغیبی واستحبابی ہے[3]، اوراس پر ثواب کا وعدہ بھی کیا گیا، اور جس امر کی یہ شان ہو وہ عبادت ہوتا ہے، لہٰذا نکاح عبادت ہے۔

=(ص/۲۲۶، أبواب الأضاحي، باب ثواب الأضحية، قديمي، الرقم: ۳۱۲۶)

(۳) ما في " سنن ابن ماجة " : قوله عليه السلام : " من وجد سعة فلم يضح فلا يقربنّ مصلانا" . (ص/۲۲۶)

وما في " الترغيب والترهيب " : قوله عليه السلام : " من وجد سعة فلم يضح فلا يحضر مصلانا ". (۱۰۳/۲ ، سنن الدار قطني :۱۸۵/۴، كتاب الأشربة وغيرها ، باب الصيد والذبائح الخ ، الرقم :۴۶۹۸)

(۴) ما في " رد المحتار " : ولايعطى أجر الجزار منها لأنه كبيع وكره جز صوفها قبل الذبح لينتفع به فإن جزه تصدق به . (۳۹۸/۹ ، البحرالرائق:۳۲۷/۸ ،كتاب الأضحية)

ما في " الفتاوى الهندية " : ولا أن يعطى أجر الجزار والذابح منها فإن با ع شيئا من ذلك بما ذكرنا نفذ عند أبي حنيفة ومحمد رحمهما الله تعالى وعند أبي يوسف رحمه الله تعالى لاينفذ ويتصدق بثمنه كذا في البدائع .

(۳۰۱/۵ ، الباب السادس في بيان ما يستحب في الأضحية والانتفا ع بها)=

نکاح کے لیے عورت کا انتخاب دین داری کی بنیاد پر ہونا چاہیے [۴]، مال و دولت، حسن و جمال اور حسب ونسب کی بنیاد پر نہیں، کیوں کہ جو نکاح عورت کی عزت وحیثیت، اس کی مال داری اور حسب ونسب کی بنیاد پر کیا جاتا ہے، شوہر کو اس نکاح سے فائدے کی بجائے نقصان ہی پہنچتا ہے، یعنی ذلت ورُسوائی، فقر وتنگدستی اور دنائت وکمینگی ہی ہاتھ آتی ہے۔[۵]

نکاح میں خرچ کم سے کم ہونا چاہیے، کہ ایسا ہی نکاح بابرکت [۶] اور زوجین کے مابین باعثِ محبت ومؤدّت ہوتا ہے، نکاح میں مہر اتنا مقرر ہونا چاہیے جسے شوہر سہولت کے ساتھ ادا کر سکے [۷]، البتہ دس درہم یعنی موجودہ وزن کے اعتبار سے ۳۰/گرام ۶۱۸/ملی گرام چاندی یا اس کی قیمت سے کم نہیں ہونا چاہیے [۸]، اگر کسی کی حیثیت ہو تو مہرِ فاطمی بہتر ہے، یعنی ایک کلو ۵۳۰/گرام چاندی یا اس کی قیمت۔[۹]

بہر حال! محض ایک دوسرے پر فخر کے لیے لمبے چوڑے مہر رجسٹروں میں لکھ دینا، جس کی ادائیگی کی کوئی صورت نہ بن سکے، اسلامی تعلیمات کے سراسر خلاف ہے، اس سے بچنا چاہیے۔[۱۰]

الحجة على ما قلنا :

=(۱) ما في " مشكوة المصابيح " : عن أنس رضي الله عنه قال : قال رسول الله ﷺ : "إذا تزوّج العبد فقد استكمل نصف الدين فليتّق الله في النصف الباقي " .

(ص/۲٦۸، كتاب النكاح)=

....

=(۲) ما في " التنوير مع الدر والرد " : (ويكون واجبا عند التوقان) وإن تيقّن الزنا إلا به فرض .(۵۵/۴ ، كتاب النكاح)
(۳) ما في " التنوير مع الدر والرد " : (و) يكون (سنة) مؤكدة في الأصح فيأثم بتركه ويثاب إن نوى تحصينا وولدا . (۵٦/۴، كتاب النكاح)
(۴) ما في " مشكوة المصابيح " : عن أبي هريرة قال : قال رسول الله صلى الله عليه وسلم : " تنكح المرأة لأربع : لمالها ولحسبها ولجمالها ولدينها ، فاظفر بذات الدين تربت يداك " . متفق عليه .
(ص/۲٦۷، كتاب النكاح)
(۵) ما في " المعجم الأوسط للطبراني " : " من تزوج امرأة لعزّها لم يزده الله إلا ذلا ، ومن تزوجها لمالها لم يزده الله إلا فقرا ، ومن تزوجها لحسبها لم يزده الله إلا دناءة ، ومن تزوج امرأة لم يتزوجها إلا ليغض بصره أو ليحصن فرجه أو يصل رحمه ، بارك الله له فيها وبارك لها فيه " . (۱۹/۲، الرقم : ۲۳۴۲، بيروت ، و۲۱/۳، باب من اسمه إبراهيم ، دار الحرمين – القاهرة ، رد المحتار)
(٦) ما في " مشكوة المصابيح " : عن عائشة رضي الله عنها قالت : قال النبي صلى الله عليه وسلم : " إن أعظم النكاح بركة أيسره مؤنة " . رواه البيهقي . (ص/۲٦۸، كتاب النكاح)
(۷) ما في " المستدرك على الصحيحين للحاكم " : " خير الصداق أيسره " .
(۱۹۸/۲ ، الرقم : ۲۷۴۲، كتاب النكاح ، دار الكتب العلمية بيروت)
(۸) ما في " الدر المختار مع الشامية " : أقله عشرة دراهم لحديث البيهقي وغيره " لا مهر أقل من عشرة دراهم " . (۱٦۸/۴ ، باب المهر)
(۹) ما في " رد المحتار " : ومعلوم أن الصداق كان أربع مائة درهم وفي فضة . (۱٦۸/۴)
ما في " مرقاة المفاتيح " : ثم ذكر السيد جمال الدين المحدث في روضة الأحباب أن صداق فاطمة رضي الله عنها كان أربع مائة مثقال فضة . (۳۳۰/٦ ، باب الصداق)
(۱۰) ما في " سنن أبي داود " : عن أبي العجفاء السلمي قال : خطبنا عمر فقال : " ألا ! لا تغالوا بِصُدُق النساء فإنها لو كانت مكرمة في الدنيا أو تقوى عند الله كان أولاكم بها النبي صلى الله عليه وسلم ، ما أصدق رسول الله امرأة من نسائه ولا أصدقت امرأة من بناته أكثر من ثنتي عشرة أوقية " . (ص/۲۸۷ ، كتاب النكاح ، الرقم : ۲۱۰۸) (فتاویٰ دار العلوم دیوبند، رقم الفتویٰ: ۵٦۲۰۵)

کم سنی میں نکاح

مسئلہ (۱۱۸): نکاح کے بارے میں اسلامی تعلیم اور شرعی ہدایت یہ ہے کہ بلوغ کے بعد بچہ اور بچی کی شادی میں تاخیر نہ کی جائے، کیوں کہ اس سے جسمانی، روحانی اور سماجی نقصانات پیدا ہوتے ہیں[۱]، بعض مصالح کی وجہ سے کم سنی میں نکاح کا جواز ہے[۲]، لیکن بہتر اور پسندیدہ بلوغ کے بعد کا نکاح ہی ہے۔[۳]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " جامع الترمذي " : عن أبي حاتم المزني قال : قال رسول الله ﷺ : " إذا جاء كم من ترضون دينه وخلقه فأنكحوه إلا تفعلوا تكن فتنة في الأرض وفساد " .

(۱/۲۰۷، أبواب النكاح ، باب ما جاء في من ترضون دينه فزوجوه)

ما في " مشكوة المصابيح " : عن أبي سعيد وابن عباس قالا : قال رسول الله ﷺ : " من وُلد له ولدٌ فليُحسن اسمه وأدبه فإذا بلغ فليزوّجه ، فإن بلغ ولم يزوّجه فأصاب إثما فإنما إثمه على أبيه " . (ص/ ۲۷۱، النكاح ، باب الولي في النكاح واستيذان المرأة ، الفصل الثالث)

ما في " جامع الترمذي " : عن علي بن أبي طالب أن النبي ﷺ قال له : " يا علي ! ثلاث لا تؤخرها ؛ الصلوة إذا آنت ، والجنازة إذا حضرت ، والأيم إذا وجدت لها كفوا " .

(۱/۴۳ ، أبواب الصلاة ، باب ما جاء في الوقت الأول من الفضل ، مشكوة المصابيح :ص/ ۶۱، كتاب الصلاة ، باب تعجيل الصلاة ، الفصل الثاني)

ما في " مرقاة المفاتيح " : قال الطيبي : الأيم من لا زوج له رجلا كان أو امرأة ثيبًا كان أو بكرا . (۲/۲۸۹، كتاب الصلاة ، باب تعجيل الصلاة ، الفصل الثاني ، تحت الرقم :۶۰۵)

ما في " رد المحتار " : فإن خطبها الكفء لا يؤخرها وهو كل مسلم تقي .

(۴/۶۸ ، كتاب النكاح ، مطلب كثير أيتساهل في إطلاق المستحب على السنة)

(۲) ما في " التنوير مع الدر والرد " : (وللولي إنكاح الصغير والصغيرة) جبرا (ولو ثيبا ولزم النكاح ولو بغبن فاحش أو بغير كفء إن كان الولي أبا أو جدا) . (۴/۱۶۹ – ۱۷۱، كتاب=

نکاح میں کفاءت یعنی برابری کا اعتبار

مسئلہ (۱۱۹): اسلام میں حسب ونسب کی وجہ سے کسی کو، کسی پر کوئی فضیلت نہیں ہے، ہاں! تقویٰ کی وجہ سے ایک دوسرے سے بڑھ سکتا ہے، رسول اللہ ﷺ نے صاف اور واضح لفظوں میں یہ ارشاد فرمایا ہے:" **لا فضلَ لعربي على عجمي ، ولا لعجمي على عربي ، ولا لأسود على أحمر ، ولا لأحمر على أسود ، إلا بالتقوى** "۔یعنی کسی عربی کوکسی عجمی پر، کسی عجمی کوکسی عربی پر، کسی سرخ وسفید کوکسی سیاہ وکالے پر، اور کسی سیاہ وکالےکوکسی سرخ وسفید پر،کوئی فضیلت نہیں ہے، ہاں! مگر تقویٰ کی وجہ سے۔

نیز ایک اور حدیث میں ہے:" **من بطأ به عمله لم يسرع به نسبه** "۔ یعنی اگر کسی کو اس کا عمل پیچھے کر دے، تو اس کا نسب اس کو آگے نہیں بڑھا سکتا۔ البتہ شادی میں کفاءت –یعنی عاقدین کا برادری اور پیشے وغیرہ میں ایک دوسرے کے مانند ہونا– معتبر ہے، اور وہ بھی اس وجہ سے ہے کہ بالعموم ہم کفولوگوں کے عادات واَطوار ایک دوسرے کے مماثل ہوتے ہیں، اور اس سے شادی میں پائیداری حاصل ہوتی ہے، جو کہ نکاح کے اہم مقاصد میں سے ہے، لیکن یہ شرط لازم اور ضروری نہیں ہے، اگر لڑکی کے اولیاء غیر برادری میں نکاح کر دیں، تو اس کی اجازت ہے، البتہ لڑکے اور لڑکی کا خود نکاح پر اِقدام کرنا خواہ اپنی برادری میں ہی کیوں نہ ہو، ناپسندیدہ عمل ہے۔ (۱)

…………………………………………………………………………

…………………………………………………………………………

=النکاح ، باب الولي)

(۳) ما في " مشكوة المصابيح " : عن أبي سعيد وابن عباس قالا : قال رسول الله ﷺ : "من وُلد له ولدٌ فليُحسن اسمه وأدبه فإذا بلغ فليزوّجه ، فإن بلغ ولم يزوّجه فأصاب إثما فإنما إثمه على أبيه " . (ص/۲۷۱، كتاب النكاح ، باب الولي في النكاح واستيذان المرأة ، الفصل الثالث) (اسلامک فقہ اکیڈمی انڈیا)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الدر المنثور " : عن جابر بن عبد الله قال : خطبنا رسول الله ﷺ في وسط أيام التشريق خطبة الوداع فقال : " يا أيها الناس ! ألا ! إن ربكم واحد ، ألا ! إن أباكم واحد ، ألا ! لا فضل لعربي على عجمي ، ولا لعجمي على عربي ، ولا لأسود على أحمر ، ولا لأحمر على أسود ، إلا بالتقوى ، إن أكرمكم عند الله أتقكم " . (۱۰۸/۶)

ما في " مشكوة المصابيح " : عن أبي هريرة رضي الله تعالى عنه قال : قال رسول الله ﷺ : " ومن بطأ به عمله لم يسرع به نسبه " . رواه مسلم . (ص/۳۳)

ما في " الفقه الإسلامي وأدلته " : الكفاء ة في اصطلاح الفقهاء : المماثلة بين الزوجين دفعا للعار في أمور مخصوصة ...... ويراد منها تحقيق المساواة في أمور اجتماعية من أ جل توفير استقرار الحياة الزوجية ، وتحقيق السعادة بين الزوجين بحيث لا تعير المرأة أو أولياؤها بالزوج بحسب العرف . (۶۷۳۶/۹، الكفاء ة في الزواج)

ما في " الموسوعة الفقهية " : ووجه اعتبارها عندهم ان انتظام المصالح يكون عادة بين المتكافئين ، والنكاح شرع لانتظامها ، ولا تنتظم المصالح بين غير المتكافئين ، فالشريفة تأبى أن تكون مستفرشة للخسيس ، وتعير بذلک ، ولأن النكاح وضع لتأسيس القرابات الصهرية ليصير البعيد قريبا عضدا وساعدا ، يسره ما يسرک ، وذلک لا يكون إلا بالموافقة والتقارب ، ولا مقاربة للنفوس عند مباعدة الأنساب .

(۲۶۹/۳۴، كفاء ة ، بدائع الصنائع : ۶۲۴/۲)

لڑکی دیکھنے کے لیے دوستوں کو ساتھ لے جانا

مسئلہ (۱۲۰): اگر نکاح کا ارادہ ہو تو لڑکے کے لیے، لڑکی کو دیکھنے کی اجازت ہے، بلکہ آپ ﷺ نے اس کی تلقین فرمائی ہے، کیوں کہ اس کی وجہ سے رشتۂ نکاح میں استحکام پیدا ہوتا ہے، آپ ﷺ کا ارشاد ہے: " **فإنّه أحریٰ أن یُودَمَ بینکُما** "[1]۔ چناں چہ فقہائے کرام نے منگیتر کو دیکھنے کی اجازت دی ہے، اور اگر اس کے لیے دیکھنا دشوار ہو، تو پھر کسی عورت کو بھیجے کہ وہ دیکھ لے، اور اس کے بارے میں بتائے[2]، اِس لڑکے کے بھائی، بہنوئی، ماموں، پھوپھا اور چچازاد بھائی وغیرہ کا، لڑکی کو دیکھنا درست نہیں ہے، زیادہ سے زیادہ باپ کے لیے گنجائش ہوسکتی ہے، کیوں کہ اس کے دیکھنے میں عام طور پر فتنے کا اندیشہ نہیں ہوتا، آج کل عام طور پر لڑکی دیکھنے کے لیے، لڑکے کے ساتھ اس کے دیگر رشتہ دار، دوست واحباب وغیرہ سب جاتے ہیں، اور سب اُس لڑکی کو دیکھتے ہیں، یہ فعل غیر شرعی ہے، اور بہت سے مفاسد کا ذریعہ ہے، لہٰذا اِس سے بچنا ضروری ہے۔[3]

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما في " جامع الترمذي " : عن المغيرة بن شعبة أنه خطب امرأة فقال النبي ﷺ : " انظر إليها فإنه أحرى أن يودم بينكما " . (۱/۲۰۷ ، أبواب النكاح ، في النظر إلى المخطوبة)

ما في " سنن أبي داود " : عن جابر بن عبد الله قال : قال رسول الله ﷺ : " إذا خطب أحدكم المرأة فإن استطاع أن ينظر إلى ما يدعوه إلى نكاحها فليفعل " قال : فخطبت جارية فكنت أتخبأ لها حتى رأيت منها ما دعاني إلى نكاحها وتزويجها فتزوجتها .

(ص/۲۸۴ ، كتاب النكاح ، باب الرجل ينظر إلى المرأة وهو يريد تزويجها)=

شادی کے دن لڑکی والوں کی طرف سے کھانا

مسئلہ (۱۲۱): لڑکی کی شادی کے دن باراتی اگر دور سے آئے ہیں، یا نظام کے مطابق وہ کھانے کے وقت آئیں، تو ان کے لیے کھانے کا انتظام کرنے میں کچھ حرج نہیں، یہ کھانا حقِ ضیافت کے طور پر جائز اور مباح ہے، مسنون نہیں، کیوں کہ حضرت جابر ابن عبداللہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ: ''ہم حضرت علی ابن ابی طالب اور حضرت فاطمہ بنت رسول اللہ ﷺ کی شادی میں حاضر ہوئے، ہم نے اس شادی سے بہتر کوئی شادی نہیں دیکھی، آپ ﷺ نے اس موقع پر کشمش اور چھوہارے مہیا فرمائے، جسے ہم نے تناول کیا۔''(۱)

اسی روایت کو بنیاد بنا کر، جانشینِ حضرت شیخ، محدثِ عصر، شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد یونس صاحب جونپوری مدظلہ العالی فرماتے ہیں: ''اس روایت سے لڑکی والوں کی طرف سے ثبوتِ دعوتِ طعام کی تائید تو ہوتی ہے،...... لیکن سنّیت کا اِثبات مشکل ہے، بظاہر یہ '' مِن باب ضیافةِ الأضیافِ الحاضرین'' ہے۔ واللہ اعلم (۲)

=(۲) ما في '' رد المحتار '' : ویظهر من کلامهم أنه إذا لم یمکنه النظر یجوز إرسال نحو امرأة تصف له حلالها بطریق الأولی .

(۹/ ۴۵۱ ، ۴۵۲، کتاب الحظر والإباحة ، فصل في النظر والمس)

(۳) ما في '' التنویر مع الدر والرد '' : (وتمنع) المرأة الشابة (من کشف الوجه بین الرجال) لا لأنه عورة بل (لخوف الفتنة) .

(۲/ ۷۹ ، کتاب الصلاة ، باب شروط الصلاة ، مطلب في ستر العورة)=

اس موقع پر دیگر رشتے داروں اور محلّہ والوں کو دعوت دینا بھی مباح ہے(۳)، لیکن آج کل لوگوں نے لڑکی کے یہاں کھانے کو لازم وضروری سمجھ لیا ہے(۴)، اور جو دعوت نہ دے اُسے طعن وتشنیع بھی کرتے ہیں، حالاں کہ یہ دونوں باتیں شرعاً جائز نہیں ہیں، مسلمانوں کو ان سے بچنا چاہیے۔

الحجة علی ما قلنا :

=(۱) ما في " مجمع الزوائد ومنبع الفوائد " : عن جابر بن عبد الله قال : " حضرنا عرس علي بن أبي طالب وفاطمة بنت رسول الله ﷺ فما رأينا عرسًا كان أحسن منه حسنًا ، هيّأ لنا رسول الله ﷺ زبيبًا وتمرًا فأكلنا ، وكان فراشها ليلة عرسها إهاب كبش " . رواه الطبراني في الأوسط وفيه مسلم بن خالد الزنجي وهو ضعيف وقد وثق . (۵۲/۴ ، كتاب الصيد والذبائح ، باب ما يجري في الوليمة ، رقم : ۶۱۴۷، دار الكتب العلمية بيروت ، المعجم الأوسط للطبراني : ۱۶/۵ ، رقم : ۶۴۴۱، دار الكتب العلمية بيروت)

(۲) ما في " نوادر الفقه " : ''بیٹی والوں کی طرف سے دعوت کا مسنون ہونا اگر چہ بعض اہل فتویٰ نے لکھ دیا ہے اور مصنف عبد الرزاق کی ایک روایت پر جس میں حضرت فاطمہ (رضی اللہ عنہا) کے نکاح کا مفصل تذکرہ ہے اعتماد کیا ہے، جو امام عبد الرزاق نے (۴۸۷/۵) پر درج کی ہے، لیکن اس کا راوی یحییٰ بن العلاء البجلی ہے: وهو متروک قاله الدار قطني وقال أحمد بن حنبل : كذاب يضع الحديث . نکاح فاطمہ کے سلسلے میں اسی انداز کی ایک روایت ابن حبان (ص/۵۵۰) نے نقل کی ہے، جس میں دعوت کا مضمون نہیں، حافظ ابن حجر نے تہذیب التہذیب (۳۴۰/۱۱) میں اس پر نکارت کا حکم لگا دیا ہے، اور حاشیہ موارد الظمآن میں لکھا ہے: والحديث ظاهر عليه الإفتعال . میرے خیال میں یہ حدیث بھی موضوع ہے متروک راوی کی روایت سے مسئلہ ثابت نہیں ہوسکتا ہے جب کہ وہ متہم بھی ہو۔ اس کے بعد ایک روایت ملی جس سے فی الجملہ اس کی تائید ہوتی ہے: عن جابر بن عبد الله قال : حضرنا عرس علي بن أبي طالب وفاطمة بنت رسول الله ﷺ فما رأينا عرسًا كان أحسن منه حسنًا هيأ رسول الله ﷺ زبيبًا وتمرًا فأكلنا وكان فراشها ليلة عرسها إهاب كبش . رواه الطبراني في الأوسط وفيه مسلم بن خالد الزنجي وهو ضعيف وقد وثق . كذا في مجمع الزوائد (۵۰/۴) . لیکن سنیت کا اثبات مشکل ہے، بظاہر یہ من باب ضيافة الأضياف=

دولہے سے گلے ملنا اور ہار پہنانا

مسئلہ (۱۲۲): شادی طے ہونے کے بعد یا عقدِ نکاح کے بعد لوگ دولہے سے گلے ملتے ہیں، جب کہ اس خاص موقع پر گلے ملنے کا شرعاً کوئی ثبوت نہیں، لہٰذا یہ رسم غلط ہے۔ اسی طرح شادی کے موقع پر پھولوں کا ہار بنا کر شادیوں میں پہننا سلفِ صالحین سے کہیں ثابت نہیں، لہٰذا مسلمانوں کو ان دونوں رسموں سے احتیاط کرنی چاہیے[1]، ہاں! اِس موقع پر دولہا کو " بَارَکَ اللّٰہُ لَکَ ، وَبَارَکَ عَلَیْکَ ، وَجَمَعَ بَیْنَکُمَا فِي الْخَیْرِ " کی دعا دینا ثابت ہے[2]، اِسے اپنانا چاہیے۔

=الحاضرین ہے۔ واللہ اعلم۔" بندہ محمد یونس عفی عنہ۔ (ص/ ۱۰۷، شادی میں لڑکی والوں کی طرف سے دعوت کرنے والی موضوع حدیث، ادارہ افاداتِ اشرفیہ دوبگّا، ہردوئی روڈ لکھنؤ)

(۳) ما في " کفایت المفتي " : "لڑکی والوں کی طرف سے براتیوں کو یا برادری کو کھانا دینا لازم یا مسنون اور مستحب نہیں ہے، اگر بغیر التزام کے وہ اپنی مرضی سے کھانا دے دیں، تو مباح ہے، نہ دیں تو کوئی الزام نہیں۔"

(۵/ ۱۵۶، ۱۵۷، ۱۵۸، نکاح کے بعد لڑکی والوں کا برادری کو کھانا کھلانا، مکتبہ دارالاشاعت کراچی)

ما في " کتاب الفتاوی " : "نکاح کے موقع پر بغیر کسی جبر و دباؤ کے لڑکی والوں کی طرف سے بھی ضیافت کی گنجائش ہے، .... پس یہ دعوتِ طعام سنت تو نہیں ہے، نہ عہدِ صحابہ میں اس کا عمومی رَواج تھا، اس لیے اس کو رَواج دینا بھی مناسب نہیں، البتہ اس کی گنجائش ہے۔" (۴/ ۴۱۷، دلہن والوں کی طرف سے ضیافت)

(۴) ما في " رد المحتار " : وکل جائز إذا أدی إلی اعتقاد ذلک کره .

(۲/ ۳۰ ، کتاب الصلاة ، مطلب یشترط العلم بدخول الوقت ، دار الکتب العلمیة بیروت ، و ۱/ ۱۷ ۳ ، مکتبه سعید کراچی ، و دار الفکر بیروت)

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما في " صحیح البخاري " : عن عائشة رضي الله عنهما قالت : قال النبي ﷺ : " من أحدث في أمرنا هذا ما لیس منه فهو ردّ " . (۱/ ۱۷ ۳ ، کتاب الصلح ، باب إذا اصطلحوا=

شادی کے موقع پر بہنوں کے مطالبات

مسئلہ (۱۲۳): جب کسی کی شادی ہوتی ہے تو لوگوں کو خوشی ہوتی ہے، عموماً ایسے موقع پر بہنیں وغیرہ کچھ مطالبات کرتی ہیں، اور کہتی ہیں کہ ہمارا حق دو، حق کا مطلب یہ ہے کہ خوشی ہونے پر ہمیں خوش کرو، جیسا کہ مٹھائی یا ہدیہ وتحفہ وغیرہ کا لوگ مطالبہ کرتے ہیں، یہ مطالبات شرعی مطالبات نہیں ہیں، البتہ خدمت گار امیدوار رہتے ہیں، اور دعا گو بھی ہوتے ہیں، اور احباب کا تقاضا بھی بر بنائے تعلق ومحبت ہوتا ہے، لہٰذا اگر جبر واِکراہ اور التزامِ مالا یلزم نہ ہو، اور ان کے مطالبات کو پورا کردیا جائے، تو اس کی گنجائش ہے۔(۱)

=على صلح جَور فهو مردود ، صحيح مسلم :۲/۷۷، كتاب الأقضية ، باب نقض الأحكام الباطلة ومحدثات الأمور، مشكوة المصابيح :ص/۲۷، باب الاعتصام بالكتاب والسنة ، الفصل الأول ، الرقم :۱۴۰)

(۲) ما في " جامع الترمذي " : عن أبي هريرة ، أن النبي ﷺ كان إذا رفأ الإنسان إذا تزوج قال : " بارک الله لک وبارک علیک ، وجمع بينكما في الخير " . (۱/۲۰۷، كتاب النكاح ، باب ما جاء فيما يقال للمتزوج ، الرقم : ۱۰۹۱ ، سنن ابن ماجة :ص/۱۳۷ ، كتاب النكاح ، باب تهنئة النكاح ، الرقم :۱۹۰۵ ، مشكوة المصابيح : كتاب الدعوات ، باب الدعوات في الأوقات ، الفصل الثاني ، الرقم :۲۴۴۵) (فتاویٰ دار العلوم دیو بند، رقم:۵۳۴۱۳)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " مشكوة المصابيح " : عن أبي حرة الرقاشي عن عمه قال : قال رسول الله ﷺ : " ألا ! لا تظلموا ، ألا ! لا يحل مال امرئ إلا بطيب نفس منه " . رواه البيهقي في شعب الإيمان والدار قطني في المجتبى . (ص/۲۵۵، كتاب البيوع ، باب الغصب والعارية ، الفصل الثاني ، شعب الإيمان للبيهقي :۴/۳۸۷ ، الباب الثامن والثلاثون ، باب في قبض=

دعوتوں میں مردوں اور عورتوں کا علیحدہ انتظام

مسئلہ (۱۲۴): شادی بیاہ کے موقع پر دعوتوں میں مردوں اور عورتوں کو کھانا کھلانے کا انتظام علیحدہ علیحدہ جگہوں پر ہونا چاہیے، یا ایک ہی جگہ ہو، مگر دونوں کے اوقات مختلف ہوں، نیز عورتوں کو کھلانے کے لیے عورتیں ہی متعین کی جانی چاہیے، مرد یا مُراہق اور بالغ لڑکے نہیں، کیوں کہ اس میں بے پردگی ہوتی ہے، جو شرعاً منع ہے [1]، آج کل شادی ہالوں میں شادیوں کا رَواج بڑھتا جارہا ہے، جہاں رنگ برنگ کی روشنیاں ہوتی ہیں، عورتیں بناؤ سنگار کے ساتھ شادیوں میں پہنچتی ہیں، اور مردوں کے ساتھ اُن کا اختلاط ہوتا ہے، ہنسی اور خوش طبعی کی باتیں بھی ہوتی ہیں [2]، حالاں کہ جن تقریبات اور پروگراموں میں مرد وعورت کا اختلاط ہوتا ہو، وہاں عورتوں کے لیے جانا جائز نہیں ہے، اگر عورتیں شوہروں کی اجازت سے جاتی ہیں، تو عورتوں کے ساتھ شوہر بھی گناہ گار ہوں گے۔ [3]

= اليد عن الأموال المحرمة ، الرقم : ۲۹۴۵)

ما في " مرقاة المفاتيح " : من أصر على أمر مندوب وجعله عزما ولم يعمل بالرخصة فقد أصاب منه الشيطان من الاضلال .

(۲۶/۳ ، كتاب الصلاة ، باب الدعاء في التشهد ، الفصل الأول ، تحت الرقم : ۹۴۶)

ما في " مجموعة رسائل اللكنوي " : فكم من مباح يصير بالالتزام من غير لزوم ، والتخصيص من غير مخصص مكروها . (۴۹۰/۳ ، سباحة الفكر في الجهر بالذكر ، الباب الأول ، تحت الثاني والأربعون ، السعاية في كشف ما في شرح الوقاية : ۲۶۵/۲ ، باب صفة الصلاة ، فصل في القراء ة) (فتاویٰ محمودیہ: ۳۷۹/۱۷، میرٹھ)=

سنت پر عمل کے لیے حرام کی اجازت نہیں دی جاسکتی

مسئلہ (۱۲۵): شادی کے بعد جب بیوی سے ملاقات ہوجائے، تو اس نعمت پر اظہارِ مسرت کے لیے شریعت نے ولیمہ کو مسنون قرار دیا ہے، اللہ کے رسول ﷺ نے اپنی متعدد بیویوں کے نکاح میں خود بھی ولیمہ کیا[۱]، نیز صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کو بھی ولیمہ کی ترغیب دی[۲]، ولیمہ کا مسنون طریقہ یہ ہے کہ بلا تکلف و بلا تفاخر اختصار کے ساتھ جس قدر میسر ہوجائے، اپنے خاص لوگوں کو خالصۃً لوجہ اللہ

الحجة على ما قلنا :

=(۱) ما في " المقاصد الشرعية للخادمي " : ان الوسيلة أو الذريعة تكون محرمة إذا كان المقصد محرما وتكون واجبة إذا كان المقصد واجبا . (ص/۴۶)

ما في " اعلام المؤقعين " : وسيلة المقصود تابعة للمقصود وكلاهما مقصود . (۳/۱۷۵)

(۲) ما في " سنن أبي داود " : عن حمزة بن أبي أسيد الأنصاري عن أبيه ، أنه سمع رسول الله ﷺ يقول وهو خارج من المسجد فاختلط الرجال مع النساء فقال رسول الله ﷺ للنساء : " استأخرن فإنه ليس لكنّ أن تحققن الطريق ، عليكنّ بحافات الطريق " . الحديث .

(ص/۷۱۴، كتاب الأدب ، باب في مشي النساء في الطريق)

وفيه أيضًا : عن نافع عن ابن عمر رضي الله تعالى عنهما ، أن النبي ﷺ " نهى أن يمشي يعني الرجل بين المرأتين " . (ص/۷۱۵)

(۳) ما في " التنوير مع الدر والرد " : فلا تخرج إلا لحق لها أو عليها أو لزيارة أبويها كل جمعة مرة أو المحارم كل سنة أولكونها قابلة أو غاسلة لا فيما عدا ذلک ، وإن أذن كانا عاصيين . تنوير مع الدر . وفي الشامية : قوله : (لا فيما عدا ذلک) عبارة الفتح : وما عدا ذلک من زيارة الأجانب وعيادتهم والوليمة لا يأذن لها ولا تخرج . (۸/۴۸۵ ، ۴۸۶)

(فتاویٰ دارالعلوم دیوبند، رقم الفتویٰ:۵۰۸۹۴)=

کھانا کھلا دے، اس میں غریبوں کو بھی مدعو کیا جائے، صرف امیروں ہی کو دعوت دینے پر اکتفا نہ کیا جائے(۳)، نیز اس کے لیے سودی قرض وغیرہ نہ لیا جائے، کیوں کہ سودی قرض کا لین دین حرام ہے، اور ولیمہ کی دعوت دینا سنت ہے، اور کسی سنت پر عمل کے لیے حرام کام کی اجازت نہیں دی جاسکتی۔(۴)

الحجة على ما قلنا :

=(١) ما في " صحيح البخاري " : عن أنس قال : " ما أولم النبي – ﷺ – على شيء من نسائه ما أولم على زينب أولم بشاة " . (٢/٧٧٧ ، باب الوليمة ولو بشاة ، الرقم : ٥١٦٨)

ما في " الفتاوى الهندية " : ووليمة العرس سنة وفيها مثوبة عظيمة وهي إذا بنى الرجل بامرأته ينبغي أن يدعو الجيران والأقرباء والأصدقاء ويذبح لهم ويصنع لهم طعامًا .

(٣٤٣/٥ ، كتاب الكراهية ، الباب الثاني عشر في الهدايا والضيافات)

ما في " رد المحتار " : وفي الاختيار : وليمة العرس سنة قديمة إن لم يجبها أثم .

(٤٢٢/٩ ، كتاب الحظر والإباحة)

ما في " الفقه الإسلامي وأدلته " : الوليمة : وهي سنة مستحبة مؤكدة عند جماهير العلماء .

(٦٦١٩/٩ ، المبحث الخامس ، مندوبات عقد الزواج أو ما يستحب له)

(٢) ما في " صحيح البخاري " : (عن أنس) قال : سأل النبي ﷺ عبد الرحمن بن عوف وتزوج امرأة من الأنصار ، كم أصدقتَها ؟ قال : وزْن نواة من ذهب ، وعن حُميد ، سمعت أنسا قال : لما قدموا المدينة نزل المهاجرون على الأنصار ، فنزل عبد الرحمن بن عوف على سعد بن الربيع فقال : أقاسمك مالي وأنزل لك عن إحدى امرأتَيَّ ، قال : بارك الله لك في أهلك ومالك ، فخرج إلى السوق فباع واشترى ، فأصاب شيئًا من أقط وسَمن فتزوج فقال النبي ﷺ : " أولم ولو بشاة " . (٢/٧٧٧ ، باب الوليمة ولو بشاة ، الرقم : ٥١٦٧)

(٣) ما في " مشكوة المصابيح " : عن أبي هريرة رضي الله عنه قال : قال رسول الله ﷺ : "شرّ الطعام طعام الوليمة يدعى لها الأغنياء ويترك الفقراء ...." . متفق عليه .

(ص/٢٧٨ ، باب الوليمة)=

والدین جہیز میں ضروری چیزیں دینے پر اکتفا کریں!

مسئلہ (۱۲۶): والدین کی طرف سے اپنی بیٹی ،لختِ جگر، نورِ نظر، راحتِ قلب وآرامِ جاں-کو رخصتی کے وقت جو سامان اور تحائف دیئے جاتے ہیں، اُسے ''جَھاز''یعنی سامانِ جہیز کہا جاتا ہے[۱]، ہمارے عُرف ورَواج میں والدین اپنی وسعت وحیثیت کے مطابق بیٹی کو کچھ نہ کچھ سامانِ جہیز دیتے ہیں، پس اگر یہ نام ونمود اور نمائش کے بغیر اور اپنی حیثیت کے مطابق ہو،تو بلا شبہ مباح ہے[۲]، لیکن لڑکے والوں کی طرف سے اس کا مطالبہ قطعاً حرام ہے، اور بہت سے مفاسد وخرابیوں کا باعث ہے، کہ جب لڑکے کی طرف سے اس کا مطالبہ ہوتا ہے، اور وہ باپ جس نے بڑی محنت ومشقت برداشت کرکے، رات دن کے آرام کو تَج دے کر، دوسروں کی غلامی ومزدوری کو قبول کرکے، اپنی اس لختِ جگر کو تعلیم وتربیت سے آراستہ کرکے، جوانی کی دہلیز تک پہنچایا، اور جب نکاح کا وقت قریب آیا،تو لڑکے نے سامانِ جہیز کی ایک ایسی طویل فہرست پیش کردی، جس کی تکمیل اُس کے بس سے باہر ہے،تو اس کا دل بیٹھ جاتا ہے، نگاہوں کے سامنے اندھیرا چھا جاتا ہے، مگر پھر بھی وہ اپنے اِس بیٹھے دل اور نگاہوں کے سامنے چھائے اندھیروں کے باوجود، اپنے ہونے والے داماد کے مطالبات کو پورا

=(۴) ما في '' الأشباه والنظائر لإبن نجيم '' : فإذا تعارضت مفسدة ومصلحة قدم دفع المفسدة غالبًا ، لأن اعتناء الشرع بالمنهيات أشد من اعتنائه بالمأمورات . (ص/۷۸ ، بیروت ، و ۱/۳۲۲ ، مکتبه فقیه الأمت دیوبند) (فتاویٰ حقانیہ:۴/ ۴۲۸، کتاب الفتاویٰ:۴/۴۲۳)=

کرنے اور اپنی عزت وآبرو بچانے کے لیے سعی وکوشش میں لگ جاتا ہے، جس کے لیے اُسے کبھی سود وزکوۃ کی رقم لینی پڑتی ہے، اور کبھی تو سودی قرض بھی (۳)، اس لیے علمائے کرام مُروّجہ جہیز سے گُریز کا حکم دیتے ہیں، یہ وہ لعنت ہے جس نے ہماری بہت سی بیٹیوں کو لباسِ عروسی پہننے سے پہلے لباسِ کفن پہننے پر مجبور کردیا، اس لیے نکاح کے موقع پر والدین اپنی خوش دلی وحیثیت کے مطابق ضروری چیزیں دینے پر اکتفا کریں (۴)، صلہ رحمی کے لیے آئندہ بھی زندگی باقی ہے۔

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " التعريفات الفقهية مع قواعد الفقه " : الجَهاز : ما زُفّت المرأة بها إلى زوجها من الأمتعة . (ص/۲۵۵، الجهاز)

(۲) ما في " سنن النسائي " : عن علي رضي الله قال : " جهّز رسول الله ﷺ فاطمة في خميل وقربة ووسادة حشوها اذخر " . (۲/۷۷ ، باب جهاز الرجل ابنته)

(۳) ما في " القرآن الكريم " : ﴿الذين يأكلون الربوا لا يقومون إلا كما يقوم الذي يتخبّطه الشطٰن من المسّ ذلک بانهم قالوا انما البيع مثل الربوا واحلّ الله البيع وحرّم الربوا﴾ .
(سورة البقرة : ۲۷۸)

ما في " التفسير المنير " : ومن عاد إلى أخذ الربوا بعد تحريم فقد استوجب العقوبة . (۱/۲۷۵)

ما في " فيض القدير " : " كل قرض جرّ منفعة فهو ربا " . (۵/۲۸، الرقم : ۶۳۳۶)

ما فی " سنن ابن ماجة " : عن عبد الله بن مسعود ، أن رسول الله ﷺ " لعن آكل الربوا وموكله وشاهديه وكاتبه " . (ص/۱۶۵ ، صحيح مسلم : ۲/۲۷)

(۴) ما في " مشكوة المصابيح " : عن أبي حرة الرقاشي عن عمه قال : قال رسول الله ﷺ : " ألا ! لا تظلموا ، ألا ! لا يحل مال امرئ إلا بطيب نفس منه " .
(ص/۲۵۵، سنن الدارقطني :۳/۲۲، السنن الكبرى للبيهقي :۶/۱۶۶، مسند أحمد :۱۵/۴۰۰ ، شعب الإيمان للبيهقي : ۴/۳۸۷) (فتاویٰ دار العلوم دیو بند، رقم الفتویٰ:۵۰۶۵۰)

رخصتی میں بلا وجہ تاخیر

مسئلہ (۱۲۷): جب کسی لڑکے کا کسی لڑکی سے شرعی طریقہ پر، شرعی گواہوں کی موجودگی میں ایجاب وقبول کے ذریعے نکاح ہوجائے، تو وہ دونوں اُسی وقت باہم میاں بیوی بن جاتے ہیں، اور دونوں کے لیے آپس میں میاں بیوی والے تمام تعلقات وروابط وغیرہ حلال وجائز ہوجاتے ہیں، البتہ چوں کہ رخصتی سے پہلے دونوں کی باہمی خفیہ ملاقاتیں معاشرے میں اچھی نہیں سمجھی جاتی ہیں، بلکہ اس طرح کے اِقدامات کو لڑکا اور لڑکی دونوں کے حق میں معیوب سمجھا جاتا ہے، اس لیے ایسی صورت میں بلا وجہ رخصتی کو مزید مؤخر نہ کر کے جلد از جلد رخصتی کرالینی چاہیے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الهداية " : النكاح ينعقد بالإيجاب والقبول بلفظين يعبر بهما عن الماضي ...... ولا ينعقد نكاح المسلمين إلا بحضور شاهدين حرين عاقلين بالغين مسلمين رجلين أو رجل وامرأتين .

(۲/۳۰۵، ۳۰۶، كتاب النكاح)

ما في " التنوير مع الدر والرد " : وينعقد ملتبسا بإيجاب من أحدهما وقبول من الآخر ..... وشرط حضور شاهدين حرين أو حر وحرتين مكلفين سامعين قولهما معا .

(۴/۶۸– ۹۱ ، كتاب النكاح ، شرح الوقاية : ۲/۳ – ۵، كتاب النكاح)

ما في " البحر الرائق " : ينعقد بالإيجاب والقبول حتى يتم حقيقته في الوجود والانعقاد هو ارتباط أحد الكلامين بالآخر على وجه يسمى باعتباره عقدا شرعا ويستعقب الأحكام . (۳/۱۴۴، كتاب النكاح)

ما في " الفتاوى الهندية " : وأما أحكامه (النكاح) فحل استمتاع كل منهما بالآخر على على الوجه المأذون فيه شرعاً . كذا في فتح القدير . وملك الحبس وهو صيرورتها ممنوعة عن الخروج والبروز ووجوب المهر والنفقة والكسوة عليه وحرمة المصاهرة والإرث من الجانبين . اهـ .

(۱/۲۷۰، كتاب النكاح ، قبيل الباب الثاني فيما ينعقد به النكاح وما لا ينعقد به)

(آپ کے مسائل اور ان کا حل: ۶/ ۸۶، ۸۷، جدید، فتاویٰ دار العلوم دیوبند، رقم الفتویٰ: ۵۰۸۹۵)

بیوی شوہر کو تکلیف دینے والی چیزوں سے پرہیز کرے

مسئلہ (۱۲۸): جب کوئی عورت کسی مرد کے نکاح میں آتی ہے، تو شریعتِ اسلامیہ کی جانب سے اس کے اوپر خاوند کے چند حقوق واجب ہوتے ہیں، مثلاً: خاوند کی فرمانبرداری کرنا، کوئی مانع نہ ہو تو شوہر کی خواہش کو پورا کرنا، اپنی عصمت وعزت، اور شوہر کے مال وجائداد کی حفاظت کرنا، اور ضروری اَخراجات میں اعتدال اختیار کرنا، خاوند کی اجازت کے بغیر گھر سے نہ نکلنا، خاوند جس کو ناپسند کرے اُس سے نہ ملنا، خاوند کی شکرگذاری کرنا، حسنِ معاشَرت یعنی اچھے اخلاق کا مظاہرہ کرنا، شوہر کو تکلیف دینے والی چیزوں سے پرہیز کرنا وغیرہ۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿الرّجال قوّامون على النساء بما فضّل الله بعضهم على بعض وبما انفقوا من اموالهم فالصّٰلحٰت قٰنتٰت حٰفظٰت للغيب بما حفظ الله﴾ . (سورة النساء: ۳۴)

ما في " سنن ابن ماجة " : عن عائشة أن رسول الله ﷺ قال : " لو أمرت أحدا أن يسجد لأحد ، لأمرت المرأة أن تسجد لزوجها ، ولو أن رجلا أمر امرأته أن تنقل من جبل أحمر إلى جبل أسود ، ومن جبل أسود إلى جبل أحمر ، لكان نولها أن تفعل " .

(ص/۱۳۳ ، كتاب النكاح ، باب حق الزوج على المرأة ، الرقم : ۱۸۵۲)

ما في " جامع الترمذي " : عن طلق بن علي قال : قال رسول الله ﷺ : " إذا الرجل دعا زوجته لحاجته فلتأته وإن كانت على التّنور " . (۱/۲۱۹ ، أبواب الرضاع والطلاق ، باب ما جاء في حق الزوج على المرأة ، الرقم : ۱۱۶۰)

وفيه أيضًا : عن سلمان بن عمرو بن الأحوص قال : حدثني أبي أنه شهد حجة الوداع مع رسول الله ﷺ ، فحمد الله وأثنى عليه ووعظ فذكر في الحديث قصة فقال : " ألا ! واستوصوا بالنساء خيرا فإنما هن عوان عندكم .... ألا ! ان لكم على نسائكم حقا=

....

= ولنسائكم عليكم حقا ، فأما حقكم على نسائكم فلا يوطئن فُرشكم من تكرهون ولا يأذن في بيوتكم لمن تكرهون " . الحديث . (۱/۲۲۰ ، الرقم :۱۱۶۳، سنن ابن ماجة :ص/۱۳۳ ، أبواب النكاح ، باب حق المرأة على الزوج ، الرقم : ۱۸۵۱)

ما في " القرآن الكريم " : ﴿ولهنّ مثل الذي عليهنّ بالمعروف وللرجال عليهنّ درجة والله عزيز حكيم﴾ . (سورة البقرة :۲۲۸)

ما في " صحيح مسلم " : عن أبي هريرة رضي الله عنه قال : قال رسول الله ﷺ : " إذا دعا الرجل امرأته إلى فراشه فلم تأته ، فبات غضبان عليها لعنتها الملائكة حتى تصبح " .

(۱/۴۶۴ ، كتاب النكاح ، باب تحريم امتناعها من فراش زوجها)

ما في " أحكام القرآن للجصاص " : ومما بيّن الله من حق الزوج على المرأة قوله تعالى : ﴿فالصّٰلحٰت قٰنتٰت حٰفظٰت للغيب بما حفظ الله﴾ فقيل فيه : " حفظ مائه في رحمها ولا تحتال في اسقاطه " ويحتمل : حفظ فراشها عليه ، ويحتمل : حافظات لما في بيوتهنّ من مال أزواجهنّ ولأنفسهن وجائز أن يكون المراد جميع ذلک لاحتمال اللفظ له ، وقال تعالى :﴿الرجال قوّامون على النساء﴾ قد أفاد ذلک لزومها طاعته ، لأن وصفه بالقيام عليها يقتضي ذلک . (۱/۴۵۳ ، ۴۵۴، سورة البقرة :۲۲۸، باب حق الزوج على المرأة وحق المرأة على الزوج)

ما في " أحكام القرآن لإبن العربي " : المسألة الحادية عشرة : قوله تعالى : ﴿وللرجال عليهنّ درجة﴾ هذا نصّ في أنه مفضل عليها مقدم في حقوق النكاح فوقها لكن الدرجة هاهنا مجملة غير مبيّن ما المراد بها .... فتعين أن يطلب ذلک بالحق في تقدمهن في النكاح فوجدناها على سبعة أوجه : الأول : وجوب الطاعة ، هو حق عام ، الثاني : حق الخدمة ، وهو حق خاص ، الثالث : حجر التصرف إلا بإذنه ، الرابع : أن تقدم طاعته على طاعة الله في النوافل فلا تصوم إلا بإذنه ولا تحج إلا معه ، الخامس : بذل الصداق ، السادس : إدرار الانفاق ، السابع : جواز الأدب له فيها ، وهذا مبيّن في قوله تعالى : ﴿الرجال قوّامون على النساء﴾ . (۱/۱۸۸، ۱۸۹، سورة البقرة :۲۲۸)

ما في " الموسوعة الفقهية " : حق الزوج على الزوجة من أعظم الحقوق ، بل إن حقه =

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

=عليها أعظم من حقها عليه لقول الله تعالى : ﴿ولهنّ مثل الذي عليهنّ بالمعروف وللرجال عليهنّ درجة﴾ .... ومن حقوق الزوج تسليم المرأة نفسها ، إذا استوفى عقد النكاح شروطه ووقع صحيحا فإنه يجب على المرأة تسليم نفسها إلى الزوج وتمكينه من الاستمتاع بها .... يجوز للمرأة أن تمنع عن تسليم نفسها في الحالات الآتية . [۱] عدم استيفائها للمهر المعجل . [۲] الصغر . [۳] المرض . يجب على المرأة طاعة زوجها .... من حق الزوج على زوجته تأديبها عند النشوز والخروج على طاعته .... من حق الزوج على زوجته ألا تأذن في بيته لأحد إلا بإذنه .... من حق الزوج على زوجته ألا تخرج من البيت إلا بإذنه .

(۳۰/ ۱۲۱– ۱۲۶ ، عشرة ، حقوق الزوج ، و۲۴/ ۵۷– ۵۹، زوج ، حقوق الزوج على زوجته) (خزینۃ الفقہ فی مسائل النکاح:ص/۲۵۰،عورتوں پر مردوں کے حقوق)

ما في " صحيح البخاري " : عن أبي سعيد الخدري قال : خرج رسول الله ﷺ في أضحى أو فطر إلى المصلى فمرّ على السناء فقال : " يا معشر النساء ! تصدّقن ، فإني أريتكنّ أكثر أهل النار " فقلن : وبم يا رسول الله ؟ قال : " تكثرن اللعن وتكفرن العشير " ... الحديث .

(۱/ ۴۴ ، كتاب الحيض ، باب ترک الحائض الصوم ، الرقم : ۳۰۴)

(ہدیۃ العروس:ص/ ۲۸۵-۲۹۵،خاوند کے حقوق)

شوہر بیوی کو تکلیف دینے والی چیزوں سے پرہیز کرے

مسئلہ (۱۲۹): ایک مرد جب کسی عورت سے نکاح کرتا ہے، تو شریعتِ اسلامیہ کی طرف سے اس کے اوپر بیوی کے چند حقوق واجب ہوتے ہیں، مہر، نفقہ، سُکنیٰ ؛ یعنی خوراک، پوشاک اور رہائش کا انتظام، ایک سے زائد بیویاں ہوں تو ان کے درمیان برابری کرنا، اور حسنِ معاشرت ؛ یعنی بیوی کے دین وایمان، عفت وعصمت، عزت وآبرو کی حفاظت کرنا، اس کے کھانے پینے، اور رہنے سہنے میں عمدگی کو ملحوظ رکھنا، کوئی ناگوار بات پیش آجائے، تو نرمی، شفقت اور حکمت سے اس کو سمجھانا، اس کے والدین، بھائی بہن، اور دیگر اعزا کی تعظیم وتکریم کرنا، اگر مرد اِن حقوق کو ادا کرتا ہے، تو اس کی ازدواجی زندگی، اختلاف وانتشار سے بچ جاتی ہے، اور گھر چین وسکون کا گہوارہ بن جاتا ہے۔(۱)

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الکریم " : ﴿وآتوا النساء صدُقٰتهنّ نحلة﴾ . (سورة النساء : ۴)

وفیه أیضًا : ﴿لینفق ذو سعة من سعته ومن قدر علیه رزقه فلینفق مما آتاه الله﴾ . (الطلاق:۷)

﴿فان خفتم الا تعدلوا فواحدة او ما ملکت ایمانکم﴾ . (النساء : ۱۹) ﴿وعاشروهنّ بالمعروف﴾ . (سورة النساء : ۱۹)

ما في " صحیح مسلم " : عن جابر بن عبد الله فسأل عن القوم حتی انتهی إلی .... فاتقوا الله في النساء فإنکم أخذتموهن بأمان الله واستحللتم فروجهنّ بکلمة الله ولکم علیهنّ أن لا یوطئن فرشکم أحدا تکرهونه فإن فعلن ذلک فاضربوهن ضربا غیر مبرّح ، ولهنّ علیکم رزقهن وکسوتهنّ بالمعروف " . الحدیث .

(۱/ ۳۹۷ ، کتاب الحج ، باب حجة النبي ﷺ)=

....

=ما في " التنوير مع الدر والرد " : النفقة هي الطعام والكسوة والسكنى .

(۲۷۸/۵، كتاب الطلاق ، باب النفقة)

ما في " القرآن الكريم " : ﴿ولهنّ مثل الذي عليهنّ بالمعروف﴾ . (سورة البقرة :۲۲۸)

ما في " جامع الترمذي " : عن أبي هريرة عن النبي ﷺ قال : " إذا كان عند الرجل امرأتان فلم يعدل بينهما جاء يوم القيامة وشقه ساقط " .

(۲۱۷/۱، أبواب النكاح ، باب ما جاء في التسوية بين الضرائر ، الرقم : ۱۱۴۱)

وفيه أيضًا : عن سليمان بن عمرو بن الأحوص قال : حدثني أبي أنه شهد حجة الوداع مع رسول الله ﷺ فحمد الله وأثنى عليه وذكر ووعظ فذكر في الحديث قصة ، فقال : " ألا ! واستوصوا بالنساء خيرا ، فإنما هنّ عوان عندكم ليس تملكون منهنّ شيئًا غير ذلك إلا أن يأتين بفاحشة مبيّنة .... ألا ! وحقهنّ عليكم أن تحسنوا إليهنّ في كسوتهنّ وطعامهنّ " .

(۲۲۰/۱ ، كتاب الرضاع ، باب ما جاء في حق المرأة على زوجها ، الرقم :۱۱۶۳)

ما في " الموسوعة الفقهية " : إذا وقع العقد صحيحا نافذا ترتب عليه آثاره وتشابه حقوق وهي ثلاثة أقسام : [۱] حقوق واجبة للزوجة على زوجها . [۲] حقوق مشتركة بينهما . [۳] وحقوق واجبة للزوج على زوجته . ۱۴– للزوجة على زوجها حقوق مالية وهي : المهر والنفقة والسكنى ، وحقوق غير مالية ؛ كالعدل في القسم بين الزوجات ، وعدم الإضرار بالزوجة . (۶۳/۲۴، زوجة ، حقوق الزوجة)

وفيه أيضًا : من حقوق المرأة على زوجها المهر ... ومن حقوق المرأة على زوجها النفقة ... ومن حق الزوجة على زوجها أن يقوم بإعفافها وذلك بأن يطأها ، وقد ذهب جمهور الفقهاء – الحنفية والمالكية والحنابلة إلى أنه يجب على الزوج أن يطأ زوجته .

(۱۲۶/۳۰، ۱۲۷، عشرة ، حقوق الزوجة)

ما في " الموسوعة الفقهية " : على الزوج إكرام زوجته وحسن معاشرتها ومعاملته لها بالمعروف وتقديم ما يمكن تقديمه إليها مما يؤلف قلبها ، قال تعالى : ﴿وعاشروهنّ بالمعروف﴾ ومن مظاهر إكمال الخلق ونمو الإيمان أن يكون المرء رقيقا مع أهله ، يقول الرسول ﷺ : " أكمل المؤمنين إيمانا أحسنهم خلقًا ، وخياركم خياركم لنسائهم خلقا،=

بیوی پر ساس سُسر کی خدمت

مسئلہ (۱۳۰): شوہر کی وجہ سے عورت کے ساس سُسر والدین کے حکم میں ہوتے ہیں، اور بہو بیٹی کے درجے میں ہوتی ہے، اس لیے عورت کو چاہیے کہ حسبِ ہمت وطاقت اپنے حقیقی ماں باپ اور شوہر کی طرح ساس سُسر کی بھی خدمت کرے، یہ درحقیقت شوہر کی خدمت کا حصہ ہے، اور اخلاقی تقاضا ہے، البتہ شرعی اعتبار سے عورت پر ساس سُسر کی خدمت نہ قضاءً واجب ہے اور نہ دیانۃً ،صرف شوہر کی خدمت دیانۃً واجب ہے، لہٰذا اگر وہ ساس سُسر کی خدمت کے لیے راضی نہ ہو، تو شوہر اسے اس پر مجبور نہیں کرسکتا، اور اگر وہ اپنی مرضی وخوشی سے ساس سُسر کی خدمت کرے، تو سُسر کی کوئی جسمانی خدمت نہ کرے، ورنہ

=وإكرام المرأة دليل على تكامل شخصية الرجل ، وإهانتها علامة الخسة واللؤم ، ومن إكرامها التلطف معها ومداعبتها .... ومن إكراهما أن يتجنب أذاها بالكلمة النابية .

(۵۹/۲۴، زوج ، ما ينبغي للزوج في معاملة زوجته) (فتاویٰ دار العلوم دیوبند، رقم الفتویٰ:۵۳۹۸۸)

ما في " سنن ابن ماجة " : عن حكيم بن معاوية عن أبيه أن رجلا سأل النبي صلی اللہ علیہ وسلم : ما حق المرأة على الزوج ؟ قال : " أن يطعمها إذا طعم ، وأن يكسوها إذا اكتسى ، ولا يضرب الوجه ولا يقبّح ولا يهجر إلا في البيت " .

(ص/۱۳۳، أبواب النكاح ، باب حق المرأة على الزوج ، الرقم : ۱۸۵۰)

ما في " الموسوعة الفقهية " : معنى العشرة بالمعروف التي أمر الله تعالى بها الأزواج في قوله تعالى : ﴿وعاشروهنّ بالمعروف﴾ هو : أداء الحقوق كاملة للمرأة مع حسن الخلق في المصاحبة ، وقال الجصاص : ومن المعروف أن يوفيها حقها من المهر والنفقة والقسم ، وترك أذاها بالكلام الغليظ والإعراض عنها والميل إلى غيرها وترك العبوس والقطوب في وجهها بغير ذنب . (۱۲۰/۳۰، ۱۲۱، عشرة ، معنى العشرة بالمعروف)=

شوہر سے اس کا رشتہ خراب ہوجانے کا اندیشہ ہے، اور ساس سُسر کو بھی چاہیے کہ بہو کو بیٹی کی طرح رکھیں، اور اس کی معمولی غلطیوں کو نظر انداز کردیا کریں، اور اگر کسی بات پر تنبیہ کرنا ہو، تو محبت وشفقت کے ساتھ تنبیہ کریں، اگر وہ ایسا کریں گے، تو ان شاء اللہ گھر کا ماحول عمدہ ہوگا، اور ساس بہو کے جھگڑوں سے گھر محفوظ رہے گا۔[1]

الحجة على ما قلنا :

=(۱) ما في " فتاوى قاضي خان " : وليس عليها أن تعمل بيديها شيئًا لزوجها قضاء من الخبز والطبخ وكنس البيت وغير ذلک .

(۱/۲۰۳، كتاب النكاح ، فصل في حقوق الزوجية)

ما في " البحر الرائق " : لو فرض ما يحتاج إليه من الدقيق والدهن واللحم والإدام فقالت : لا أعجن ولا أخبز ولا أعالج شيئًا من ذلک لا تجبر عليه وعلى الزوج أن يأتيها بمن يكفيها عمل ذلک . (۳۱۱/۴ ، كتاب الطلاق ، باب النفقة ، تحت قوله : ولخادم لو موسرًا ، الفتاوى الهندية : ۵۴۸/۱، كتاب الطلاق ، الباب السابع عشر في النفقات ، الفصل الأول في نفقة الزوجة)

ما في " الموسوعة الفقهية " : لا خلاف بين الفقهاء في أن الزوجة يجوز لها أن تخدم زوجها في البيت سواء أكانت ممن تخدم نفسها أو ممن لا تخدم نفسها إلا أنهم اختلفوا في وجوب هذه الخدمة ..... وذهب الحنفية إلى وجوب خدمة المرأة لزوجها ديانة لا قضاء .

(۴۴/۱۹ ، خدمة ، خدمة الزوج لزوجها وعكسه)

(فتاویٰ دار العلوم دیوبند، رقم الفتویٰ: ۵۲۸۲۲، آپ کے مسائل اور ان کا حل: ۳۱۱/۶)

(کتاب الفتاویٰ: ۴۰۹/۴، ۴۱۰)

ولیمہ یا عقیقہ وغیرہ میں ہدیہ کا لین دین

مسئلہ (۱۳۱): آج کل ولیمہ، عقیقہ وغیرہ کی دعوتوں میں یہ رَواج ہے کہ جن لوگوں کو دعوت دی جاتی ہے، وہ داعی کو ہدیہ یا تحفہ دیتے ہیں، اور جو شخص داعی ہوتا ہے وہ دعوت کے اخیر میں تمام ہدایا کا جائزہ لیتا ہے، پھر اس کو قلم بند کرتا ہے، اس کا مقصد یہ ہوتا ہے کہ جب ہدیہ دینے والے کے یہاں دعوت دی جائے گی، تو اسے بھی اتنا ہی دینا ہوگا، اور جو شخص ہدیہ دیتا ہے، اس کے ذہن میں بھی یہ ہوتا ہے کہ جب میری باری آئے گی، تو مجھ کو بھی اتنا ہدیہ ملنا چاہیے، یہ لازمی طور پر ہدایا وتحائف وغیرہ کا لین دین بلاوجہ زیر بار کرنے والی رسم ہے، اور ایک طرح کا خاندانی دباؤ ہے، اس میں زیادہ تر لین دین دل کی خوشی کے ساتھ نہیں ہوتا، بلکہ عزت بچانے کی خاطر ہوتا ہے، اور بہت سے کم وسعت والے لوگ ان رسوم کی ادائیگی میں مجبوراً مقروض بھی ہوجاتے ہیں، اس لیے ایسی رسومات ورَواج شرعاً درست نہیں، بلکہ قابلِ ترک ہیں۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿وما آتيتم من ربا ليربو في اموال الناس فلا يربو عند الله﴾ .

(سورة الروم : ۳۹)

ما في " سنن الدار قطني " : قوله ﷺ : " لا يحل مال امرئً مسلم إلا بطيب نفس منه " .

(۲۲/۳ ، كتاب البيوع ، رقم الحديث : ۲۸۶۲ ، مشكوة المصابيح : ص/۲۵۵ ، كتاب الغصب والعارية ، جمع الجوامع : ۷/۹ ، تتمة حرف اللام الألف ، رقم الحديث : ۲۶۷۵۹ ، السنن الكبرى للبيهقي : ۱۶۶/۶ ، كتاب الغصب ، مشكوة المصابيح : ص ۲۵۵ ،=

دعوتوں میں مدعوین کو بے مقصد انتظار کی کوفت برداشت کروانا

مسئلہ (۱۳۲): آج کل ولیمہ، عقیقہ، ونکاح کی اکثر وبیشتر تقریبات کا حال یہ ہے کہ دعوت نامے پر لکھے ہوئے اوقات قطعی طور پر بے معنیٰ ہوکر رہ گئے ہیں، جب کہ دنیا کا کوئی نظامِ فکر ایسا نہیں ہے جس میں وقت کو انسان کی سب سے بڑی دولت قرار دے کر، اس کی اہمیت پر زور نہ دیا گیا ہو، انسان کی زندگی کا ایک ایک لمحہ قیمتی ہے، اور جو قومیں وقت کی قدر پہچان کر اسے ٹھیک ٹھیک استعمال کرتی ہیں، وہی دنیا میں ترقی کی منزلیں طے کرتی ہیں، ستم ظریفی کی بات یہ ہے کہ ہم وقت کی یہ ناقدری اس دین اسلام کے نام لیوا ہونے کے باوجود کرتے ہیں، جس نے ہمیں یہ تعلیم دی ہے کہ ہر شخص کو اپنی زندگی کے ایک ایک لمحے کا حساب، آخرت میں دینا ہوگا(۱)، نیز دین اسلام نے دن بھر میں پنج وقتہ نماز باجماعت مقرر کرکے، دن کو پانچ حصوں میں تقسیم کردیا، شب وروز کا بہترین نظام الاوقات طے کرنا آسان بنادیا۔(۲)

یوں تو وقت ضائع کرنے کے مُظاہَرے ہم زندگی کے ہر شعبے میں کرتے ہیں، لیکن موجودہ دور میں تقریبات اور دعوتوں میں وقتِ مقررہ و طے شدہ کی پابندی نہ

= المسند للإمام أحمد بن حنبل :۴۰۰/۱۵، رقم الحديث:۲۰۹۸۰، شعب الإيمان للبيهقي:۳۸۷/۴ ، رقم الحديث: ۵۴۹۲)

ما في " الفتاوى الهندية " : لا يجوز لأحد من المسلمين أخذ مال أحد بغير سبب شرعي . كذا في البحر الرائق . (۱۶۷/۲ ، فصل في التعزير)

(فتاویٰ دارالعلوم زکریا:۵۵۹/۵، کفایت المفتی:۷۰/۹، اصلاح الرسوم:ص/۴۳)=

کرکے، ہم اپنا بھی اور سینکڑوں مدعوین کا بھی وقت برباد کرتے ہیں (۳)، لوگوں کو دعوت میں بلا کر انہیں غیر محدود مدت تک انتظار کی قید میں رکھنا (زحمت دینا) ان کے ساتھ ایسی زیادتی ہے، جس کے خلاف ایسے خوشی کے مواقع پر کوئی احتجاج کرنا آسان نہیں ہوتا، جب کہ مدعو حضرات میں بہت سے ایسے ہوتے ہیں کہ اگر ان کا وقت بچتا ہو، تو ملک وملت کے کسی مفید کام میں خرچ ہوتا، ایسے لوگوں کا وقت ضائع کر کے انہیں گھنٹوں بے مقصد بٹھائے رکھنا صرف ان پر ہی نہیں، بلکہ ملک وملت بھی پر ظلم ہے، یہ حقیقت میں دعوت نہیں، عداوت ہے۔ (۴)

ے کیا زمانے میں پنپنے کی یہی باتیں ہیں؟

الحجة على ما قلنا :

=(۱) ما في " جامع الترمذي " : " لا تزول قدما عبد حتى يسأل عن عمره فيما أفناه ، وعن عمله فيما فعل ، وعن ماله من أين اكتسبه ، وفيما أنفقه ، وعن جسمه فيما أبلاه " .

(۲/ ۶۷، أبواب صفة القيامة)

(۲) ما في " القرآن الكريم " : ﴿فإذا اطمأننتم فأقيموا الصلوة ان الصلوة كانت على المؤمنين كتبًا موقوتا﴾ . (سورة النساء : ۱۰۳) (ذکر وفکر: ص/ ۲۰۸-۲۱۲)

ما في " الموسوعة الفقهية " : الوقت في اللغة : مقدار من الزمن مفروض لأمر ما ، أو نهاية الزمان المفروض للعمل ، وكل شيء قدرتَ له حينا فقد وقّته توقيتا ، وكذلك ما قدرتَ له غاية ، ومنه قول الله تعالى : ﴿فإذا اطمأننتم فأقيموا الصلوة ان الصلوة كانت على المؤمنين كتبًا موقوتا﴾ . ... والوقت اصطلاحا – كما عرفه البركتي : المقدار من الدهر ، .... وقيل : هو مقدار من الزمن المفروض لأمر ما ، وقيل للعمل . (۴۴/ ۱۰۲، وقت)

(۳) ما في " صحيح البخاري " : عن ابن عباس رضي الله عنهما قال : قال النبي ﷺ : "نعمتان مغبون فيهما كثير من الناس ؛ الصحة والفراغ " . (ص/ ۱۱۴۴، الرقم : ۶۴۱۲،=

....

=كتاب الرقاق ، باب ما جاء في الرقاق وأن لا عيش إلا عيش الآخرة ، بيروت ، جامع الترمذي :۲/۵٦ ، كتاب الزهد ، رقم الحديث :۲۳۰۴ ، تحفة الألمعي :٦/۹۱، ۹۲، كتاب الزهد ، باب الصحة والفراغ : نعمتان مغبون الخ ، الرقم :۲۲۹۷)

ما في " شرح ابن بطال " : قال المؤلف : قال بعض العلماء : إنما أراد ﷺ بقوله : "الصحة والفراغ نعمتان " ، تنبيه أمته على مقدار عظيم نعمة الله على عباده في الصحة والكفاية ؛ لأن المرء لا يكون فارغًا حتى يكون مكيفًا مؤنة العيش في الدنيا ، فمن أنعم الله عليه بهما فليحذر أن يغبنهما ، ومما يستعان به على دفع الغبن أن يعلم العبد أن الله تعالى خلق الخلق من غير ضرورة إليهم ، وبدأهم بالنعم الجليلة من غير استحقاق منهم لها ، فمنّ عليهم بصحة الأجسام وسلامة العقول ، وتضمن أرزاقهم وضاعف لهم الحسنات ولم يضاعف عليهم السيئات ، وأمرهم أن يعبدوه ويعتبروا بما ابتدأهم به من النعم الظاهرة والباطنة ، ويشكروه عليها بأحرف يسيرة ، وجعل مدة طاعتهم في الدنيا منقضية بانقضاء أعمارهم ، وجعل جزاء هم على ذلك خلودا دائما في جنات لا انقضاء لها مع ما ذخر لمن أطاعه مما لا عين رأت ولا أذن سمعت ولا خطر على قلب بشر ، فمن أنعم النظر في هذا كان حريا ألا يذهب عنه وقت من صحته وفراغه إلا وينفقه في طاعة ربه ، ويشكره على عظيم مواهبه والاعتراف بالتقصير عن بلوغ كنه تأدية ذلك ، فمن لم يكن هكذا وغفل وسها عن التزام ما ذكرنا ، ومرت أيامه عنه في سهو ولهو وعجز عن القيام بما لزمه لربه تعالى فقد غبن أيامه ، وسوف يندم حيث لا ينفعه الندم .

(۱۰/۱۴۹، ۱۵۰، كتاب الرقاق ، باب لا عيش إلا عيش الآخرة ، ۳۵۴۵/۱– بيروت)

ما في " الألعاب الرياضية لعلي حسين أمين يونس " : يقول الشيخ الدكتور يوسف القرضاوي حفظه الله : والحق أن السفه في إنفاق الأوقات أشد خطراً من السفه في إنفاق الأموال .... لأن المال إذا ضاع قد يعود ، والوقت إذا ضاع لا عوض له.(ص/۳۲۰ ، مكتبة دار النفائس ، اردن)

(۴) ما في " جمع الجوامع " : قوله ﷺ : " من حسن إسلام المرء تركه ما لا يعنيه " .

(٦/۳۹۳ ، رقم الحديث : ۲۰۰۰۷)

ما في " مجمع الزوائد " : قوله ﷺ : " لا ضرر ولا ضرار في الإسلام " . (۴/۱۳۸، كتاب البيوع ، باب لا ضرر ولا ضرار ، سنن ابن ماجة :ص/۱۵۹ ، أبواب الأحكام ، التمهيد :۴/۲۸۴)

کتاب الرضاع

شیرخوارگی سے متعلق مسائل

بچہ کو کافرہ غیر مسلم عورت کا دودھ پلانا

مسئلہ (۱۳۳): کافرہ غیر مسلمہ عورت کا دودھ پاک ہے، اُس کا دودھ کسی بچے کو پلانا گناہ نہیں، بلکہ جائز ہے، لیکن جہاں تک ہو سکے مسلمان دین دار عورت کا دودھ پلایا جائے، کیوں کہ غیر مسلمہ کا دودھ پلانے کی وجہ سے اُس کے بُرے اخلاق وعادات بچے کے اندر سَرایت کر سکتے ہیں۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " البحر الرائق " : وفي المحيط : ولا ينبغي للرجل أن يُدخل ولده إلى الحَمقاء لترضعه ، لأن النبي عليه السلام نهى عن لبن الحمقاء وقال : اللبن يُعدي ، وإنما نهى لأن الدفع إلى الحمقاء يُعرّضُ ولده للهلاک بسبب قلّة حفظها له وتعهّدها أو لسوء الأدب فإنها لا تُحسنُ تأديبه فينشأ الولد سيء الأدب . (۳/۲۳۸ ، كتاب الرضاع ، دار المعرفة بيروت ، و۳/۳۸۷ ، كتاب الرضاع ، دار الكتب العلمية بيروت)

ما في " الموسوعة الفقهية " : قال أحمد بن حنبل : يكره الارتضاع بلبن الفجور ولبن المشركات ؛ لأنه ربما أفضى إلى شبه المرضعة في الفجور ، ويجعلها أما لولده فيتعير بها ، ويتضرر طبعا وتعيرا ، والارتضاع من المشركة يجعلها ، أما لها حرمة الأم مع شركها ، وربما مال إليها المرتضع وأحب دينها ، وروي عن عمر بن الخطاب وعمر بن عبد العزيز أنهما قالا : اللبن يشتبه ، فلا تستق من يهودية ولا نصرانية ولا زانية ، ويكره بلبن الحمقاء كي لا يشبهها الطفل في الحمق .

(۲۲/۲۵۵ ، الارتضاع بلبن الفجور ، إرضاع ، المغني لإبن قدامة :۸/۱۹۴ ، مكتبة القاهرة)

ما في " المبسوط للسرخسي " : ثم بدأ الباب بحديث زيد بن علي قال رسول الله صلى الله عليه وسلم :=

کتاب الطلاق

طلاق سے متعلق مسائل

بلا معقول وجہ کے طلاق دینا سخت گناہ ہے

مسئلہ (۱۳۴): نکاح سے پہلے میاں بیوی میں سے کسی ایک کے، یا دونوں کے کسی مرد وعورت کے ساتھ ناجائز تعلقات تھے، مگر نکاح کے بعد دونوں کا کردار صحیح ہوجائے، تو اب مرد کے لیے جائز نہیں کہ بیوی کے سابقہ ناجائز تعلقات کی بنیاد پر اُسے طلاق دیدے، کیوں کہ بلا معقول وجہ کے طلاق دینا سخت گناہ ہے(۱)، اسی طرح شوہر کے سابقہ ناجائز تعلقات کو بنیاد بنا کر عورت کے لیے اُس سے طلاق کا مطالبہ کرنا بھی درست نہیں ہے، کیوں کہ بلا معقول وجہ کے طلاق کا مطالبہ کرنے والی عورت کے سلسلے میں بڑی سخت وعید آئی ہے کہ اِس طرح کی عورت پر جنت کی خوشبو حرام ہے۔(۲)

= ''لا ترضع لكم الحمقاء فإن اللبن يفسد'' . وهو كما قال رسول الله ﷺ : فإن اللبن في حكم جزء من عينها ؛ لأنه يتولد منها فتؤثر فيه حماقتها ويظهر أثر في ذلك الرضيع لما للغذاء من الأثر ونظيره ما روي عن النبي ﷺ أنه قال : '' لا ترضع لكم سيئة الخلق '' .

(۱۵/ ۱۳۲، كتاب الإجارة ، باب إجارة الظئر ، دار الكتب العلمية بيروت)

(فتاویٰ دار العلوم دیو بند، رقم الفتویٰ: ۵۵۴۷۵)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في '' القرآن الكريم '' : ﴿فان اطعنكم فلا تبغوا عليهنّ سبيلا﴾ . (النساء : ۳۴)

ما في '' سنن أبي داود '' : عن ابن عمر عن النبي ﷺ قال : '' أبغض الحلال إلى اللّٰه عزّ =

....

....

=وجلّ الطلاق " . (ص/۲۹۶، كتاب الطلاق ، با ب في كراهية الطلاق)
ما في " رد المحتار " : فحيث تجرد عن الحاجة المبيحة له شرعًا يبقى على أصله من الحظر، ولهذا قال تعالى : ﴿فان اطعنكم فلا تبغوا عليهنّ سبيلا﴾ . [النساء :۳۴] أي لا تطلبوا الفراق، وعليه حديث " أبغض الحلال إلى الله الطلاق " . قال في الفتح : ويحمل لفظ المباح على ما أبيح في بعض الأوقات : أعني أوقات تحقق الحاجة المبيحة . اهـ . وإذا وجدت الحاجة المذكورة أبيح ، وعليها يحمل ما وقع منه ﷺ ومن أصحابه وغيرهم من الأئمة صونًا لهم عن العبث والإيذاء بلا سبب ، فقوله في البحر : إن الحق إباحته لغير حاجة طلبًا للخلاص منها ، إن أراد بالخلاص منها الخلاص بلا سبب كما هو المتبادر منه فهو ممنوع لمخالفته لقولهم : إن إباحته للحاجة إلى الخلاص ، فلم يبيحوه إلا عند الحاجة إليه لا عند مجرد إرادة الخلاص . اهـ . (۴۲۸/۴ ، كتاب الطلاق ، بيروت)
ما في " الموسوعة الفقهية " : ويكون مكروها إذا لم يكن ثمة من داعٍ إليه مما تقدم وقيل : هو حرام في هذه الحالة ، لما فيه من الإضرار بالزوجة من غير داعٍ إليه .
(۹/۲۹، طلاق ، الحكم التكليفي للطلاق)
(۲) ما في " مشكوة المصابيح " : عن ثوبان قال : قال رسول الله ﷺ : " أيما امرأة سألت زوجها طلاقا في غير ما بأس فحرام عليها رائحة الجنة " . (ص/۲۸۳، كتاب النكاح ، باب الخلع والطلاق ، سنن أبي داود :ص/۳۰۳ ، باب الخلع ، جامع الترمذي : ۲۲۶/۱، أبواب الطلاق واللعان ، باب ما جاء في المختلعات ، الرقم : ۱۱۸۷ ، قديمي)
ما في " مرقاة المفاتيح " : أما ما روي (لعن الله كل ذواق مطلاق) فمحمله الطلاق لغير حاجة بدليل ما روي من قوله ﷺ " أيما امرأة اختلعت من زوجها بغير نشوز فعليها لعنة الله والملائكة والناس أجمعين " . ولا يخفى أن كلامهم فيما سيأتي من التعليل يصرح بأنه محظور لما فيه من كفران نعمة النكاح . (۳۸۷/۶ ، باب الخلع والطلاق)
(فتاویٰ اشاعت العلوم اکل کوا غیر مطبوعہ، ۲۱۷، رج:۳، فتاویٰ دار العلوم دیو بند، رقم الفتویٰ:۵۵۶۸۹)

طلاق غصہ نکالنے کا ذریعہ نہیں

مسئلہ (۱۳۵): آج کل لوگوں نے طلاق کو غصہ نکالنے کا ایک ذریعہ سمجھ لیا ہے، جہاں میاں بیوی میں کوئی اختلاف پیش آیا، اور نوبت غصہ اور اشتعال تک پہنچی، شوہر نے فوراً طلاق کے الفاظ زبان سے نکال دیئے، حالاں کہ طلاق کوئی گالی گلوچ نہیں ہے، جو غصہ کو ٹھنڈا کرنے کے لیے دے دی جائے، یہ رشتۂ نکاح ختم کرنے کا وہ انتہائی اِقدام ہے جس کے نتائج بڑے سنگین ہیں، اس سے صرف نکاح کا رشتہ ہی ختم نہیں ہوتا، بلکہ خاندانی زندگی کے بہت سے مسائل کھڑے ہوجاتے ہیں، میاں بیوی ایک دوسرے کے لیے اجنبی بن جاتے ہیں، بچوں کی پرورش کا نظام درہم برہم ہوجاتا ہے، اَملاک کی تقسیم میں پیچیدگی پیدا ہوتی ہے، مہر، نفقہ اور عدت کے معاملات پر اس کا اثر پڑتا ہے، غرض کہ نہ صرف میاں بیوی، بلکہ ان کی اولاد، پورے خاندان پر اس کے دوررَس اثرات پڑتے ہیں، یہی وجہ ہے کہ اسلام نے جہاں ضرورۃً طلاق کی اجازت دی ہے، وہاں اسے ''ابغض المباحات'' یعنی جائز کاموں میں اللہ کو سب سے زیادہ مبغوض وناپسندیدہ قرار دیا ہے۔ (۱)

اس لیے اگر اصلاح ونباہ کی تمام کوششیں بالکل ناکام ہوجائیں، اور طلاق دینا ناگزیر ہوجائے، تو قرآن کریم میں یہ حکم دیا گیا کہ شوہر اپنی بیوی کو ایسے طہر (پاکی) میں صرف ایک طلاق دے، جس میں دونوں کے درمیان وظیفۂ زوجیت ادا کرنے کی نوبت نہ آئی ہو۔ (۲)

ہمارے معاشرے میں طلاق کے بارے میں انتہائی سنگین غلط فہمی پھیل گئی ہے، کہ تین طلاق سے کم طلاق کو، طلاق ہی نہیں سمجھا جاتا، حالاں کہ طلاق کا صحیح اور احسن طریقہ یہی ہے کہ صرف ایک مرتبہ طلاق کا لفظ کہا یا لکھا جائے، اس طرح طلاق ہوجاتی ہے، اور عدت کے اندر رُجوع، اور عدت کے بعد بغیر حلالہ کے نکاح ممکن باقی رہتا ہے، جب کہ تین مرتبہ طلاق کا لفظ استعمال کرنا شرعاً گناہ ہے، اور اس کے بعد رُجوع یا بغیر حلالہ کے نکاح کا کوئی راستہ باقی نہیں رہتا(۳)، اس لیے اس بات کو عام کرنے کی ضرورت ہے کہ اگر طلاق کی نوبت آجائے، تو صرف ایک طلاق دی جائے، عدت گزر جانے پر نکاح کا رشتہ شرافت کے ساتھ خود بخود ختم ہوجائے گا، اور میاں بیوی دونوں اپنے مستقبل کے لیے کوئی فیصلہ کرنے میں آزاد ہوں گے۔

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿فان اطعنكم فلا تبغوا عليهنّ سبيلا﴾ . (النساء : ۳۴)

ما في " سنن أبي داود " : عن ابن عمر عن النبي ﷺ قال : " أبغض الحلال إلى الله عزّ وجلّ الطلاق " . (ص/ ۲۹۶، كتاب الطلاق ، باب في كراهية الطلاق)

ما في " رد المحتار " : فحيث تجرد عن الحاجة المبيحة له شرعًا يبقى على أصله من الحظر، ولهذا قال تعالى : ﴿فان اطعنكم فلا تبغوا عليهنّ سبيلا﴾ . [النساء : ۳۴] أي لا تطلبوا الفراق، وعليه حديث " أبغض الحلال إلى الله الطلاق " . قال في الفتح : ويحمل لفظ المباح على ما أبيح في بعض الأوقات : أعني أوقات تحقق الحاجة المبيحة . اهـ . وإذا وجدت الحاجة المذكورة أبيح ، وعليها يحمل ما وقع منه ﷺ ومن أصحابه وغيرهم من الأئمة صونًا لهم عن العبث والإيذاء بلا سبب ، فقوله في البحر : إن الحق إباحته لغير حاجة طلبًا للخلاص منها ، إن أراد بالخلاص منها الخلاص بلا سبب كما هو المتبادر منه فهو ممنوع لمخالفته لقولهم : إن إباحته للحاجة إلى الخلاص ، فلم يبيحوه إلا عند الحاجة إليه=

....

= لا عند مجرد إرادة الخلاص . اهـ . (۴/۴۲۸ ، كتاب الطلاق ، بيروت)
ما في " الموسوعة الفقهية " : ويكون مكروها إذا لم يكن ثمة من داعٍ إليه مما تقدم وقيل : هو حرام في هذه الحالة ، لما فيه من الإضرار بالزوجة من غير داعٍ إليه .
(۲۹/۹ ، طلاق ، الحكم التكليفي للطلاق)
(۲) ما في " القرآن الكريم " : ﴿الطلاق مرّتٰن فامساكٌ بمعروف او تسريحٌ باحسان﴾ .
(سورة البقرة : ۲۲۹)
ما في " اللباب في شرح الكتاب [شرح القدوري] " : الطلاق على ثلاثة أوجه : أحسن الطلاق ، وطلاق السنة ، وطلاق البدعة ، فأحسن الطلاق : أن يطلق الرجل امرأته تطليقة واحدة في طهر لم يجامعها فيه ويتركها حتى تنقضي عدتها .
(۱/۱٦۷ ، ۱٦۸ ، كتاب الطلاق ، قديمي كتب خانه كراچي)
ما في " الموسوعة الفقهية " : الطلاق الرجعي هو : ما يجوز معه للزوج ردّ زوجته في عدتها من غير استئناف عقد . (۲۹/۲۹ ، الطلاق ، ثانيا : الرجعي والبائن)
(۳) ما في " القرآن الكريم " : ﴿فان طلّقها فلا تحلّ له من بعد حتى تنكح زوجًا غيره﴾ .
(سورة البقرة : ۲۳۰)
ما في " التفسير المظهري " : ﴿فان طلّقها فلا تحلّ له من بعد﴾ لأن قوله تعالى : ﴿الطلاق﴾ على هذا التأويل يشتمل الطلقات الثلاث أيضًا ، وعلى كلا التأويلين يظهر أن جمع التطليقتين أو ثلاث تطليقات بلفظ واحد ، أو بألفاظ مختلفة في طهر واحد حرام بدعة مؤثم ، خلافًا للشافعي ، فإنه يقول : لا بأس به ، لكنهم أجمعوا على أنه من قال لامرأته : أنت طالق ثلاثا ، يقع ثلاثا بالإجماع . (۱/۳۳۴)
ما في " مشكوة المصابيح " : عن عائشة قالت : جاء ت امرأة رفاعة القرظي إلى رسول الله ﷺ فقالت : إني كنت عند رفاعة فطلقني فبتّ طلاقي فتزوجت بعده عبد الرحمن بن الزبير وما معه إلا مثل هدبة الثوب فقال : أتريدين أن ترجعي إلى رفاعة قالت : نعم ، قال : لا ، حتى تذوقي عسيلته ويذوق عسيلتك " . متفق عليه .
(ص/۲۸۴ ، كتاب الطلاق ، باب المطلقة ثلاثا ، المبسوط للسرخسي : ۶/۱۰)=

موبائل پر میسیج کے ذریعے طلاق

مسئلہ (۱۳۶): اگر شوہر اپنی بیوی کو مخاطب بنا کر موبائل پر میسیج کے ذریعے تین طلاق لکھ کر بیوی کے پاس بھیج دے، اور شوہر میسیج بھیجنے کا اقرار کرتا ہو، تو اس سے بہر حال طلاق پڑ جائے گی، خواہ طلاق کی نیت کرے یا نہ کرے، جتنی طلاق لکھی ہوگی اتنی پڑے گی۔ (۱)

=ما في " بدائع الصنائع " : وأما الطلقات الثلاث : فحكمها الأصلي هو زوال الملك وزوال حلّ المحلّية أيضًا حتى لا يجوز له نكاحها قبل التزوج بزوج آخر لقول عزّ وجلّ : ﴿فان طلّقها فلا تحل له من بعد حتى تنكح زوجا غيره﴾ . [البقرة : ۲۳۰] وسواء طلقها ثلاثا متفرقا أو جملة واحدة . (۴۰۳/۴ ، كتاب الطلاق ، فصل في حكم الطلاق البائن ، بيروت)
ما في " الهداية " : إن كان الطلاق ثلاثا في الحرّة .... لم تحل له حتى تنكح زوجا غيره نكاحا صحيحا ، ويدخل بها ثم يطلقها أو يموت عنها . (۳۷۹/۱ ، باب الرجعة ، الفتاوى الهندية : ۴۷۳/۱ ، كتاب الطلاق ، فصل فيما تحل به المطلقة وما يتصل به)(ذکروفکر:ص/۳۱۹-۳۲۴)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الفتاوى الهندية " : ثم المرسومة – أما إن أرسل الطلاق بأن كتب أما بعد ! فأنت طالق ، فكما كتب هذا يقع الطلاق .

(۳۷۸/۱ ، كتاب الطلاق ، الفصل السادس في الطلاق بالكتابة)

ما في " الدر المختار مع الشامية " : ولو كتب على وجه الرسالة والخطاب كأن يكتب : يا فلانة ! إذا أتاك كتابي هذا فأنت طالق ، طلقت بوصول الكتاب . جوهرة . (الدر) . وفي الشامية : وإن كانت مرسومة يقع الطلاق نوى أو لم ينو ، ثم المرسومة لا تخلو أما إن أرسل الطلاق بأن كتب أما بعد ! فأنت طالق ، فكما كتب هذا يقع الطلاق .

(۴۵۶/۴ ، كتاب الطلاق ، مطلب في الطلاق بالكتابة ، بيروت)

ما في " الموسوعة الفقهية " : قال الحنفية : الكتابة إذا كانت مستبينة ومرسومة يقع=

ایک مجلس میں تین طلاق

مسئلہ (۱۳۷): جمہور علمائے سلف وخلف کا مسلک یہ ہے کہ ایک مجلس میں تین مرتبہ طلاق دینے سے تینوں طلاقیں واقع ہوجاتی ہیں(۱)، اور بیوی مُغلَّظہ بائنہ ہوکر شوہر پر حرام ہوجاتی ہے، اور شوہر کے لیے رجعت کی کوئی گنجائش باقی نہیں رہتی، اب بغیر حلالۂ شرعی میاں بیوی کا ایک ساتھ رہنا حرام ہوگا، عورت کو چاہیے کہ عدت گذارے، عدت گذار کر اگر وہ کسی مرد سے نکاح کرلے، اور وہ مرد اس سے صحبت کے بعد اُس کو طلاق دیدے، یا اپنی طبعی موت مرجائے، پھر عورت عدتِ طلاق یا وفات گذار کر- اگر اپنے سابق شوہر سے نکاح کرنا چاہے، تو کرسکتی ہے، اِس کے علاوہ دوبارہ نکاح کرنے کی کوئی اور صورت نہیں ہے۔(۲)

= الطلاق بها ، نوى أو لم ينو ..... والكتابة المستبينة هي : ما يكتب على الصحيفة والحائط والأرض على وجه يمكن فهمه وقراء ته .

(۲۵/۲۹ ، طلاق ، شروط الكتابة ، الشرط الثاني أن تكون مرسومة)

ما في " الأصول والقواعد للفقه الإسلامي " : " الكتاب كالخطاب " .

(ص/ ۲۱۹ ، قاعدة : ۲۳۱) (فتاویٰ دار العلوم دیوبند، رقم الفتویٰ: ۵۶۳۰۵)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿الطلاق مرّتٰن فامساکٌ بمعروف او تسریحٌ باحسان﴾ .

(سورة البقرة : ۲۲۹)

ما في " التفسير المظهري " : ﴿فان طلّقها فلا تحلّ له من بعد﴾ لأن قوله تعالى : ﴿الطلاق﴾ على هذا التأويل يشتمل الطلقات الثلاث أيضًا ، وعلى كلا التأويلين يظهر أن جمع التطليقتين أو ثلاث تطليقات بلفظ واحد ، أو بألفاظ مختلفة في طهر واحد حرام بدعة=

بغیر ارادہ کے اپنی بیوی کو بہن کہہ دینا

مسئلہ (۱۳۸): اگر کوئی شخص بغیر ارادے کے اپنی بیوی کو بہن کہہ دے، تو اس کا یہ کہنا اگرچہ ناپسندیدہ اور مکروہ ہے، اِس سے بچنا چاہیے، مگر اِس سے اُس کے نکاح پر کوئی اثر نہیں پڑتا۔ (۱)

= مؤثم ، خلافًا للشافعي ، فإنه يقول : لا بأس به ، لكنهم أجمعوا على أنه من قال لامرأته : أنت طالق ثلاثا ، يقع ثلاثا بالإجماع . (۱/۳۳۴)

ما في " بدائع الصنائع " : وأما الطلقات الثلاث : فحكمها الأصلي هو زوال الملک وزوال حلّ المحلّية أيضًا حتى لا يجوز له نكاحها قبل التزوج بزوج آخر لقول عزّ وجلّ : ﴿فان طلّقها فلا تحل له من بعد حتى تنكح زوجا غيره﴾ . [البقرة : ۲۳۰] وسواء طلقها ثلاثا متفرقا أو جملة واحدة . (۴/۴۰۳ ، كتاب الطلاق ، فصل في حكم الطلاق البائن ، بيروت)

ما في " الهداية " : إن كان الطلاق ثلاثا في الحرّة .... لم تحل له حتى تنكح زوجا غيره نكاحا صحيحا ، ويدخل بها ثم يطلقها أو يموت عنها . (۱/۳۷۹ ، باب الرجعة ، الفتاوى الهندية : ۱/۴۷۳ ، كتاب الطلاق ، فصل فيما تحل به المطلقة وما يتصل به)

(۲) ما في " القرآن الكريم " : ﴿فان طلّقها فلا تحلّ له من بعد حتى تنكح زوجًا غيره﴾ .
(سورة البقرة : ۲۳۰)

ما في " مشكوة المصابيح " : عن عائشة قالت : جاء ت امرأة رفاعة القرظي إلى رسول الله ﷺ فقالت : إني كنت عند رفاعة فطلقني فبتّ طلاقي فتزوجت بعده عبد الرحمن بن الزبير وما معه إلا مثل هدبة الثوب فقال : أتريدين أن ترجعي إلى رفاعة قالت : نعم ، قال : لا ، حتى تذوقي عسيلته ويذوق عسيلتک " . متفق عليه . (ص/۲۸۴، كتاب الطلاق ، باب المطلقة ثلاثا ، المبسوط للسرخسي : ۶/۱۰) (فتاویٰ دار العلوم دیوبند، رقم الفتویٰ:۵۵۹۴۳)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " سنن أبي داود " : عن أبي تميمة الهجيمي أن رجلا قال لامرأته : يا أخية ! فقال رسول الله ﷺ : " أختک هي ؟ فكره ذلک ونهى عنه " . (ص/۳۰۱، كتاب الطلاق ،=

....

....

....

....

....

....

....

....

=باب في الرجل يقول لامرأته يا أختي ، الرقم : ۲۲۱۰)
ما في " بذل المجهود " : وإنما كره ذلک لأن قرابة الأخوة محرمة ، فكونها أختا له مظنة التحريم ، ويحتمل أن يكون النهي عنه والكراهة سدا للباب ، فإنه يحتمل أنه إذا لم ينبه على ذلک يعتدون فيه ، ويمكن أن يتكلموا بلفظ يؤدي إلى الظهار فتحرم عليه ، وتجب الكفارة أو الفراق إذا نوى الظهار . قلت : وينبغي أن يعتاد ذلک ، ولا يتكلم بها إلا بضرورة دعت إليه ، وأما من غير ضرورة فيكره التكلم بذلک .
(۸/۲۱۷، ۲۱۸، دار البشائر الإسلامية بيروت)
ما في " الدر المختار مع الشامية " : ويكره قوله : أنت أمي ويا بنتي ويا أختي ونحوه . در مختار . وفي الشامية : فقد صرّحوا بأن قوله لزوجته : يا أخية مكروه ، وفيه حديث رواه أبو داود " ان رسول الله ﷺ سمع رجلا يقول لامرأته يا أخية ، فكره ذلک ونهى عنه " ، ومعنى النهي قربة من لفظ التشبيه ، ولو لا هذا الحديث لأمكن أن يقول : هو ظهار ، لأن التشبيه في أنت أمي أقوى منه مع ذكر الأداة ، ولفظ يا أخية استعارة بلا شک ، وهي مبنية على التشبيه ، لكن الحديث أفاد كونه ليس ظهارًا حيث لم يبين فيه حكمًا سوى الكراهة والنهي . (۵/۱۳۱ ، كتاب الطلاق ، باب الظهار ، مطلب بلاغات محمد رحمه الله مسندة ، البحر الرائق :۴/۱۶۵ ، ۱۶۶ ، كتاب الطلاق ، باب الظهار ، النهر الفائق :۲/۴۵۲، ۴۵۳، كتاب الطلاق ، باب الظهار) (فتاویٰ محمودیہ:۱۹/ ۳۵۵،۳۵۶،فتاویٰ بنوریہ،رقم الفتویٰ:۱۵۲۷۸)

کتاب النفقة والحضانة

نان ونفقه اور پرورش سے متعلق مسائل

شادی سے قبل عورت کا نان ونفقہ

مسئلہ (۱۳۹): عورت کا نان ونفقہ شادی سے قبل والد اور بھائیوں کے ذمہ لازم ہوتا ہے، اور شادی کے بعد یہ ذمہ داری شوہر پر عائد ہوتی ہے، اس لیے بلاضرورتِ شدیدہ خواتین کے لیے گھر سے باہر نکلنا اور اِس پُرفتن دور میں ملازمت کرنا مناسب نہیں [۱]، تاہم اگر ملازمت کی جگہ اور آمد ورفت کے راستے محفوظ ہوں، اور اس میں کسی طرح بے پردگی، غیرمحرم سے اختلاط نہ ہوتا ہو، تو ایسی جگہ ملازمت کی گنجائش ہے۔ [۲]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " التنوير وشرحه مع الشامية " : وكذا تجب لولده الكبير العاجز عن الكسب كأنثى مطلقًا . تنوير مع الدر . وفي الشامية : قال رحمه الله تعالى : قوله : (كأنثى مطلقًا) أي ولو لم يكن بها زمانة تمنعها عن الكسب ، فمجرد الأنوثة عجز ، إلا إذا كان لها زوج فنفقتها عليه ما دامت زوجة ...... وتقدم أنه ليس للأب أن يؤاجرها في عمل أو خدمة .

(۵/ ۳۴۱ ، كتاب الطلاق ، باب النفقة ، مطلب : الكلام على نفقة الأقارب ، بيروت)

ما في " البحر الرائق " : فنفقة المرأة الصحيحة الفقيرة على محرمها .

(۳۵۶/۴ ، كتاب الطلاق ، باب النفقة)

(۲) ما في " القرآن الكريم " : ﴿وقرن في بيوتكنّ ولا تبرّجن تبرّج الجاهلية﴾ .

(سورة الأحزاب : ۳۳)

ما في " حجة الله البالغة " : ولما كانت الحاجات متنازعة محوجة إلى المخالطة وجب أن=

بچے کی پرورش شرعاً واجب ہے

مسئلہ (۱۴۰): بچے کی حضانت یعنی پرورش شرعاً واجب ہے، اور یہ فریضہ اصلاً ماں کا ہے، اس کو یہ کام انجام دینا چاہیے، اگر ماں نہ ہو، اور حضانت کی حق دار اگر ایک ہی عورت موجود ہو، تو بچے کی پرورش اس پر واجب عینی ، اور متعدد ہوں تو واجب کفائی ہے۔ (۱)

= يجعل ذلک على مراتب بحسب الحاجات ، فشرع النبي ﷺ وجوهًا من السنن ، أحدها : ألا تخرج المرأة من بيتها إلا لحاجة لا تجد منها بدا . (۲/۲۱۹ ، من أبواب تدبير المنزل ، ذكر العورات) (فتاویٰ بنوریہ، رقم الفتویٰ: ۱۸۲۷۸، اٹھارہواں فقہی سمینار [مدورائی] بتاریخ: ۲-۴، ربیع الاول ۱۴۳۰ھ مطابق ۲۸ر فروری-۲ر مارچ ۲۰۰۹ء)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " التنوير مع الدر والرد " : تربية الولد (ثبتت للأم) النسبية (ولو بعد الفرقة) .... ولو لم يوجد غيرها أجبرت بلا خلاف . فتح . (تنوير مع الدر) وفي الشامية : قوله : (أجبرت بلا خلاف) ولو وجد غيرها لم تجبر بلا خلاف أيضًا على ما ذكرناه .... قلت : ويؤخذ من هذا التوفيق بين القولين ، وذلک أن ما في المحيط يدل على أن لكل من الحاضنة والمحضون حقا في الحضانة ، ومثله ما قدمناه عن المفتي أبي السعود ، فقول من قال : إنها حق الحاضنة فلا تجبر ، محمول على ما إذا لم تتعين لها ، واقتصر على أنها حقها ، لأن المحضون حينئذ لا يضيع حقه لوجود من يحضنه غيرها ، ومن قال : إنها حق المحضون فتجبر ، محمول على ما إذا تعينت واقتصر على أنها حقه لعدم من يحضنه غيرها .
(۵/۲۵۲ ، ۲۵۳ ، ۲۵۹ ، كتاب الطلاق ، باب الحضانة)

ما في " البحر الرائق " : (أحق بالولد أمه قبل الفرقة وبعدها ثم أم الأم ثم أم الأب ، ثم الأخت لأب وأم) واختلفوا في وجوب الحضانة على الأم ونحوها من النساء وفي جبرها إذا امتنعت فصرح في الهداية بأنها لا تجبر لأنها عست أن تعجز عن الحضانة وصححه في التبيين ،=

حق پرورش کب ساقط ہوگا؟

مسئلہ (۱۴۱): پرورش کے لیے بچہ ماں کے پاس اس وقت تک رہے گا، جب تک اپنی بنیادی ضروریات، مثلاً کھانا پینا اور استنجا کے لائق نہ ہوجائے، لڑکے میں یہ عمر سات سال ہے، کیوں کہ عام طور پر وہ سات سال میں اِن چیزوں پر قادر ہوجاتا ہے، اورلڑکی بالغہ یا قریب البلوغ ہونے تک ماں کے پاس رہے گی[1]، پرورش کرنے والے کا عاقل، بالغ، امانت داراور پرورش پر قدرت رکھنے والا ہونا ضروری ہے[2]، اور پرورش کرنے والی عورت ہو، تو یہ بات بھی ضروری ہے کہ وہ جس شخص کے نکاح میں ہو، وہ زیر پرورش بچے کا غیر محرم نہ

=وفي الولوالجية : وعليه الفتوى ، وفي الواقعات : والفتوى على عدم الجبر لوجهين : أحدهما أنها ربما لا تقدر على الحضانة ، والثاني أن الحضانة حق الأم والمولى ولا يجبر على استيفاء حقه . اهـ . وفي الخلاصة : وقال مشايخنا : ولا تجبر الأم عليها وكذلك الخالة إذا لم يكن لها زوج لأنها ربما تعجز عن ذلك . اهـ . فأفاد أن غير الأم كالأم في عدم الجبر بل هو بالأولى كما في الولوالجية ..... لكن قيده في الظهيرية بأن لا يكون للصغير ذو رحم محرم فحينئذ تجبر الأم كيلا يضيع الولد ، أما إذا كان له جدة مثلا وامتنعت الأم من إمساكه ورضيت الجدة بإمساكه فإنه يدفع إلى الجدة لأن الحضانة كانت حقا لها . (۲۷۹/۴–۲۸۱، كتاب الطلاق ، باب الحضانة ، تبيين الحقائق :۲۹۲/۳، كتاب النكاح ، الفصل الخامس فيمن أحق بالولد والنكاح بغير ولي الخ ، مجمع الأنهر :۱۶۶/۲ ، كتاب الطلاق ، باب الحضانة ، الفتاوى الهندية :۵۴۱/۱، كتاب الطلاق ، الباب السادس عشر في الحضانة) (تجاویز برائے چوبیسواں فقہی سمینار، اسلامک فقہ اکیڈمی انڈیا، مؤرخہ:۱-۲، مارچ ۲۰۱۵ء مطابق :۹-۱۱، جمادی الاولیٰ ۱۴۳۶ھ، منعقدہ بمقام دارالعلوم الاسلامیہ اوچیرہ، کولم، کیرلا)=

ہو(۳)، جن صورتوں میں بچے کو تعلیمی، تربیتی، جسمانی یا نفسانی پہلو سے مضرت کا اندیشہ ہو، تو اُن صورتوں میں پرورش کے حق دار کا حقِ پرورش ساقط ہوجائے گا۔(۴)

الحجة على ما قلنا :

=(١) ما في " التنوير مع الدر والرد " : (والحاضنة) أما أو غيرها (أحق به) أي بالغلام حتى يستغني عن النساء وقدر بسبع وبه يفتى لأنه الغالب ، ولو اختلفا في سنه ، فإن أكل وشرب ولبس واستنجى وحده دفع إليه جبرا ، وإلا لا ، (والأم والجدة) لأم وأب (أحق بها) الصغيرة (حتى تحيض) أي تبلغ في ظاهر الرواية . (٥/٢٦٧، ٢٦٨، كتاب الطلاق ، باب الحضانة ، مطلب لو كانت الأخوة أو الأعمام غير مامونين لا تسلم الخ)

ما في " البحر الرائق " : قوله : (والأم والجدة أحق بالغلام حتى يستغني وقدر بسبع) لأنه إذا استغنى يحتاج إلى التأديب والتخلق بآداب الرجال وأخلاقهم والأب أقدر على التأديب والتعنيف ، وما ذكره المصنف من التقدير بسبع قول الخصاف اعتبارا للغالب لأن الظاهر أن الصغير إذا بلغ السبع يهتدي بنفسه إلى الأكل والشرب واللبس والاستنجاء وحده فلا حاجة إلى الحضانة . قوله : (وبها حتى تحيض) أي الأم والجدة أحق بالصغيرة حتى تحيض لأن بعد الاستغناء تحتاج إلى معرفة آداب النساء والمرأة على ذلك أقدر وبعد البلوغ تحتاج إلى التحصين والحفظ والأب فيه أقوى وأهدى ، وبه علم أنه لو قال حتى تبلغ لكان أولى .

(٤/٢٨٧، كتاب الطلاق ، باب الحضانة ، تبيين الحقائق :٣/٢٩٥، ٢٩٦، كتاب الطلاق ، باب الحضانة ، الفتاوى الولوالجية : ١/٣٨٣، كتاب النكاح ، الفصل الخامس فيمن أحق بالولد والنكاح بغير ولي الخ ، الفتاوى التاتارخانية :٣/١٨٧، كتاب الطلاق ، الفصل الثلاثون في حكم الولد عند افتراق الزوجين ، مجمع الأنهر :٢/١٦٨، ١٦٩، كتاب الطلاق ، باب الحضانة)

(٢) ما في " رد المحتار " : قال الرملي : ويشترط في الحاضنة أن تكون حرة بالغة عاقلة أمينة قادرة ، وأن تخلو من زوج أجنبي ، وكذا في الحاضن الذي سوى الشرط الأخير .

(٥/٢٥٣، كتاب الطلاق ، باب الحضانة ، مطلب شروط الحاضنة ، منحة الخالق على البحر الرائق :٤/٢٧٩، ٢٨٠، كتاب الطلاق ، باب الحضانة)=

کتاب الأيمان والنذور

قسم سے متعلق مسائل

تین مرتبہ قسم کھا کر توڑ دے تو کتنے کفارے لازم ہیں؟

مسئلہ (۱۴۲): اگر کسی آدمی نے تین مرتبہ قسم کھا کر ہر مرتبہ اس کو توڑ دیا، تو کفارہ کے سلسلے میں دو قول ہیں: پہلا قول یہ ہے کہ- ایک ہی کفارہ کافی ہے۔ دوسرا قول یہ ہے کہ- ایک کفارہ کافی نہیں، بلکہ تین کفارے لازم ہیں۔ دوسرا قول اَرجح واَشہر ہونے کے ساتھ اَحوط بھی ہے، اِس لیے اس پر عمل کرنا زیادہ بہتر ہے، البتہ دشواری کے وقت پہلے قول پر بھی عمل کرنے کی گنجائش ہوگی، لیکن اگر قسم ایک ہی مرتبہ کھائی ہے اور اس کے خلاف عمل تین بار کیا ہے، تو پھر بلا اختلاف ایک ہی کفارہ واجب ہوگا۔ (۱)

=(۳) ما في " تبيين الحقائق " : قال رحمه الله : (ومن نكحت غير محرمة سقط حقها) أي من تزوج ممن له حق الحضانة بغير محرم للصغير سقط حقها لما روينا ولأن زوج الأم يعطيه نزرا وينظر إليه شزرا فلا نظر في الدفع إليه . (۲۹۴/۳، كتاب الطلاق ، باب الحضانة ، مجمع الأنهر :۱۶۸/۲ ، كتاب الطلاق ، باب الحضانة ، الفتاوى التاتارخانية :۱۸۹/۳، كتاب الطلاق ، الفصل الثلاثون في حكم الولد عند افتراق الزوجين)

(۴) ما في " الفتاوى الهندية " : وكذا لو كانت سارقة أو مغنية أو نائحة فلا حق لها . كذا في النهر الفائق . (۵۴۱/۱ ، كتاب الطلاق ، الباب السادس عشر في الحضانة)

ما في " التنوير مع الدر والرد " : (تثبت للأم) النسبية (ولو) كتابية أو مجوسية أو (بعد الفرقة إلا أن تكون مرتدة) فحتى تسلم لأنها تجس (أو فاجرة) فجورا يضيع الولد به ، كزنا وغناء=

....

=وسرقة ونياحة كما في البحر والنهر بحثًا . (۵/۲۵۳ ، كتاب الطلاق ، باب الحضانة)
ما في " مجمع الأنهر " : ومن لا يؤمن على صبي وصبية ليس له حق الإمساك . تدبر .
(۱۷۱/۲ ، كتاب الطلاق ، باب الحضانة) (اسلامک فقہ اکیڈمی انڈیا)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الموسوعة الفقهية " : اختلف الفقهاء فيما يجب بالحِنث في الحلف بأيمان متعدِّدة على أمور شتّى نحو أن يقول : والله لا أدخل دارَ فلان والله لا أكلم فلانا ففعل ذلك كله على قولين : القول الأول : أنه يجب على الحالف لكل يمين كفارة ، وإليه ذهب الحنفية والمالكية والشافعية ، وهو ظاهر كلام الخِرَقي ، ورواية المَروزي عن أحمد ، والقول الثاني : أنه يجب على الحالف كفارة واحدة ، وبه قال أحمد في رواية ابن منصور ، قال القاضي : وهي الصحيحة ، وهو قول محمد من الحنفية .
(۳۵/۴۸ ، كفارة ، الحلف بأيمان متعددة على أمور شتى)
ما في " الدر المختار مع الشامية " : وفي البحر عن الخلاصة والتجريد : وتتعدد الكفارة لتعدد اليمين ، والمجلس والمجالس سواء . [در مختار] . وفي الشامية : قوله : (وتتعدد الكفارة لتعدد اليمين) وفي البغية : كفارات الأيمان إذا كثرت تداخلت ويخرج بالكفارة الواحدة عن عهدة الجميع . وقال شهاب الأئمة : هذا قول محمد . قال صاحب الأصل : هو المختار عندي . اهـ . مَقدَسي . ومثله في القهستاني عن المنية . (۵/۴۸۶ ، كتاب الأيمان ، مطلب تتعدد الكفارة لتعدد اليمين ، دار الكتب العلمية بيروت ، و۳/۷۱۴ ، دار الفكر بيروت)
ما في " البحر الرائق " : قال في الظهيرية : ولو قال : والله والرحمن والرحيم لا أفعل كذا ففعل ، ففي الروايات الظاهرة يلزمه ثلاث كفارات ، ويتعدد اليمين بتعدد الإسم لكن يشترط تخلّل حرف القسم ، وروى الحسن عن أبي حنيفة أن عليه كفارة واحدة ، وبه أخذ مشايخ سمرقند وأكثر المشايخ على ظاهر الرواية .... وفي التجريد عن أبي حنيفة : إذا حلف بأيمان فعليه لكل يمين كفارة ، والمجلس والمجالس سواء . (۴/۳۱۶ ، كتاب الأيمان ، دار الكتاب الإسلامي بيروت ، و۴/۴۸۹ ، ۴۹۰، دار الكتب العلمية بيروت)
(فتاویٰ دار العلوم دیوبند، رقم الفتویٰ:۲۷۲۵۵)

بکرا صدقہ کرنے کی نذر اور اس کا گوشت

مسئلہ (۱۴۳): اگر کوئی شخص بکرے کو متعین کیے بغیر مطلق بکرے کے صدقہ کرنے کی نذر ومنت مانے، تو اس پر پورے ایک سال کا بکرا صدقہ کرنا لازم ہوگا[۱]، اور اگر کسی متعین بکرے کی طرف اشارہ کرکے، اسے صدقہ کرنے کی نذر ومنت مانے، تو پھر اس بکرے کا ایک سال کا ہونا ضروری نہیں، وہ بکرا جس عمر کا بھی ہو، اسے صدقہ کرنے سے نذر ومنت پوری ہوجائے گی[۲]، نیز نذر ومنت مانے ہوئے بکرے کا گوشت، نذر ومنت ماننے والا شخص، اس کے گھر والے، اور مالدار لوگ نہیں کھا سکتے، بلکہ اس کا پورا گوشت، فقرا وغربا پر صدقہ کرنا لازم اور ضروری ہے۔[۳]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " بدائع الصنائع " : ولا يجوز فيهما إلا ما يجوز في الأضاحي ، وهو الثني من الإبل والبقر والجذع من الضأن إذا كان ضخمًا . (۳۴۲/۶ ، كتاب النذر ، فصل في شرائط ركن النذر)

(۲) ما في " الموسوعة الفقهية " : اتفق الفقهاء على أن نذر التضحية يوجبها سواء أكان الناذر غنيًا أم فقيرًا ، وهو إما أن يكون نذر المعينة نحو : للّٰه عليّ أن أضحي بهذه الشاة ، وإما أن يكون نذرا في الذمة لغير معينة لمضمونة ، كأن يقول : للّٰه علي أن أضحي ، أو يقول : للّٰه علي أن أضحي بشاة ، فمن نذر التضحية بمعينة لزمه التضحية بها في الوقت .

(۵/۷۸ ، ۷۹، أضحية ، الأضحية المنذورة) (فتاویٰ محمودیہ:۲۲۵/۲۰)

(۳) ما في " رد المحتار " : وهو مصرف أيضًا لصدقة الفطر والكفارة والنذر وغير ذلك من الصدقات الواجبة كما في القهستاني . (۲۸۳/۳، كتاب الزكاة ، باب المصرف)

ما في " تبيين الحقائق " : وإن وجبت بالنذر فليس لصاحبها أن يأكل منها شيئًا ولا أن يطعم=

بکرے کی بجائے اس کی قیمت کا صدقہ

مسئلہ (۱۴۴): اگر کوئی شخص بکرا صدقہ کرنے کی نیت کرے، پھر وہ بکرے کی بجائے اس کی قیمت یا اتنی مالیت کی کوئی دوسری چیز صدقہ کرنا چاہے، تو یہ بھی جائز اور درست ہے، موقع محل کے اعتبار سے جس امر کی زیادہ ضرورت محسوس ہو رہی ہو، اسے اختیار کرنا زیادہ اجر وثواب کا باعث ہے۔[۱]

=غيره من الأغنياء سواء كان الناذر غنيًا أو فقيرًا ، لأن سبيلها التصدق وليس للمتصدق أن يأكل من صدقته ولا أن يطعم الأغنياء . (۶/۴۸۶ ، كتاب الأضحية)

ما في " البحر الرائق " : لا يجوز الدفع إلى أبيه وجده وإن علا ولا إلى ولده وولد ولده وإن سفل ..... وهذا الحكم لا يختص الزكاة بل كل صدقة واجبة لا يجوز دفعها لهم كأحد الزوجين كالكفارات والنذور وصدقة الفطر فلا يجوز صرفها للغني لعموم قوله عليه السلام "لا تحل صدقة لغني" . (۲/۴۲۵ – ۴۲۷ ، كتاب الزكاة ، باب المصرف)

(آپ کے مسائل اوران کا حل: ۵/ ۲۰۸، جدید ایڈیشن)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " فتاوى قاضي خان " : رجل قال : إن نجوت من هذا الغم فللّٰه علي أن أتصدق بهذه الدراهم خبزًا ، ثم أراد أن يتصدق بالقيمة لا بالخبز جاز .

(۱/۱۲۹ ، كتاب الزكاة ، فصل في النذر)

